Library Promotion Bureau Yayınlarından Sayı : 3
Library Promotion Bureau Publication No : 3
سلسلۂ مطبوعات ''لائبریری پروموشن بیورو'' (۳)

تورکچه اوردوجه لغت

TÜRKÇE-URDUCA
LÛGAT

ترکی اردو لغت



R
PL
١٩٣
/ت١٢٥٥٢

بسم الله الرحمن الرحيم

★ ★ ★ ★ ★

"Library Promotion Bureau" Yayınlarından Sayı : (3)

TÜRKÇE - URDUCA
LÛGAT

تورکچه - اوردوجه
لغت

(20.000 kelimeliktir)

Hazırlayan
MUHAMMAD SABİR
Ph. D. (Türkoloji - İstanbul)

Karaçi Üniversitesi
Edebiyat Fakültesi
İslâm Tarihi ve Türk Dili Öğretmeni

URDU DEVELOPMENT BOARD'UN
İşbirliği ve Yardımı İle
"LIBRARY PROMOTION BUREAU"
tarafından neşredilmiştir

KARAÇİ
(GARBİ PAKİSTAN)
1968

سلسلۂ مطبوعات ''لائبریری پروموشن بیورو'' (۳)

ترکی - اردو
لغت

TÜRKÇE - URDUCA
LÛGAT

(۲۰ ہزار الفاظ پر مشتمل)

مرتبہ

محمد صابر

ایم - اے (تاریخ اسلام - کراچی)
پی ایچ - ڈی (ترکیات - استانبول)
استاد
تاریخ اسلام و زبان ترکی
کراچی یونیورسٹی

ترقی اردو بورڈ (کراچی)
کے
اشتراک و معاونت مالی سے
لائبریری پرو موشن بیورو (کراچی) نے شائع کیا
کراچی - مغربی پاکستان
۱۹۶۸

جملہ حقوق بحق مولف محفوظ (Her Hakkı Müellife Aittir)
(All Rights Reserved By The Author)

اشاعت بار اول (ایک ہزار).....ذی‌الحج ۱۳۸۷ھ/مارچ ۱۹۶۸ء
İlk Baskı (1.000).....Zilhicce 1387H./Mart 1968
First Published (1,000) .....March 1968

URDU DEVELOPMENT BOARD'UN
İşbirliği Ve Yardımı İle
"LIBRARY PROMOTION BUREAU"
(76/3, BIHAR COLONY, KARACHI-2)
TARAFINDAN NEŞREDİLMİŞTİR
Dizilip Basıldığı Yer
"ZEENAT PRESS", Frere Road Market, Frere Road, Karachi-2)

باشتراک و معاونت مالی ''ترقی اردو بورڈ،، (کراچی)
ناشر: ''لائبریری پروموشن بیورو'' (۳/۷۶، بہار کالونی، کراچی نمبر-۲)
طابع : ''زینت پریس'' (فرئیر روڈ مارکیٹ، فرئیر روڈ، کراچی نمبر-۲)

Published By
LIBRARY PROMOTION BUREAU
(76/3, BIHAR COLONY, KARACHI-2)
with the cooperation and kind help of
URDU DEVELOPMENT BOARD
PRINTED IN PAKISTAN
"ZEENAT PRESS", Frere Road Market,
Frere Road, Karachi-2

Library Promotion Bureau Publication No .3

ترکی - اردو
لغت

TÜRKÇE - URDUCA
LÛGAT
(TURKISH - URDU DICTIONARY)

(20,000 words)

BY

MUHAMMAD SABIR

Ph. D. (Turkish Philology-Istanbul)

Lecturer

Islamic History and Turkish Language
UNIVERSITY OF KARACHI

Published By
LIBRARY PROMOTION BUREAU
With
the cooperation and kind help of
URDU DEVELOPMENT BOARD KARACHI
Printed in Pakistan
AT
ZEENAT PRESS
KARACHI-PAKISTAN
1968

TÜRKÇE—URDUCA LÛGAT

ترکی اردو لغت

PAKİSTAN-HİNDİSTAN YARIMADASINDA

İLK OLARAK

Bir Pakistanlı Tarafından Hazırlanmış olan bu LÛGAT

İçin

Ankaradaki TÜRK DİL KURUMU'NUN
Türkçe Sözlüğünün Son Baskısı
Esas Olarak Alınmıştır.

یہ ''ترکی اردو لغت'' جسے ایک پاکستانی اہل علم نے مرتب کیا ہے اپنی نوعیت کی پہلی لغت ہے اور ''ترکی لسانی سوسائٹی'' (T.D.K) کی جانب سے شائع کردہ ''ترکی لغت'' کے تازہ ترین ایڈیشن پر مبنی ہے۔

This "Turkish - Urdu Dictionary" compiled by a Pakistani scholar is the first of its kind and is based on the latest edition of the "TÜRKÇE SÖZLÜK" (Turkish to Turkish Dictionary) published by the TÜRK DİL KURUMU (Turkish Language Society), Ankara.

İTHAF

Bu eserimi ilme ve ilim adamına
daima destek olan ve büyük varlığı
içinde müstesna bir tevazuya sahib :
SAYIN
DR. MÜMTAZ HASAN BEY'E
ithaf ederim.

انتساب

میں اپنی اس ناچیز تالیف

کو

جناب ممتاز حسن

ایل ایل ۔ ڈی، ستارۂ پاکستان کے

اسم گرامی سے عقیدت کے ساتھ منسوب کرتا ہوں جنکی ذات
اور کردار پاکستان میں علم اور اہل علم کیلئے مشعل راہ ہے ۔

محمد صابر

DEDICATED
TO
MUMTAZ HASAN, LL. D., S. Pk.
Whose
Eruditon And Patronage Of Arts And Literature Has Been
A Source Of Inspiration
To
The Writers Of The Present Generation Of Pakistan.
Muhammad Sabir

PREFACE

HIS EXCELLENCY MR. ŞİNASİ OREL
AMBASSADOR
OF
THE REPUBLIC OF TURKEY
IN
P A K I S T A N

"This dictionary which is a product of tremendous work and endeavour serves not only to fill a gap in this field but also marks the common aspects of two brotherly nations.

While congratulating the author, Dr. Muhammad Sabir for his painstaking job, I feel that this dictionary would be of great use to those who are keen to learn Turkish language".

Şinasi Orel

Rawalpindi
30 November 1967

TÜRK DİL KURUMU
GENEL YAZMANI
SAYIN ÖMER ASIM AKSOY BEY

"Karaçi Üniversitesine bağlı Türk Dili Çemiyeti adına Dr. Muhammad Sabir'in hazırlamakta olduğu "Türkçe-Urduca Lûgat"in bazı formaları örnek olarak bize gönderildi. Urdu dili türeyiş bakımından Hindistandaki Arya dillerinden olmakla beraber, Türklüğün ve Türk dilinin uzaktan gelen yankılarını da koynunda taşımaktadır. Timur soyundan Babür Şah XVI. yüzyıl başında Hindistan Türk İmparatorluğunu kurduğu zaman kendi ana dili olan Çağatay Türkçesini de beraberinde getirdi ve 'Anılar'ını (Baburnama) Türkçe olarak yazdı.

Dr. Muhammad Sabir'in Türkçe-Urduca sözlüğünü Pakistanın alt-tabakasından fışıkran bu anıların ışığı altında okuduk. Pakistan kültürünün kurucusu olan Babür Şahtan dört buçuk yüzyıl sonra, kardeş ve dost bir ulus Türk diliyle yeniden ilgilenmiş, onun öğrenimini üniversite programına almış, ve ilk olarak onun bir sözlüğünü hazırlamıştır. Karaçi Üniversitesini ve oradaki Türk Dili Cemiyetini bu başarıdan dolayı candan kutlar ve ona bu alanda daha birçok başarılar dileriz".

Ömer Asım Aksoy

Ankara
11 Aralık 1967

جناب سید حسام الدین صاحب راشدی

زبان یارمن !

کتاب حاضر - ترکی اردو لغت میرے فاضل دوست اور ترکیات کے پاکستانی ماہر جناب ڈاکٹر محمد صابر صاحب نے بڑی محنت ، تحقیق اور دلی لگاؤ کے ساتھ تیار کی ہے -

ترکی زبان خواہ ترک قوم ہمارے لئے نیا موضوع نہیں ، اس برصغیر میں مسلمانوں کی تمدنی ، تہذیبی ، لسانی اور فکری تشکیل جن عناصراربعہ سے ہوئی ہے ان میں ترک قوم اور ترکی زبان کا عنصر بہت غالب رہا ہے اور باہمی تعلق کا سلسلہ صدیوں کے اس نشیب و فراز میں کبھی نہیں ٹوٹا بلکہ زمانوں کے فاصلے طے کرتا ہوا برابر آجتک چلا آرہا ہے -

محمود غزنوی کا مغربی پاکستان پر تسلط ترکی النسل افراد کی دو سو برس تک برصغیر پر سلطانی ، مغلوں کے طویل دور حکومت میں ترک اور تورانی امراء کا نفوذ اور بالادستی ، مغلوں کا گہریلو تمدن اور ان کی خانگی زبان ، اور پھر اس بیسویں صدی کی ابتدائی چوتھائی - جو اس برصغیر میں مسلمانوں کی سیاسی اور فکری تشکیل کیلئے

اس نکتہ کو مدنظر رکھتے ہوئے اور زبان نہ جاننے کیوجہ سے، جو دو دلوں میں یہی ایک پردہ سا حائل ہے اسے اٹھا دینے کیلئے، میرے دوست ڈاکٹر محمد صابر کی یہ لغت، وقت کی صدا کی حیثیت رکھتی ہے اور وقت کی شدید ضرورت اور تقاضے کو سر انجام دینے کیطرف پہلا اور اہم قدم ہے۔

ڈاکٹر صاحب کے اس لغت کو نہ فقط اولیت کا شرف حاصل ہے بلکہ ان کا یہ عمل ہمیشہ زندہ اور پائندہ رہنے والا کارنامہ ہے مجھے یقین ہے کہ ڈاکٹر صابر صاحب کے اس لغت کے بعد کسی کو یہ کہنے کی بہت ہی کم گنجائش رہیگی کہ:

زبان یارمن ترکی ومن ترکی نمی دانم

سید حسام الدین راشدی

کراچی
۱۸ فروری ۱۹۶۸ء

نشاۃ ثانیہ کا درجہ اور مقام رکھتی ہے اس میں تحریک خلافت، خلافت وفد، طبی مشن، خلافت اخبار، الہلال، الوحید، ابوالکلام کے نوشتے، شوکت علی اور محمد علی کی جدوجہد، اجمل خان، ڈاکٹر انصاری، شیخ عبدالمجید، عبیداللہ سندھی، عبدالرحمن صدیقی اور شعیب قریشی کی شخصیتیں ان کا کام اور کردار، شبلی، جوہر، حسرت، ظفر علی خان اور ان کی شعر و شاعری، یہ سب اسی ایک ہی موضوع کے ابواب اور جدا جدا فصول ہیں۔

ہمارے جدید معاشرے کے ابتدائی خد و خال اور نقش و نگار میں اسی ترک قوم کے رنگ بھرے ہوئے نظر آتے ہیں مثلاً ترکی ٹوپی، کمال کیپ پر چاند تارا اور ترکی کوٹ جیسی چیزیں دس بیس سال پہلے تک ہماری جسمانی زیبائش اور ہماری مردانہ وجاہت کا سرو سامان رہی ہیں۔

تعلقات کی یہ پختگی تواتر اور تسلسل صرف زیب داستان یا ماضی کی ایک خوشگوار یادگار ہی نہیں ہیں بلکہ ایک جیتی جاگتی حقیقت ہیں اور اسی لئے آج بھی ترک قوم اور ملت پاکستانیہ زندگی کی تگ و دو میں شانہ بشانہ قدم زن ہیں اور دونوں کی منزل ایک ہی ہے۔

زمانے کی ضروریات اور تقاضوں نے ایک دوسرے سے فی زمانہ بھی ہمیں اس طرح ہم ملائے رکھا ہے کہ دونوں ملک جدا جدا مملکتیں نہیں بلکہ ایک دوسرے کیلئے صحن خانہ کی حیثیت رکھتے ہیں۔

حال کی ضروریات کے مدنظر جبکہ تعلقات اس طرح قریب اور مسائل اس حد تک یکساں ہوں زیادہ ہمرنگی اور مزید یگانگت پیدا کرنے کیلئے ایک دوسرے کی زبان میں درک رکھنا اور اس کا جاننا بھی از بس ضروری ہوجاتا ہے۔

جناب پروفیسر ڈکٹر ابواللیث صدیقی

صدر شعبہ اردو ، کراچی یونیورسٹی

ترک قوم اور ترکی زبان کا ہماری تاریخ اور تہذیبی روایات سے بہت قدیم اور گہرا رشتہ ہے جس کی ایک معمولی مثال یہ ہے کہ ہماری زبان کا اردو نام ہی ترکی الاصل ہے - اردو اور ترکی زبان کے مطالعہ سے اندازہ ہوتا ہے کہ دونوں میں مشترک عناصر بکثرت ہیں- ان عناصر کا عمل اور نفوذ صرف چند مستعار یا دخیل الفاظ تک محدود نہیں جو دونوں زبانوں میں مشترک ہیں اگرچہ یہ دو زبانیں اپنی لسانی ساخت کے اعتبار سے دو مختلف خاندانوں کی زبانیں ہیں - اردو آریائی نسل کی ترکیبی (Amalgamative) ساخت کی زبان ہے اور ترکی تخلیطی (Agglutinative) قسم کی زبان ہے ان دونوں کی ساخت میں بھی بعض مشترک عناصر موجود ہیں اور یہ عناصر بیشتر عربی یا فارسی ماخذات سے داخل ہوئے - اس سے یہ آسانی یہ اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ عربی اور فارسی نے جس طرح اردو کی علمی اور ادبی ترقی میں حصہ لیا ہے اسی طرح ترکی کے علمی اور ادبی ذخیرے میں بھی عناصر کی کارفرمائی موجود ہے ، زبان اور ادب سے ہی قوموں کے مزاج اور ان کے میلانات کا اندازہ ہوتا ہے - اگر یہ معیار درست ہے تو اردو اور ترکی کے قومی، لسانی اور ادبی مزاج میں بڑی ہم آہنگی پائی جاتی ہے -

برصغیر ہند و پاکستان میں ایک عرصہ تک ترکی نژاد مسلمانوں کی حکومت رہی اور مغلوں کے دور آخر تک ایسے گھرانے موجود تھے

آقای پروفسور دکتور علی نهاد تارلان

رئیس قسمت [redacted] در دانشگاه استانبول

''جناب آقای محمد صابر یکی از دوستان من است - سالها قبل باوی در دانشکدهٔ ادبیات استانبول پیدای معارفه کردم و کوششهای خستگی نا پذیر آن جوان عزیز را از نزدیک تعقیب نمودم -

با آنکه جوان بود همه اوقات خود را فقط بمساعی علمی موقوف داشته در مدتی کوتاه بدقایق زبان و ادبیات ترکی خاصه بلهجهٔ شرقی این زبان نفوذ کرده است -

اخیراً ''ترکی آردو لغت'' که اثر نوین آن دانشمند گرامی است بدستم رسید و مایهٔ خوشوقتی من گردیده است - این چند سطر را برای اظهار داشتن سعادتمندی خود می نگارم -

''ترکی آردو لغت'' نتیجهٔ اقدام شایسته و بایسته است که روابط فرهنگی بین دو ملت برادر تائید و تشیید خواهد نمود -

این اثر گرانبها برای کسانی که می خواهند بزبان اردو آشنا باشند بسیار سود مند خواهد گشت -

محمد صابر را از ته دل تبریک می گویم و از خدای متعال مسئلت دارم تا بتألیف بسیار چنین آثار برا ارزان موفق باشد'' -

علی نهاد تارلان

استانبول

۴ - ۱۲ - ۱۹۶۷ء

زبان ، اس کی تاریخ اور ادبیات کا مطالعہ کیا ہے اور اپنے مطالعے اور تحقیق کے سلسلے کو جاری رکھا ہے - یہ کام انہوں نے بڑی محنت ، خلوص اور سلیقے سے انجام دیا ہے اور مجھے امید ہے کہ ان کی سعی مشکور ہوگی اور پاکستان ترکی دوستی کے خواہاں حضرات عام طور پر اور علمی اور ادبی حلقے خاص طور پر ان کی محنت کی داد دینگے خدا کرے ڈاکٹر صابر کا علمی شوق ان نوجوانوں کے لئے تحریک کا باعث ہو جو علمی کاموں کی بجائے سستی شہرت اور مالی منفعت کی خاطر علم کی تجارت کرتے ہیں اور صرف نعروں پر زندہ رہنا چاہتے ہیں - قوموں کو عمل کی ضرورت ہوتی ہے اور قومی سر بلندی کا دارو مدار اس کے علماء اور ارباب فکرو نظر کے قول و فعل پر ہوتا ہے''-

ابو اللیث صدیقی

کراچی
۲۰ دسمبر ۱۹۶۷

جن میں ترکی مادری زبان تھی، انیسویں صدی میں اردو کے زندہ دل شاعر اور زبان داں سعادت یار خان رنگین نے اپنے صاحبزادے کی فرمائش پر اُن کی تعلیم کے لئے ترکی اردو کا ایک منظوم لغت تالیف کیا تھا، اس کے دیباچہ میں انہوں نے لکھا ہے کہ ترکی ان کے گھر میں بولی جاتی ہے - اس سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ ایسے اور بھی گھرانے ہونگے جن سے ترکی زبان اور ترکوں کی روایات اس خطہ کی تہذیبی زندگی میں شامل تھیں-

برصغیر ہند و پاکستان کے مسلمانوں کے تہذیبی اور مذہبی روابط صرف ماضی کی تاریخ کا حصہ نہیں - ہماری یادوں میں بار بار ایسے مواقع آئے ہیں جب اس خطے کے مسلمانوں نے ترکوں سے اپنی محبت اور اخوت کا عملی طور پر اظہار کیا ہے- مولانا ظفر علی خان ، مولانا حسرت موہانی اور علامہ اقبال کے کلام میں ان کی جھلکیاں موجود ہیں - ڈاکٹر انصاری کا مشن بھی ابھی تک یاد ہے اور اگرچہ اس مشن کے اکثر اراکین اب انتقال کرچکے ہیں لیکن ان میں بعض اب بھی زندہ ہیں اور تجدید محبت کے سلسلے کی ایک کڑی ہیں قیام پاکستان کے بعد فطری طور پر پاکستانی مسلمانوں نے اپنے دوسرے مسلمان بھائیوں سے اپنے تعلقات کو اور استوار کرنے کی جو کوشش کی اس میں ترکی بھی شامل ہے اور پچھلے چند سال سے علاقائی تعاون کے معاہدہ کے تحت پاکستان ، ترکی اور ہماری ہمسایہ اسلامی مملکت ایران کے اتحاد اور اخوت میں اضافے کے ایک نئے دور کا آغاز ہوا ہے - امید ہے کہ یہ روابطہ ان ملکوں کی خوش حالی معاشی فروغ اور جذبات کی فراوانی کا باعث ہونگے-

ترکی اردو لغت کی تدوین کو بھی اس سلسلے کی ایک کڑی سمجھنا چاہئے جسے کراچی یونیورسٹی کے شعبۂ تاریخ اسلامی کے لائق استاد ڈاکٹر محمد صابر نے مدون کیا ہے - ڈاکٹر محمد صابر بجا طور پر اس کے اہل تھے کہ انہوں نے ترکی میں رہ کر ترکی

İSTANBUL ÜNİVERSİTESİNDE
Umumî Türk Tarihi Kürsüsü Başkanı
Ve İslâm Araştırmaları Enstitüsü Müdürü
SAYIN PROF. DR. ZEKİ VELİDİ TOGAN BEY

"Bu eserin müellifi olan Muhammed Sabir İstanbul Üniversitesinde Türk Dili ve Edebiyatı üzerinde çalışarak doktor derecesini muvaffakıyetle elde etmiş ve vatanına dönüp bu sahada mesaisine başlamış olan ilk Pakistanlı âlimdir. Şimdi o, Türkleri Pakistanlı kardeşlerimize tanıtarak neşrettiği "Türkâni Osmanî" (Osmanlı Türk Tarihi) kitabında başka bir de hemşehrilerine Türkçeyi ve Türklere Urducayı öğretmek maksadı ile bu "Türkçe-Urduca Lûgat'i de tertip ederek bunu, yeni harflerle Türkiyede kullanılan imlâya uygun dikkatla yazıp Urduca karşılıkları ile birlikte neşr-etmektedir. Bu müellifin iki eserini ve diğer yazı ve maklalerini görünce biz kendimzde büyük memuniyet duyuyoruz. Bundan sonra neşredeceği eserleri hakkında bize anlattıklarına göre bu genç âlimin Türkiye ve Pakistan Müslümanları arasında kültür ve diğer sahalarda işbirliğinin gelişmesinde büyük hizmetler göstereceği malûm olmaktadır. Allah ona sıhhat, âfiyet versin ve maniasız çalışmaları nasib etsin. Doktor Muhammed Sabir memleketimiz ilim muhitine katılarak layikiyle istifade etmiş ve memleketine dönerek milletinin ilim muhitinde müsbet mesai sahasına girmiş olan ilk âlimdir. Şayet bunun emsalî çoğalır, Pakistanlılar Türkiyeye ve Türkiyeliler Pakitstana gelerek beraberce tahsil edip bu sahada işbirliğini genişletecek olurlarsa bunun büyuk müsbet neticeler vereceği aşikârdır."

Zeki Velidi Togan

Karaçi Üniversitesi
Karaçi-Pakistan
21 Şubat 1968

پروفیسر ڈاکٹر محمد حمیداللہ صاحب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

''قرآن مجید میں اللہ نے فرمایا ہے ''واختلاف السنتکم و الوانکم ان فی ذالک لایات (انسانوں میں زبانوں اور رنگوں کا فرق خدا کے وجود کو ماننے کی دلیلیں مہیا کرتا ہے)

کسی کام کی تکمیل کیلئے اولا اس کا آغاز ناگزیر ہے۔ لغت نویسی خاص کر ایک ختم نہ ہونے والا سفر ہے کیونکہ زبانیں بدلتی رہتی ہیں: کچھ پرانے الفاظ ترک کردئے جاتے ہیں، کچھ نئے استعمال ہونے لگتے ہیں اور بعض کا مفہوم بدل جاتا ہے۔

اجنبی زبانوں کی لغتوں کے بارے میں اردو بہت پسماندہ ہے۔ ضرورت ہے کہ نئی نسل اپنے اسلاف کی اس کوتاہی کی جلد سے جلد تلافی کرے کیونکہ علم و حکمت کسی ایک قوم کی اجارہ داری نہیں وہ خدا کی دین ہیں جو ہر کسی کو عطا ہوتے رہتے ہیں ''الحکمتہ ضالۃ المؤمن اینما و جدھا اخذھا'' کی حدیث شریف کے مطابق عقلمند وہ ہے جو بغیر کسی تعصب کے اچھی چیز جہاں بھی ملے لے لیتا ہے اس سلسلے میں غیر زبانوں کی واقفیت کا واحد ذریعہ لغتیں ہیں۔ ''ترکی اردو'' کے ساتھ ساتھ ''اردو ترکی'' لغت کی ضرورت ہوگی۔

کتاب تھی ھی نہیں) دنیا کی زرخیز ترین زبان بن گئی۔ جب مترادفات قبائلی محاوروں میں مل گئے تو اصلاح سازی وغیرہ کے لئے اجنبی الفاظ کے لینے کی گویا اسے ضرورت ھی نہ رھی۔ جویائے علم افراد کی خواھش و تمنا تو یہ ھوگی کہ دنیا میں صرف ایک زبان رھے تاکہ اجنبی زبانوں کے سیکھنے کے بار سے نجات ملے لیکن جب تک ایسا نہ ھو، ضرورت رھیگی کہ اجنبی زبانوں کی لغت تیار کی جاتی رھیں خاص کر ان ملکوں کی زبانیں جو ھم مذھب و ھم مفاد ھیں۔ اختلاف کے باوجود اتحاد اس کے بغیر ممکن نہیں"۔

محمد حمید اللہ

پاریس
یکم رمضان ۱۳۸۷

یہ آغاز قابل مبارکباد ھے۔ نقش اول میں خامیاں رھینگی۔ صحیح اور وزوں مترادف لفظ بعض وقت فوراً ذھن میں نہیں آتے۔ اولا الفاظ کا مجموعہ لینا ھوگا۔ پھر جامع ترلغت میں محاورات بھی داخل کرنے ھونگے کیونکہ اکثر محاورے محض لفظ سے سمجھ مین نہیں آتے۔ الفاظ کا ماخذ اور ابتدائی مفہوم یعنی ان کا نسب نامہ بھی اچھی لغتوں میں ناگزیر ھونے لگا ھے۔ یہ اور ایسی دیگر سہولت بخش چیزیں رفتہ رفتہ ھی آسکتی ھیں جبکہ ملک میں کام کی قدر ھو اور کتاب کے نئے اڈیشن نکالنے پڑیں۔ جیسی لغت چاھے ایک آدمی مرتب کرڈالے، جامع لغت کی تیاری علماء کی پوری جماعت کے بغیر ھو نہیں سکتی۔ خاصکر ترکی زبان کے لئے جو آج کل تیزی سے بدل رھی ھے۔

لغت نویسی مسلمانوں میں بہت قدیم ھے فلسفہ، لغت کے سلسلے میں یہ یاد دلانا بے محل نہ ھوگا کہ اسلام نے جب اسی عربوں کو دینی راہ کے ساتھ ساتھ علمی راہ پر بھی لگایا (اور سب سے پہلے وحی، سورہ اقراء میں پڑھنے کے حکم اور قلم کی تعریف میں آئی) تو نظر آیا کہ دنیا کی ھر زبان کی طرح عربوں میں بھی علاقہ وار اور قبیلہ وار لسانی فرق ھے۔ حضرت ابوھریرہ یمنی فرماتے ھیں کہ "چھری کو ھم مدیۃ کہتے تھے۔ یہ کہ اسے سکین بھی کہتے ھیں، یہ میں نے پہلی دفعہ رسول اللہ کی زبان سے سنا اور پوچھنا پڑا کہ حضور کی اس سے کیا مراد ھے"۔ عرب اھل علم نے سارے قبائل کے الفاظ اپنی لغتوں میں جمع کئے، اور وہ تعصب نہ کیا جو آج کل اردو میں بعض تنگ نظر لوگ مثلاً گنگا جمنی دوآبے کے سوا ھر علاقے کے محاوروں لفظوں کے متعلق برتتے ھیں۔ نتیجہ یہ ھوا کہ صرف سو دوسو برس کی جمع کاری سے عربی جیسی بے مایہ زبان (کہ قرآن سے پہلے اس میں کوئی تحریری

مندرجات

İÇİNDEKİLER

(۱) عرض حال ، اشارات ، مقدمہ (ترکی زبان کی اہمیت)

(۲) Urdu dili nedir? (اردو زبان و رسم‌الخط کا ترکی میں تعارف)

(۳) مختلف ترکی رسم‌الخط ، عثمانی حروف تہجی و رسم‌الخط ،

(۴) İstiklâl Marşı (عربی و لاطینی حروف میں ترکوں کا قومی ترانہ معہ اردو ترجمہ)

(۵) جدید ترکی زبان و رسم‌الخط ، ترکی زبانوں کا شجرہ ، ہم‌آہنگیٔ حروف علت ،

(۶) جدید ترکی حروف تہجی اور حروف علت کی تقسیم

(۷) ترکی اردو لغت (۱ تا ۶۰۷)، ضمیمہ (لغات)

(۸) براعظم اور سمندر ، ممالک و اہم علاقے ، ترکی صوبے ، موسم ، برجوں کے نام ، سرکاری تعطیل ، موجودہ دینی ایام و تہوار ، تقویم عثمانی، عربی و ترکی مہینے ، ایام ہفتہ ، اختصارات ، بعض آوازیں ، زبانیں ، اعداد ،

(۹) Bizde Yazılan Türkçe Kitaplar (برصغیر میں ترکی پر کام)

(۱۰) پاکستان میں ترکی کی تعلیم (Pakistanda Türkçe)

(۱۱) کتابیات —

جناب پروفیسر ڈاکٹر ریاض‌الاسلام

شعبہ تاریخ عمومی، کراچی یونیورسٹی

"ڈاکٹر محمد صابر کی مرتبہ "ترکی اردو لغت" اردو کے لغاتی ادب میں اپنی نوعیت کی پہلی کتاب ہے - مرتب نے اس لغت کے لئے الفاظ کے انتخاب میں دو باتیں سامنے رکھی ہیں اول تو لغت میں تمام ایسے الفاظ شامل کئے ہیں جو بنیادی اہمیت رکھتے ہیں اور جن کا جاننا ترکی سیکھنے کے لئے ضروری ہے - دوسرے ایسے ترکی الفاظ کو بطور خاص شامل کیا گیا ہے جو ایک ہی شکل میں یا کسی قدر بدلی ہوئی شکل میں ترکی اور اردو دونوں میں موجود ہیں - اس طرح یہ لغت جتنی مفید ہے اتنی ہی دلچسپ بھی ہے - امید کی جاتی ہے کہ پاکستان میں ترکی زبان کے علم کو رواج دینے میں اور اس طرح پاکستان اور جمہوریۂ ترکیہ کے درمیان باہمی مفاہمت بڑھانے میں یہ لغت نہایت مفید ثابت ہوگی - ڈاکٹر محمد صابر کی کتاب ہمارے لغاتی ادب میں ایک بیش بہا اضافہ ہے" -

ریاض الاسلام

کراچی

۵ دسمبر ۱۹۶۷

TEŞEKKÜR

Bu lûgatin hazırlanmasında her türlü kıymetli meşveret ve yardımlarını esirgemeyen

Sayın :

Sadi Eldem Beyefendi
Şinasi Orel Beyefendi
Prof. Dr. Ali Nihat Tarlan
Prof. Dr. Ahmet Caferoğlu
Prof. Dr. Zeki Velidi Togan
Ömer Asım Aksoy
Dr. Salih Özcan
İsmet Durdağ
Prof. Dr. Muhammad Hamid Ullah
Prof. Dr. Abu Lais Sıddîkî
Prof. Dr. Riazul İslâm
Ali Muhsin Sıddîkî
Şânul Hak Hakkî
Âdil Usmânî
Ganiyül-Ekrem Beyefendilere
sonsuz teşekkür ve hörmetlerimi sunarım.

Ayrıca :

Bu eserde büyük gayretleri ve yardımları olan

Sayın :

Seyyed Pîr Hüsâmuddin Râşidî Beyefendiye ve Türk Dil Kurumu İdâre Heyetine şahsî teşekkürlerimi bildirmeyi borç bilirim.

Muhammad Sâbir

Not : Bütün gayretlere rağmen önüne geçilemeyen hatalarımız için okurlarımızın affını rica ederim.

عرض حال

میں عرصہ سے ایک مستند ترکی اردو لغت ترتیب دینے کی فکر میں تھا اس سلسلے میں جدید ترکی زبان کے ماہرین سے ملا اور خصوصاً ۱۹۵۹ء میں استانبول میں عصمت پاشا (مشہور لیڈر عصمت انونو) سے بھی ملاقات کی کیونکہ عربی رسم الخط کی جگہ لاطینی رسم الخط کی بنیاد پر ایک اصلاح شدہ ترکی رسم الخط ایجاد کرنے کا سہرا مارشل مصطفیٰ کمال کے علاوہ ان کے بھی سر ہے چونکہ میں استانبول میں ترکی لسانیات کا طالبعلم تھا اس لئے عصمت پاشا نے بڑی شفقت سے مجھ سے گفتگو کی اور جدید ترکی زبان کے رسم الخط میں انقلاب کے بابت بعض اہم باتیں بتائیں ۔ میں نے یہ فیصلہ پاکستان واپس جانے کے بعد کیا کہ مجھے اردو و ترکی زبان کی خدمت کرنی چاہیئے چنانچہ جب میں کراچی آیا تو ترکی کے سلسلے میں جناب ڈاکٹر اشتیاق حسین صاحب قریشی (ستارۂ پاکستان) کے سامنے یہ تجویز رکھی کہ ترکی زبانوں کی اہمیت کے پیش نظر اناطولی ترکی کی تدریس کی غرض سے ایک کورس جاری کیا جائے ڈاکٹر صاحب نے فوراً ہی ضروری کارروائیاں مکمل کر کے کراچی یونیورسٹی میں ۱۹۶۳ء میں جدید ترکی زبان کی تعلیم کا انتظام کرادیا اس کے علاوہ ایک چھوٹے سے کتب خانہ اور وسط ایشیا کی ثقافت پر تحقیق کیلئے ایک چھوٹے سے ادارہ کا قیام بھی میرے پیش نظر تھا ۔

علمی و ادبی کتابوں کی فراہمی کے سلسلے میں میں نے عصمت پاشا سے درخواست کی جو اسوقت وزیر اعظم تھے انہوں نے ہر قسم کی کتابیں

(اسلامک ریسرچ انسٹی ٹیوٹ) ڈاکٹر سبزواری (اردو ترقی بورڈ کراچی) حامد علی صاحب (دکن) ، ڈاکٹر حمیداللہ صاحب (پیرس) شریف الحسن صاحب (سابق پریس اتاشی ، سفارت پاکستان درانقرہ) ڈاکٹر ابواللیث صدیقی ، ڈاکٹر ریاض الاسلام، ڈاکٹر ریاض الحسن ، جناب یعقوب داداشی صاحب اور جناب سید پیر حسام الدین راشدی صاحب کی متفقہ رائے ہے کہ اس موضوع پر کام نہیں ہوا ہے چنانچہ ان حضرات کے مشوروں اور خاصکر ڈاکٹر ابواللیث صاحب کی ہدایت کے بموجب میں نے تمام ترکی ماہرین کی رائے حاصل کرنے کے بعد کام کا آغاز کیا ۔

اس لغت میں اردو کے سلسلے میں میرے رفیق جناب علی محسن صدیقی (استاد شعبۂ تاریخ اسلامی، کراچی یونیورسٹی) نے سب سے زیادہ مدد کی ہے جسے میں فراموش نہیں کرسکتا ۔ زینت پریس کے مالک جناب محمد صادق خاں صاحب کا خاص طور سے مشکور ہوں جنہوں نے اس کتاب کی طباعت میں بڑی مستعدی کا ثبوت دیا ۔ انکی دلچسپی کے بغیر اس کا جلد چھپنا ناممکن تھا ۔

بعض اسباب کی بناء پر میں نے طباعت کے وقت تقریباً پندرہ ہزار الفاظ کو اس لغت سے خارج کردیا تھا کیونکہ طباعت اپنی طوالت کی وجہ سے ناممکن نظر آرہی تھی جب پیر حسام الدین راشدی صاحب کو اسکی خبر ہوگئی تو میری اس حرکت پر بہت خفا ہوئے اور دوبارہ ان الفاظ کو داخل کرنے پر زور دیا مشورہ کے علاوہ مکمل معنوی و مادی حمایت کیلئے آمادہ ہوگئے اور یہ محض اس پیر کی کرامت ہے کہ میں یہ لغت اپنے ہموطنوں کے سامنے پیش کررہا ہوں ۔ اس سلسلے میں جناب شان الحق حقی، عادل عثمانی صاحب (ڈپٹی لائبریرین کراچی یونیورسٹی) اور غنی الاکرم (استاد لائبریری سائنس، کراچی یونیورسٹی) کا شکریہ ادا کرتا ہوں فراہم کرنے کا وعدہ کیا اور اسی شخص کی دلچسپی اور ڈاکٹر قریشی صاحب کی عنایات کا نتیجہ یہ ہے کہ آج پاکستان میں سب سے زیادہ اور عمدہ ترکی کتابیں کراچی یونیورسٹی لائبریری میں موجود ہیں ۔

سابق ترکی سفیر جناب سعدی الدم (SADİ ELDEM) صاحب نے مجھ سے سب سے پہلے اس قسم کے لغت پر کام کرنے کو کہا اور میں نے ۱۹۶۴ سے اس پر کام کرنا شروع کردیا ہرموقع پر ڈاکٹر ابواللیث صاحب مدد فرماتے رہے تکمیل کے بعد ۱۹۶۷ کے آخر میں میں نے خادم علم و فن جناب ممتاز حسن صاحب کے نام معنون کر دیا تھا ۔

افسوس کہ اردو زبان میں کوئی ایک بھی اناطولی ترکی لغت موجود نہیں ہے اور خاصکر ترکی انقلاب کے بعد سے تو اس پر اس علاقے میں کوئی کام ہی نہیں ہوا بعض ترکی جاننے والے لوگ ایک زمانہ میں موجود تھے مثلاً مرحوم سجاد حیدر یلدرم (Yıldırım) اور نیاز فتحپوری۔ موخرالذکر نے کئی ملاقاتوں کے دوران مجھے بتایا کہ اب وہ ترکی بالکل بھول چکے ہیں ۔ ۱۹۵۷ میں ایک ترک لیڈر کے ساتھ جناب چودھری خلیق الزماں سے ملنے کا اتفاق ہوا جو بڑی روانی سے ترکی بول رہے تھے مولانا اشرف ندوی کا بھی اچھی ترکی جاننے والوں میں شمار ہوتا ہے ان لوگوں سے بہتر اس عمر کے کسی شخص کو کم از کم میں نے ترکی بولتے نہیں سنا گو ترکی زبان جاننے والے موجود رہے ہیں مگر کسی منصوبہ کے تحت کوئی علمی کام نہیں ہوا اس لئے میں نے فیصلہ کیا کہ اس کام کا آغاز کروں ۔ مولنا عبدالماجد دریابادی (مدیر صدق جدید لکھنئو) ڈاکٹر اکمل ایوبی (علی گڑھ) پروفیسر ڈاکٹر صغیر حسن معصومی

نوٹ :—

Bu lûgat Türkiye Büyükelçisi Sadi Eldem Beyefendi'nin teşvikiyle yazılmıştır.

اشارات

(۱) یہ لغت کسی لغت کا غیر زبان سے ترجمہ نہیں ہے اور ایک مختلف مقصد کے تحت لکھی گئی ہے اس کی تیاری میں تمام اہم لغات کو پیش نظر رکھا گیا ہے اور املا کے سلسلے میں ''ترکی - ترکی لغت'' کو بنیاد قرار دیا گیا ہے۔

(۲) ترکی زبان سے تقریباً بیس ہزار عربی فارسی الفاظ زبان بدر ہوچکے ہیں اور اسوقت ترکوں کے بیان کے مطابق ملک میں لسانی بحران پیدا ہوچکا ہے ۱۹۵۰ سے قبل ترکی مجلس کے فیصلے کے مطابق بہت سے عربی فارسی الفاظ کی جگہ ترکی الفاظ کا استعمال ضروری قرار پایا ۱۹۵۰ کے بعد جب ڈیموکراٹیک پارٹی برسراقتدار آئی تو اس کے بانیوں میں سے مرحوم پروفیسر محمد فواد کپرولو (سابق وزیر خارجہ) نے قومی مجلس میں ایک قانون پاس کراکر اتاترک کے زمانہ کے دستور میں مستعمل عربی فارسی الفاظ کو دوبارہ داخل کرادیا اور تمام ترکی الفاظ کو خارج کردیا - ملک میں دوگروہ پیدا ہوگئے ایک خالص ترکی اور دوسرا معتدل قسم کی ترکی کا طرفدار ہوگیا اسی دوران ۱۹۶۰ء میں انقلاب آیا اور مندرس حکومت کے خاتمہ کے بعد جو دستور بنا اس میں عربی فارسی کی جگہ پھر سے ترکی الفاظ داخل کردئے گئے یہ سلسلہ آجتک جاری ہے میں نے بریکٹ میں وہ الفاظ دیدئے ہیں جو آج بھی کسی نہ کسی شکل میں موجود ہیں اور ان سے واقف ہونا ضروری ہے دونوں گروہ اپنے اخباروں اور رسالوں میں اپنی خاص قسم کی زبان استعمال کرتے ہیں میں نے نہایت ہی غیر جانبداری برتی اور دونوں ہی قسم کے الفاظ اس لغت میں شامل کردئے ہیں

جنہوں نے ہرمرحلہ پر مجھ سے تعاون کیا ان کے علاوہ میں ان تمام لوگوں کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے کسی نہ کسی شکل میں لغت کی تیاری میں میرے ساتھ تعاون کیا۔

میرے ترکی دوست میجر عثمان فیض‌اوغلو (Bnb. Osman Feyzoğlu) نے جدید ترکی زبان کے متعلق بہت سی معلومات بہم پہونچائیں۔ اس کے علاوہ ایڈوکیٹ تولای خانم (Tülây Melek) نے بہت سی کتب مہیا کیں ان دونوں کا میں تہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں۔

محمد صابر

۳ ذی‌الحجہ ۱۳۸۷ (۳ مارچ ۱۹۶۸ء)

سی - ۲۶

کراچی یونیورسٹی کیمپس، کراچی نمبر - ۳۲

—:o:—

میں موجود ترکی الفاظ کے املا و تلفظ سے کافی مختلف ہیں اس سے یہ شبہات پیدا ہوسکتے ہیں کہ صحیح تلفظ یہی ہے اور اردو میں غلطاستعمال ہوتا ہے مگر ایسا نہیں ہے بات یہ ہے کہ عثمانی ترکی (مغربی) اور چاغاتای (مشرقی ترکی) کا املا اور تلفظ بہت سے الفاظ میں مختلف ہیں مثلا :-

عثمانی املا	جدید ترکی املا	چغتائی املا	تلفظ
یاپمق	yapmak(کرنا)	یاپماق	yapmaq(۱)
بیلمک	bilmek (جاننا)	بیلمک بیلماک	bilmek
آتلر	atlar (گھوڑے)	آتلار	atlar
کوزلر	gözler (آنکھیں)	کوزلار	közler
کیتدی	gitti (وہ گیا)	کیتتی	kitti
صو	(su) پانی	سو	su
طوتمق	tutmak (پکڑنا)	توتماق	tutmaq
یکی	(yeni) (نیا)	ینگی	yengi
طوپچی	(topçu) (توپچی)	توپچی	topçı
طاغ	dağ (پہاڑ)	تاغ	tagh(۲)

اردو میں چونکہ یہ الفاظ مشرقی ترکی سے داخل ہوئے ہیں اس لئے ہمارا املا اور تلفظ یقیناً اناطولیہ کی ترکی سے مختلف ہوگا - مثلاً بیگم کا لفظ ہماری زبان میں خانم/صاحبہ/بیوی کے معنوں میں مستعمل ہے لیکن جدید ترکی میں میرے شوہر اور میرے جناب کے معنی میں مستعمل ہے اور اس کا قدیم اناطولی املا بیگوم، بیگم، بگوم، بگم اور تلفظ Begüm اور Begim تھا جو ایک خاص تبدیلی کے بعد Beğüm

(۱) q — ق ، gh(۲) — غ

(۳) جدید ترکی ایک صوتیاتی زبان ہے اور اس میں ہر حرف کی آواز جدا اور مستقل ہے اور یورپ کی بہت سی زبانوں پر اس سلسلے میں اسے فوقیت حاصل ہے اس لئے مستند ترکی انگریزی یا ترکی سے کسی زبان کی لغت میں تلفظ کے اظہار کا عام قاعدہ نہیں ہے اس کے علاوہ اردو رسم‌الخط میں تمام ترکی علامات بھی نہیں ہیں اور اگر عربی فارسی الفاظ کا املا موجودہ ترکی تلفظ کے مطابق اردو میں لکھا جائے تو لوگ اعتراض کرینگے اور اس طریقہ سے عربی فارسی الفاظ کے املا میں بڑی تبدیلی واقع ہوجائیگی - مثلا عالم (âlim) کا تلفظ آلم، غالب (galip) کا گالپ، محمد (Mehmet) کا مہمت اور قاضی (Kadı) کا تلفظ کادی ہوگا اس لئے اس لغت میں آلم اور گالپ لہیں لکھا گیا ہے کہ اس سے ان الفاظ کی اردو رسم‌الخط میں ہئیت تبدیل ہو جائے گی - ترکی رسم‌الخط کو ایک مرتبہ سمجھ لینے کے بعد ان حروف کے تلفظ میں دشواری نہیں رہے گی - یہاں ہم یہ بات بھی واضح کردینا چاہتے ہیں کہ ہمارا ہر گز یہ دعویٰ نہیں ہے اس لغت سے تین ماہ میں لوگ ترکی سیکھ جائیں گے - دراصل یہ لغت ان ترکی کے طالب علموں کیلئے تحریر کی گئی ہے جو پاکستان کی مختلف یونیورسٹیوں میں ترکی زبان سیکھ رہے ہیں اور بعد میں کوئی علمی کام کرنا چاہتے ہیں -

(۴) اس میں تمام الفاظ کے بجائے صرف ان ترکی الفاظ کی وضاحت کردی گئی ہے جنہیں تاریخی یالسانیاتی اعتبار سے ہمیں جاننے کی ضرورت ہے اور اس لئے اس میں تقریباً ان تمام ترکی الفاظ کو شامل کیا گیا ہے جو اردو زبان میں مستعمل ہیں یا ہماری تاریخی کتب میں مذکور ہیں جیسے قوپاش، آلتونیہ، ایلتتمش، تارخان ،ارغون، بارلاس، تیمور، تغلق، قباچہ، اردو، اوردا، تمغہ، قراول، ہراول، یاسا، تزک اور ایلبری (İlberi) وغیرہ

(۵) مناسب مواقع پر قدیم ترکی اور مختلف ترکی لہجوں کا املا بھی دیدیا گیا ہے - اناطولی ترکی کے کئی ایک الفاظ کے املا اور تلفظ اردو

کرنے کے بعد ۱۹۶۵ میں ترکی کی سب سے بڑی ''لسانی انجمن'' موسوم بہ Türk Dil Kurumu کو بھیجا تھا اس ادارہ نے بعض تبدیلیوں کا مشورہ دیا جس پر عمل کر کے اس کو اور زیادہ کارآمد بنا دیا گیا میرے دوست میجر طاہر مسعود (پاکستان آرمی) نے مجھے یہ مشورہ دیا کہ اس لغت میں انگریزی لغات بھی شامل کردئیے جائیں لیکن چونکہ کتاب تیار ہوچکی تھی اور اس کا مقصد یک گونہ اردو کی خدمت تھا اس لئے اس مرحلے پر انگریزی لغات شامل نہ کئے جاسکے لیکن میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ ان کا شمول بہتر ہوتا کیونکہ اردو سے ناواقف لوگ انگریزی کے ذریعہ ترکی زبان سے شناسائی بہم پہونچا سکتے تھے۔ ہمارے قابل احترام بزرگ مولانا عبدالماجد صاحب دریابادی کی رائے تھی کہ لاطینی رسم الخط کے ساتھ ساتھ عربی حروف بھی دیدئے جائیں یہ کام چونکہ نہایت ہی اہم ہے اور اس کے لئے کافی وقت کی ضرورت تھی اس لئے مجھے افسوس ہے کہ میں مولانائے محترم کے مشورے پر مکمل طور سے عمل نہ کرسکا تاہم اسکی افادیت کے پیش نظر میں نے بہت سے الفاظ کا قدیم املا بھی درج کردیا ہے انشاءاللہ دوسرے ایڈیشن کے وقت عربی رسم الخط بھی شامل کردیا جائیگا تاکہ دونوں رسم الخط بیک وقت سیکھے جاسکیں اور تمام الفاظ کا صحیح املا بھی معلوم ہوجائے۔

(۷) یہ خیال کیا جاتا ہے کہ عثمانی پر فارسی زبان کا سب سے زیادہ اثر ہے مگر ایسا نہیں ہے عثمانی ترکی پر اس کا اثر پانچ فیصد سے کچھ ہی زائد ہوگا سب سے زیادہ اثر عربی کا ہے۔ عربی الفاظ و تراکیب و خیالات سے یہ زبان بھری ہوئی ہے۔ عثمانی ترکی سلاطین کے بعض خطوط فارسی میں بھی تحریر ہوتے تھے لیکن ترکی کو سرکاری زبان بنانیکا فخر و شرف عثمانیوں کو حاصل ہے۔ فارسی ترکی سلطنت کی سرکاری زبان نہیں رہی ہے آخری زمانے تک تعلیم و تدریس اور سارے علمی اداروں پر عربی ہی کا عمل دخل تھا اور قدیم مکاتب کی زبان دراصل عربی ہی رہی ہے۔

اور Beğim ہوا بعد میں صرف Beyim رہ گیا جو استانبولی لہجے کا تلفظ ہے۔ کوئی ترک اپنی بیوی کو Begim نہیں کہہ سکتا صرف عورت Beyim Beyim کہتی ہے۔ ترکی زبان میں تذکیروتانیث کا کوئی مسئلہ نہیں ہے اور نہ اس کے لئے کوئی لاحقہ ہی موجود ہے اس لئے یہ خیال کرنا کہ (M - م) تانیث کی علامت ہے درست نہیں ہے یہ بطور اصطلاح کے استعمال ہوا ہے جس کے متعلق میں اس سے پہلے اردونامہ کراچی کے ایک مضمون میں تفصیل سے عرض کرچکا ہوں اس قبیل کے چند الفاظ اور ملاحظہ ہوں :-

بابا م BABA-M (میرے باپ) ، انام ANA-M (میری ماں) اوردوم ORDU - M (میری فوج) بلبلم BÜLBÜL - ÜM (میری بلبل)

بیگم کا لفظ عورت کے معنی میں دراصل اردو بولنے والوں کے اثر سے اناطولیہ کی زبان میں داخل ہوچکا ہے اور ترک آجکل Begüm لکھتے ضرور ہیں لیکن ترکی عورتوں کے لئے اس کا استعمال قطعاً نہیں ہوتا۔ تیموریوں کے دور ہی میں عثمانیوں کو اس بات کا علم ہوگیا تھا کہ مشرقی ترکی میں یہ لفظ شاہی خاندان کی عورتوں کیلئے مستعمل تھا جدید ترکی میں خانم کا لفظ صرف عورت کے لئے مستعمل ہے جب کہ عثمانی دور میں عورتوں اور عثمانی بادشاہ کو بھی خانم HAN - IM (میرے خان) اور پادشاہم کہتے تھے اصول املا اور زبان سے ناواقفیت کا نتیجہ یہ ہے کہ ان کے غلط معانی و مطالب اور وضاحت اردو لغات میں مندرج ہیں بعض حضرات نے ترکی الفاظ کے تلفظ کے سلسلے میں بہت دھوکا کھایا ہے اور ترکی ''آ'' کو اردو کا ''آ'' (جیسے آم ، آج ، آن میں) سمجھا ہے حالانکہ یہ محض عثمانی املا کی جدت اور اس کا کرشمہ ہے جس میں افندی (اے فن دی) کو آفندی بھی لکھاجاتا ہے حالانکہ اس کا تلفظ ہمیشہ efendi ہوا ہے۔

(۶) اس لغت کی تیاری کے سلسلے میں تمام اہم ماہرین کی رائے معلوم کرنے کی کوشش کی گئی ہے اسی سلسلہ میں ایک حصہ تیار

میں الفاظ وضع نہیں کرسکتی ہندی کا بھی حال بالکل ایسا ہی ہے اسی لئے ہندی والے لسانیاتی اور ثقافتی اسباب کی بناء پر سنسکرت کا رخ کرتے ہیں اور اردو والے اصطلاحات کے سلسلے میں عربی فارسی الفاظ کو بعینہ لے لیتے ہیں یا پھر معمولی تبدیلی کرتے یا پھر کسی اجنبی اصطلاح کو اسکی اصلی ہئیت میں قبول کرلیتے ہیں ۔ ذخیرۂ الفاظ کے بارے میں بھی یہی کیا جارہا ہے حالانکہ اب اسکی ضرورت ہے کہ تمام علاقائی زبانوں یعنی سندھی ، پنجابی ، پشتو ، بلوچی وغیرہ کا ایک مستند لغت تیار ہو اور علاقائی الفاظ استعمال کئے جائیں تا کہ اردو کا ذخیرہ بڑھتا رہے اور جہاں مناسب ہو عربی فارسی اور ترکی الفاظ بھی لئے جائیں ۔ اسکے علاوہ ہمیں ایک مشترک ٹائپ رائٹر قبول کرنا ہوگا اور املا کی یکسانیت کے سلسلے میں ٹھوس اقدامات کرنے ہونگے ۔

(۱۱) اس لغت میں اس بات کا خاص خیال رکھا گیا ہے کہ زبان بالکل آسان ہو کیونکہ نوجوان نسل دقیق عربی و فارسی الفاظ کے تلفظ کی ادائیگی ہی سے قاصر ہے چہ جائیکہ وہ ان کے مفہوم کو بھی سمجھ سکے۔ جب مدارس اور اسکولوں وغیرہ میں عربی و فارسی کی تعلیم کا معقول انتظام ہو اور اس بات پر زور دیا جائے کہ نئی نسل کو آئندہ قومی زبانوں ہی میں تعلیم دی جائیگی تو ان لمبی چوڑی عبارتوں اور مرصع و مسجع مکالمات و نگارشات کیلئے کوئی جواز پیدا ہوسکتا ہے ۔ ان زبانوں کی جو حالت ہے وہ ہم سے پوشیدہ نہیں ہے اس پر یہ مشورہ کہ عربی یا فارسی کو اس ملک کی سرکاری زبان بنادیا جائے ۔ کیا اس ملک کے دستور میں کسی قومی زبان کا تذکرہ نہیں کیا گیا ہے ؟ اسی طرح بعض الفاظ کے املا میں بھی فرق ہے اور یہ فرق اسوقت تک باقی رہیگا جب تک کہ ماہرین اردو ایک پلان کے تحت یکسانیت پیدا کرنے کی کوشش نہ کرینگے اسی لئے میں نے دونوں شکلیں استعمال کی ہیں جیسے پتہ ، پتا ، جوتا ، جوتہ ، عاشورہ ، عاشورا ، انڈہ ، انڈا وغیرہ ۔

(۸) اس لغت میں ترکی پاکستانی ثقافت کے متعلق الفاظ ، علمی و ادبی و فنی اصطلاحات ، محاورات اور بہت سے ضرب‌الامثال بھی شامل کردئے گئے ہیں اور ہمیں یقین ہے کہ اس سے کتاب کی افادیت میں اضافہ ہوجائیگا ۔

(۹) اردو زبان کی اصل ، تاریخ ، اس کے رسم‌الخط اور ترکی اردو کے تعلقات پر بھی چار صفحے ترکی میں تحریر کردئے گئے ہیں تا کہ ترکی اہل علم بھی اس کے بارے میں صحیح معلومات حاصل کرلیں ۔

(۱۰) اس لغت میں بعض الفاظ کے کئی معنی نظر آئیں گے جس کے دو اسباب ہیں یا تو یہ الفاظ ترکی کے علاوہ عربی اور فارسی یا یورپی زبان سے بھی داخل ہوگئے ہیں (مثلاً لیل (عربی)، شب (فارسی) کیجہ (ترکی بمعنی رات) وغیرہ) یا پھر ترکی لاحقے لگا کر ان کی شکل تبدیل کردی گئی ہے یہانتک کہ انکی اپنی شکل بدل گئی ہے اور ان کی جگہ خالص ترکی الفاظ نے لے لی ۔ مثالیں :

پہلی شکل	دوسری شکل	تیسری شکل	اردو معنی
مسحور	سحرلی	büyülü	مسحور
انقلابی	انقلاب جی	devrimci	انقلابی
علاقہ دار	علاقہ لی	ilgili	متعلق
آزادگی	آزادہ لک	özgürlük	آزادی ، چھوٹ

ترکی زبانوں میں ایک ہی ماخذ سے بہت سے الفاظ کے بنانے کی صلاحیت بدرجۂ اتم موجود ہے جس سے فارسی اور خصوصاً اردو کسی حد تک محروم ہے اردو کی خصوصیت یہ ہے کہ یہ ہر زبان کے لفظ کو اپنے میں جذب کرتی ہے لیکن اپنی اصل کی بناء پر کافی تعداد

ترکی	اردو	ترکی	اردو
مصرفلر	اخراجات	آسائش	امن‌عامه
ادخالات	درآمد	امنیت	حفاظت
اتحاف	معنون،	آسائش‌برکمال	مکمل امن و امان
انتشار اسلام	اشاعت اسلام	انه، آنا	والده
اسلام	مسلمان، اسلام	ادب	تمیز، ادب
آتش	بخار	تمیز	صاف
نمائش	مظاهره	نفوس	آبادی
نهر	دریا	دریا	سمندر
وکیل	وزیر، وکیل	تعلیمات	هدایت
وکالت	وزارت، وکالت	وظیفه	فرض
تحصول	تعلیم	واز	باز (واپس)

(۱۲) علامت مصدر mek/mak ہے اسے الگ کر کے دکھایا گیا ہے مثلاً yaz - mak (لکھ—نا) sev - mek (چاہ—نا) وغیرہ -

(۱۳) بعض الفاظ ملا کر اور بعض الگ الگ لکھے جاتے ہیں معنی میں کوئی فرق نہیں پڑتا اس لئے دونوں طرح لکھنا جائز ہے -

بعض ترکی الاصل الفاظ کی فہرست

Abla ad adak adsız afşar ağa ağabey ak aka akkoyunlu akça alır aldanç alp altın ana anne apa armagan argun arpa aslan/arslan at ata atabek atalık atlı ay aybek ayak ayaz ~~azerbaycan~~ Bacı babur bağır balaban baş başak başlık bay bayan bayar bayat bayrak bayram baysungur begüm bek bektaşi bel ben berk bey beylerbeyi (beglerbegi) beylik bıçak

جتنے معنی بیان کئے گئے ہیں انکی بنیاد کسی نہ کسی مستند ترکی لغت یا کتب پر ہیں زیادہ سے زیادہ معنی دینے کی کوشش کی گئی ہے اگر بعض معنی رہ گئے ہوں تو اس کے یہ معنی نہیں ہیں کہ ترکی میں یہ معنی موجود نہیں ہیں ترکی بہت ہی بامحاورہ اور زرخیز زبان ہے اس لئے بعض پیچیدہ تراکیب اور کئی ایک محاروں کا ترجمہ بھی کردیا گیا ہے اور ہمیں یقین ہے کہ اس سے کتاب کی افادیت میں اضافہ ہوجائیگا -

(۱۲) ترکی میں بہت سے ایسے عربی فارسی الفاظ موجود ہیں جن کے تلفظ میں معمولی فرق آ گیا ہے مثلاً بادام کو badem (قدیم املا بادم) ہی لکھتے ہیں بعض الفاظ کی شکل بالکل تبدیل ہوگئی ہے لیکن معنی نہیں بدلے مثلاً فارسی الفاظ oruç (قدیم املا اوروچ - روزہ) اور çarşı (چہارسو - بازار) وغیرہ بعض الفاظ ایسے ہیں کہ انکی شکلیں تبدیل نہیں ہوئیں لیکن وہ معنی کے لحاظ سے اردو سے مختلف ہیں ایسے الفاظ بھی ہیں جو بنیاد اور معنی کے لحاظ سے ایک ہیں لیکن ان کا تلفظ ذرا مختلف ہے ان میں سے بعض ایسے بھی ہیں جو اردو میں موجود معنی کے سوا اور بھی معنی دیتے ہیں - بعض ترکی الفاظ کے معنی بھی اردو سے مختلف ہیں :- مثالیں ملاحظہ ہو :

ترکی	اردو	ترکی	اردو
آبدست	وضو	حواله	منی آرڈر
بویوک آبدست	آبدست	آبا	مردوں کے نام میں
کوچوک آبدست	استنجاء		متسعمل ہے جیسے
			اوتای ارسلان آبا
اخراجات	برآمد	آلائش	دکھاوا

bibi birdi bilge buğra binbaşı boğa boğaz bohça bol böbür bölük buçuk bulak bulut Çabuk çadır çağlayan çakı çakmak çalap çavuş çay çeçen çergi çın çıngar çiçek çil çilli çimen çocuk çoğul çok çok çöl çömçe Dadaş dağ dağıstan dal damga demir deniz deri deve dış dip doğan dolun dolma döşek düğme düşek Eğe el elçi elma (alma) er erik erk erkli esim esen eş eşek eşik et etek Gelgit girişme göç gönül Güclü Hakan halaç halı han hanım/hanum hatun hıncahınç İl ilberi iletmiş iltutmış iltutmuş ilçe Kabaca kaçar kadın kak kalaç kalın kalmak kalpak kamçı kan kanad/kanat kab/kap kapı kapıcı kara kara-han karakol karakuş karakoyunlu karluk karşı kartal kaşık kaşka kat kavurma kaya kaz kazak kazan kalleş kıl kılıç kıpçak kırgız kışla kışlak kıyma kızıl kızılbaş koruk koşun kulu kulluk kulaç kulak kum kuru kurumsak kuş kuşlak kut kutlu kutu kuyaş küçük Laçın lâpası Ok oda oğru oğlan oğlu oğuz ot olcay or ordu orta orun otak oturak özbek (Üzbek) Perçem papak Saçak saçı sağ sakal sancak sayın sevük sungur süngü Tabanca tanrı tarhan taraz tasma taş tanrı (tengri) teke tekin (tegin) tekme temir ten tepe ter tıpatıp tike timür tongaalper toğrul topçu top topak torba töre tuğ tuğlu tuğluk tuğra turhan tutuk tüfek tümen türk türkmen tüzük turhan (tarhan) tutmuş Uçkun ugur/ogur ulu ulug ulus urdu uygur uzun ütü Yağma yağmur yargı yarak yarık yasa yasak yasavul yaşmak yayla yaylak yele yıl yıldırım yıldız yürüyüş.

مقدمہ

ترکی زبان کی اہمیت

لسانیات کو اس دور میں علم کی ایک اہم شاخ سمجھا جاتا ہے خاصکر ترقی یافتہ ممالک میں تو اسکی قدر بہت زیادہ ہے اس علم سے سیاسی فوائد حاصل ہونے کے علاوہ اس کے ذریعہ قوموں کی تواریخ اور ثقافتوں کو سمجھنے میں بھی مدد ملتی ہے یہی وجہ ہے کہ مغربی ممالک میں ترکی زبان کو بھی دن بدن اہمیت حاصل ہوتی جارہی ہے کیونکہ یہ زبان تورانی یا یورال آلتائی (URAL-ALTAY) زبانوں کی اہم ترین شاخ ہے جس کا مطالعہ مغربی مملکتوں کو کئی لحاظ سے کرنا پڑتاہے۔

عمومی تاریخ اور خاصکر اسلامی تاریخ و ثقافت کے طلباء و طالبات کے لئے ترکی ادبی لہجوں (literary dialects) مثلاً اویغور (UYGHUR) چاغاتائی (Chaghtay) عثمانی (Osmanli) تاتاری (TATARI)) اور آذری (AZERI) کا علم نہایت ضروری ہے کیونکہ ترکی زبان و ادب و تاریخ وغیرہ سے واقفیت کے بغیر اسلامی تاریخ و ثقافت میں ترکوں کے حقیقی مقام اور صحیح خدمات کا پتہ چل ہی نہیں سکتا خاصکر زمانہ وسطیٰ (Middle ages) کی تاریخ و سیاسیات کے مطالعہ کے لئے ترکی کا جاننا اشد ضروری ہے کیونکہاس دور میں تقریبا ساری اسلامی دنیا میں ترکوں کی حکومتیں تھیں اور اسی دور میں بہت سی اہم کتب احاطہ تحریر

میں لائی گئیں - کتنے رنج اور شرم کی بات ھے کہ ھمارے اھل علم اور طلباء ترکوں کی تاریخ و ثقافت کا مطالعہ فرنگی اسکالروں کی گھٹیا قسم کی تصانیف کے ذریعہ کرتے ھیں جن میں تحقیق و حقیقت کی چاشنی بھی نہیں ھوتی اور جنہیں خود سنجیدہ قسم کے یورپی مورخین و مصنیفن بھی مطالعہ کے لئے سفارش نہیں کرتے -

یہی نہیں بلکہ اتفاق سے ھندوستان و پاکستان کے مسلمانوں کی تاریخ کا بیشتر حصہ دراصل ترکوں کی تاریخ پر مشتمل ھے کیونکہ سندھ میں عربوں کی حکومت کے خاتمے کے بعد تقریباً سارے ھند پر ترکستانی اور آذربائیجانی ترک ھی حاکم رھے محمودین سبکتگین (Sebük Tegin) پہلا مسلم ترک ھے جس نے ھند پر متعدد حملے کرکے اسکی کی سیاسی اور فوجی بنیادوں کو ھلادیا۔ غوری دور میں بھی سارا اقتدار ترکستانی ترکوں کے ھاتھ میں تھا - ایبک (Ay-Bek) ایلتتمش (Il-Tutmish) بلبن (Balban) وغیرہ ترک تھے - خلجی (Khalji) تغلق (Tugh - Luq) بابری (Babubri) اور سندھ کے ارغون (ARGHUN) خاندان بھی ترکی تھے دکن کی قطب شاھی اور عادل شاھی اور آصف جاھی (حیدرآباددکن) ریاستیں خالص ترکی تھیں - غرضیکہ ترکوں کا اثر ۱۸۵۷ء تک رھا - پہلی جنگ آزادی (جسے انگریز جان بوجھ کر سپاھیوں کی بغاوت یا غدر کے نام سے موسوم کرتے ھیں) میں ناکامی کے بعد انگریزوں نے آخری ترکی تاجدار بہادرشاہ ظفر کے بچوں کو قتل کرا کے انہیں رنگون میں مرتے دم تک زیرحراست رکھا اس طرح سے ۱۸۵۷ء سے ھند سے ترکی اقتدار و تسلط کا ھمیشہ کے لئے خاتمہ ھوگیا - جس کا لازمی نتیجہ یہ نکلا کہ ھندوستان میں ترکی کلچر کا بھی رنگ پھیکاپڑنے لگا - ادھر روس اور چین بھی عظیم ترکستان پر بے دریغ حملے کر رھے تھے خود اسی دور میں عثمانی سلطنت بھی جنگوں کے باعث کمزور ھو رھی تھی - یہی دوصدیاں یعنی ۱۹ویں اور ۲۰ ویں صدی ترکی قوم و حکومتوں کی شکست، ریخت اور زوال کی داستانوں سے پر ھیں - ھمیں اپنی تاریخ اور اس کا صحیح پس منظر سمجھنے کے لئے

وسط ایشیا کی تاریخ اور ترکوں کے پورے ثقافتی و سیاسی ڈھانچے کو سمجھنے کی ضرورت ھے - یہ سب کچھہ اسی وقت ھوسکتا ھے جبکہ ھم ترکوں کی زبان میں دلچسپی لیں اور اس کا علم حاصل کر کے ملک و قوم کو فائدہ پہونچائیں -

علاوہ ازیں ھمیں اس برصغیر کی علاقائی زبانوں خاصکر پاکستان کی قومی زبانوں یعنی اردو اور مسلم بنگلہ کی لسانیاتی خصوصیت کو سمجھنے کے لئے بھی ترکی جاننے کی ضرورت ھے اردو زبان بنیاد کے اعتبار سے ایک آریائی بھاشا ھے لیکن اس نام سے یہ صرف ترکوں کے دورھی میں نوازی گئی ورنہ اس کے اور بہت سے نام تھے کوئی اسے ھندی بھاشا کہتا کوئی ھندی کہتا اور کوئی سراسینی - ترکوں کے مسلسل حملوں اور ھند میں انکے اقتدار کے قیام کے باعث ھندو اور مسلمان ایک دوسرے کے کافی قریب آگئے- یہی دور، دراصل اردو زبان کی ترویج کا شاید پہلا زینہ تھا - ھندو مسلم کلچر کے امتزاج اور اختلاط سے ھند کی زبانیں بھی ایک دوسرے سے متاثر ھوتی رھیں - ترکوں نے ھندی الاصل نئی نویلی اور شیریں اردو زبان کو آگے بڑھایا اور کھل کر پنپنے کے مواقع فراھم کئے - لفظ اردو بذات خود ایک ترکی لفظ ھے جسے بعض لوگ غلطی کے باعث سنسکرت لفظ بھی کہہ گئے ھیں - اس لفظ کے معنی لشکر، سانپ کے بل اور خاقان کے محل کے ھیں-

جمہوریۂ ترکیہ میں اوردو (Ordu) کے معنی فوج کے ھیں - یہ لفظ دراصل مشرقی ترکی یا ترکی (Eastern Turkishı/Turki) سے ھندوستان میں اردو (Urdu) کی شکل میں وارد ھوا اور اس زبان کا نام بن گیا جس نے ھندوستان کی سر زمین میں جنم لیا اور جس زبان کو برصغیر پاکستان و ھند کے جلیل القدر بارلاسی شہنشاہ شہاب الدین شاھجہان نے ''اردوئے معلیٰ کی زبان'' کے لقب سے سرفراز کیا - اس بابری خاندان کو لاعلمی کے باعث اور بعض مورخین کی دانستہ غلطی کی بناء پر منگول

(Mongol) اور مغل (Moghul) یا تاتاری کہتے ہیں ۔ حالانکہ ان کا تعلق مشہور ترکی قبیلے برلاس (Barlas) سے تھا ۔ برلاس کے معنی جنگ جو اور شہسوار کے ہیں ۔ اس تاریخی تعلق کے لحاظ سے ترکی زبان کا اثر برصغیر کی علاقائی زبانوں کے علاوہ اردو اور ملسم بنگلہ پر بھی ہونا ضروری تھا ۔

Tughra	طغرا	Top	توپ	Chaqu	چاقو
Qamchi	قمچی	Elchi	ایلچی	Topchi	توپچی
Tamgha	تمغہ	Qashiq	قاشق	Chamcha	چمچہ
Dulma	دلمہ	Qiyma	قیمہ	Qorma	قورمہ
Baji	باجی	Khanam	خانم	Khatun	خاتون
Yaghma	یغما	Chavush	چاوش	Anna	آنا
Chaqmaq	چقمق	Chaqchaq	چق‌چق	Chiq	چق
Chapqalish (Chapqulash)	چپقلش	Koch	کوچ	Yashmaq	یاشمق

یہ سب الفاظ اور اسی قسم کے اور بہت سے الفاظ اصل کے اعتبار سے ترکی ہی ہیں ۔

اگرہمیں اردو زبان کو سمجھنے کے لئے عربی فارسی ، سنسکرت، ہندی اور انگریزی کے علم کی ضرورت ہے تو ترکی کو نظر انداز کرنا کس حد تک جائز ہے ۔ ترکی کی اہمیت اور اسکے اثرات سے ہمارے علماء اور ادیبوں نے کبھی انکار نہیں کیا، لیکن افسوس ہے کہ اس زبان کو اردو اور مسلم بنگلہ کی تحقیق کے سلسلہ میں ضروری نہیں قراردیا جاتا ۔ انگریزوں نے محض سیاسی وجوہات کی بنا پر ہمیں ترکیہ اور ترکستان سے ہمیشہ دور رکھا وہ ترکی زبان کی ترویج کے مخالف تھے۔ حالانکہ وہ اپنے ملک میں اس زبان کا مطالعہ کرتے رہے مگر

ہندوستان کے مسلمانوں کی اس اکتساب میں حوصلہ افزائی نہیں کی کیونکہ ایشیا اور یورپ کی ایک مسلم سیاسی طاقت ہونے کے باعث انگریز ہمیشہ ترکوں کو اپنا حقیقی دشمن تصور کرتے اور اس قوم کی تباہی کے منصوبے بناتے رہے ۔ اب جبکہ پاکستان دنیا کے نقشے پر ایک آزاد مسلم ملک کی حیثیت سے ابھر آیا ہے تو کیا ہمارے علماء اساتذہ ، طلباء اور لیڈروں کا یہ فرض نہیں ہے کہ اپنے تعلقات استوار کرنے کے لئے کوئی ٹھوس پروگرام بنائیں اور ایشیا کی ایک عظیم الشان مسلم زبان کی بھی تحقیق کا انتظام کریں جس سے مفید نتائج مستقبل قریب میں برآمد ہوسکتے ہیں ۔

لسانیاتی ، علمی ، آدبی ، تاریخی اور ثقافتی اہمیت کے علاوہ بھی ترکی، ایک پڑوسی اور دوست ملک کی زبان بھی ہونے کی حیثیت سے ہمارے ملک کے لئے ضروری ہے یہ اس لحاظ سے بھی اہم ہے کہ دنیا کے تقریباً ۲۶ علاقوں میں بولی جاتی ہے اور ۱۰ علاقوں میں اسے قومی زبان کا کادرجہ حاصل ہے ۔ کم و بیش گیارہ بارہ کروڑ ترکی انسل انسانوں کی زبان ہے جوسائبیریا میں ولاڈی واسٹک سے لیکر یوگوسلاویہ میں بلگریڈ تک پھیلے ہوئے ہیں ۔ پاکستان جغرافیائی لحاظ سے کروڑوں ترکی بولنے والوں کے علاقوں سے گھرا ہوا ہے ۔ آزاد کشمیر کے شمال میں چینی ترکستان کا وسیع علاقہ واقع ہے جو پہلے مشرقی ترکستان (سین کیانگ) کے نام سے مشہور تھا ۔ مرکز اروم‌چی (Urumchi) ہے۔ سویت روس کی مسلم جمہوریتیں اوزبکستان، قرغزستان قازاقستان، ترکمانستان، اور افغان ترکستان (شمالی افغانستان) خراسان، آذربائیجان (شمالی مغربی ایران،) اور ترکیہ، عراق، شام اور قبرص کے کروڑوں مسلمان ترکی ہیں اور ترکی ہی ان کی مادری زبان ہے ۔ یہ لوگ وسط ایشیا اور مشرقی وسطیٰ کی سیاسیات میں اہم کردار ادا کر چکے ہیں اور اب بھی ایک زندہ طاقت ہیں ۔ اگر امریکہ اور یورپ کے باشندے ان علاقوں کی زبانیں سیکھنے اور ان علاقوں کی سیاحت کرنے، یہاں کی کتابیں اور رسائل جمع کرنے اور علماء اور

ادباء اور دینی اداروں کے درمیان علمی اور ثقافتی تعلقات بڑھانے میں جھجک محسوس نہیں کرتے تو ہمیں کیوں اپنے ہمسایوں کی زبان اور ادبیات میں دلچسپی کا اظہار کرنے میں حجاب ہوتا ہے تاش قند کے مفتی جناب ضیاءالدین بابا خان (باباخانوف) کے بیان کے مطابق اسوقت پورے روس میں ڈھائی کروڑ مسلمان ہیں (ملاحظہ ہو ''جنگ'' کراچی ۲۳ فروری ۱۹۶۸) - جبکہ ان علاقوں سے ہمارا قدیمی تعلق ہے اور ہمارے ملک کے لاکھوں افراد کی رگوں میں ترکستانی مجاہدین کا خون دوڑ رہا ہے - تو کیا ہمیں یہ حق نہیں کہ ہم بھی ان علاقوں کا اسی دلچسپی سے مطالعہ کریں جس دلچسپی کا اظہار بیرونی ممالک کرتے ہیں -

وسط ایشیا کے علاقوں میں چینی اور روسی زبانوں کے علاوہ ترکی لہجوں میں بھی بیشمار اہم کتب شائع ہوتی ہیں اور چونکہ ان کے مطالعہ پر کوئی پابندی عائد نہیں اسلئے ان علاقوں سے تعلقات بڑھانے کا یہی زریں موقع ہے -

جدید ترکی کے سیاسی رجحانات کے متعلق اسلئے وضاحت کی ضرورت نہیں کہ مسلمانان ہند و پاکستان اور ترکان اناطولیہ ایک دوسرے کے مخلص حلیف ہیں یہ ایک حقیقت ہے - اناطولیہ میں ہماری دلچسپی موجودہ صدی میں مسلۂ خلافت اور سیاسی وجوہ کی بناء پر زیادہ بڑھگئی - ترکان عثمانی دنیا کی عظیم‌الشان طاقت بنکر ہمارے سامنے آئے - ہمارے تعلقات ہمیشہ ان سے وابستہ رہے اور اب بھی رہنا ضروری ہیں - تحریک خلافت میں ہم لوگ ہند کے مختلف گوشوں سے ''ترکی سلطنت و خلافت،، کی بقاء کی کوشش کرتے رہے حالانکہ ترکیہ میں اس وقت سلطنت و خلافت کے خلاف مجادلہ کا آغاز ہو چکا تھا - عثمانی سلطنت کے اندرونی حالات سے ہمارے یہاں کا کوئی گروہ اچھی طرح واقف نہیں تھا - ہم خلافت کی حمایت کرتے رہے اور آتاترک نے اس کا خاتمہ کردیا ہمیں اس پر حیرت ہوئی لیکن ترکی کے روشن خیال طبقہ اور حکومت کے اراکین

کے نزدیک یہ ایک طبعی حادثہ تھا - عثمانی سلطنت کے خاتمہ کے بعد دنیائے اسلام میں صرف جمہوریہ ترکیہ ہی صحیح معنوں میں ایک آزاد حکومت تھی - قدیم سلطنت کا یہ نوخیز اور مستحکم جانشین اس وقت مشرقی وسطیٰ میں سیاسی اور فوجی لحاظ سے انتہائی اہم ملک ہے - پاکستان بننے کے بعد اس سرزمین عزیز سے ہمارے روابط سیاسی، اقتصادی اور عسکری نوعیت کے قائم ہوگئے سینٹو (CENTO) نے بھی ثقافتی میدان میں ابھی تک کوئی کارنامہ انجام نہیں دیا - ہمیں مسلم ممالک سے تعلقات پیدا کرتے وقت ثقافتی تقاضوں کا پورا لحاظ اور خیال رکھنا چاہئیے - محض دوستی کی انجمن قائم کرنے، پارٹیوں میں جذبات کی رو میں بہکر وقتی طور پر ''ترکی پاکستانی بھائی بھائی،، کے نعرے لگانے سے اصلی مقصد ہرگز حاصل نہیں ہوسکتا اب ضرورت ہے کہ ہم ایک آزاد قوم کی طرح سوچیں اور سنجیدہ طریقے سے غور کر کے اہم اسلامی زبانوں اور بطور خاص ترکی زبان کی اشاعت کے لئے میدان عمل میں آتر آئیں - یورپ اور امریکہ کے ممالک سے ہمارا تقابل قطعاً ممکن نہیں لیکن ہمارے پڑوسی ملک یعنی بھارت میں ترکی کی اہمیت کو محسوس کر لیا گیا ہے - کئی ہندوستانی اس پر توجہ دے چکے ہیں- مشہور ترکی مورخ ڈاکٹر زکی ولیدی طوغان نے کراچی میں حال ہی میں مجھے یہ بات بتائی کہ مولانا ابو الکلام آزاد (مرحوم) نے ترکی علماء کی مدد سے ہندوستان میں ایک وسط ایشیائی ریسرچ انسٹی ٹیوٹ قائم کرنیکا منصوبہ بنایا تھا اس کے بعد ایک اور نہایت ہی اہم شخصیت نے بھی اس کے قیام کی کوشش کی تا کہ ہندوستانی، ترکوں کو اچھی طرح سمجھ سکیں - اسلامک ریسرچ انسٹی ٹیوٹ آف مسلم یونیورسٹی علی گڈھ نے ترکی زبان اور ادب کی تعلیم اور اس پر تحقیق کو باقاعدہ اپنے پروگرام میں شامل کرکے اس پر کام شروع کردیا ہے - اور بعض چیزیں شائع بھی کی ہیں - عربی اور اسلامی علوم کے میدان میں بھی ہم بعض ایشیائی ممالک سے آگے نہیں نکل سکے- ترکی، مشرق وسطیٰ کے علاوہ بلقانی ریاستوں کی بھی سیاست پر اثر انداز ہوتا ہے اگر ہم کسی چیز کی معقولیت

URDU DİLİ NEDİR ?

Onbirinci asırda Hint Türkleri (Gazneliler) zamanında Parkirt dili üzerinde kurulan ve Şimali Hind'in Merut ve Delhi şehirleri cıvarında konuşulan Garp Hintçesi 10. asırdan 15. asıra kadar Dekkken'de (Cenubi Hindistan bölgesi) Dekkenî, Şimalî Hindiştan bölgesinde Rîhte ve 17.asırda Timür'ün torunlarından olup kendi zevcesi Mümtaz Begüm adına yad etmek için Agra şehrinde Tâc Mahal adlı çok güzel bir türbe yaptıran Şâh Cihân zamanında 'Lisanı Urdû-ı mu'alla, ismini alan bu dil, bütün Pakistan-Hindistan yarımadası milletlerinin (bilhassa Müslümanlar ve Hindular) müşterek dili olup, hali hazırda Bengla (Bengalca) ile beraber Pakistan İslâm Cumhuriyetinin millî dilidir.

Bazı kimselerin zan ettiği gibi, Urdu Zebân (Urdu dili) Farsçanın (Acemcenin) kolu olmayıp Hint dil grubuna bağlıdır ve gramer ve nahiv itibariyle Hintçeye benzer.

Bu dilde Sanskirtçe, Farsça, Arapça, Türkçe ve İngilizce kelimeler çok fazla miktarda mevcuttur. Demek ki Urduca (biz Urdu deriz) ,İngilizce gibi o/o 80 yabancı kelimelerden müteşekkildir.

Ordu kelimesi Şark Türkçesinde Urdu şeklinde olduğu için Hint dillerine de bu telâffuzu ile girmiştir.

Bu dil Hindistanın yeni anayasasına göre Hindistanın da 14. üncü dili olarak kabul edilmiştir. Türklerin (Hindularca Turk ve Turuk/Turak ve bazan Turkolu, Turkaru) rolü büyük ise de, Hindu yazarlarının da rolü bizden az değildir. Aynı zamanda 40 kadar Avrupalı şahşiyet bu dille eserler ve divanlar meydana getirmiştir.

سے انکار کریں گے تو خود ھی فراموش کردئیے جائیں گے۔ مشرق وسطیٰ میں پچھلے چند سالوں میں ھمارے بعض نمائندوں کی ناکامی کا اھم راز یہ بھی تھا کہ وہ عربی زبان اور ادب کے علاوہ عرب دنیا کے اندرونی خلفشار اور تحریکوں سے اچھی طرح واقف نہ تھے۔ اسلئے کہ انہیں کسی ادارہ نے ان خطوط پر تیار ھی نہیں کیا تھا۔ صرف انگریزی، فرانسیسی سے ھر جگہ اور ھروقت کام نہیں چل سکتا۔ ترکان عالم مستقبل میں ایک اھم پارٹ ادا کرنے والے ھیں۔ ھمیں مستقبل قریب کے سیاسی اور تاریخی دھاروں سے بے خبر نہیں رھنا چاھئے۔

ان سب کے علاوہ ترکی ایک نہایت ھی مالدار اور شاندار ادبی خزانہ کی مالک ھے۔ عربی اور ترکی ھی کو ایشیا، افریقہ اور یورپ میں صدھا سال تک سرکاری زبان رھنے کا فخر و شرف حاصل رھا ھے خود ترکی قوم نے عربی۔ فارسی اور یورپی زبانوں کے بڑے بڑے اسکالر پیدا کئے ھیں لیکن یہ پہلو ھمارے موضوع سے غیر متعلق ھے۔ اس قوم میں یوسف خاص حاجب ، محمود الکا شغری، یونس امرہ، ملا نصیر الدین، مولانا جلال الدین رومی، سلطان ولد ، احمدیسوی، مولانا لطفی، سکاکی، امیری، عاشق پاشا ، قاضی برھان الدین، شیخ غالب، روحی، ندیم، نفعی ، میرعلی شیرنوائی، ظہیرالدین محمد بابر ، بیرم خان، حسین بای قرا ، شاہ اسمعیل صفوی ، شیبانی خان ، فضولئی بغدادی ، سلیمان اعظم (قانونی)، صابر ، نامق کمال ، شناسی آفندی ، توفیق فکرت ، عبدالحق حامد ، محمد عاکف ، اور یحییٰ کمال جیسے شعراء و ادباء و مصنفین پیدا ھوئے ، جن کے ترکی کلام سے اس ملک کے لوگ اچھی طرح واقف نہیں ھیں۔ عربی و فارسی سے اردو میں ترجمہ کرتے وقت بیچاری ترکی کو بھی پیش نظر رکھیں تو ھمیں کوئی بھی تنگ نظر اور جانبدار نہیں کہہ سکے گا۔ یہی نہیں بلکہ اگر ھم نے تحقیق و ترجمے کا تھوڑا بہت بھی کام کرلیا تو اس سے ھماری ثقافت کا صرف ترکی پہلو ھی آجاگر نہ ھوگا بلکہ ھماری زبان اور ادبی سرمایہ و خزانہ میں اضافہ ھوگا اور کلچر میں بھی چار چاند لگ جائینگے۔

محمد صابر

URDU ALFABESİ

Türkçesi	Telâffuzu	Urduca Kelime	Türkçe Karşılığı	Sesi	Harfler
eğer	agar	اگر	a	alif	ا
hanım	begam	بیگم	b	be	ب
Pakistan	Pâkistân	پاکستان	p	pe	پ
madalya	tamga	تمغه	t	te	ت
domates	tamatar	ٹماٹر	t	te (kalın)	ٹ
semer	samar	ثمر	s	se	ث
cefa	cafâ	جفا	c	cîm	ج
kaşık	çamça	چمچه	ç	çe	چ
şekerci	halvâî	حلوائی	h	he	ح
halet	hâlat	حالت	h	he	خ
hokka	davât	دوات	d	dâl	د
dayak	dandâ	ڈنڈا	d	dâl (kalın)	ڈ
zikir	zikr	ذکر	z	zâl	ذ
renk	rang	رنگ	r	re	ر
dağ	pahâr	پہاڑ	r	re (kalın)	ڑ
			z	ze	ز
jale	jâla	ژالہ	j	je	ژ
sade	sâda	سادہ	s	sîn	س
şehir	şaher	شہر	ş	şîn	ش
sabir	sâbir	صابر	s	sâd	ص

Türkçesi	Telâffuzu	Urduca Kelime	Türkçe Karşılığı	Sesi	Harfler
zamir	zamîr	ضمیر	z	zâd	ض
papağan	totâ	طوطا	t	toe	ط
zalim	zâlim	ظالم	z	zoe	ظ
izzet	izzat	عزت	a,'	ain	ع
galip	gâlib	غالب	g	gain	غ
yokluk	fanâ	فنا	f	fe	ف
makas	kaynçi	قینچی	k	kâf (kalın)	ق
keramet	karâmat	کرامت	k	kâf (ince)	ک
yanak	gâl	گال	g	gâf	گ
lanet	la'nat	لعنت	l	lâm	ل
medet	madad	مدد	m	mîm	م
hizmetçi	navkar	نوکر	n	nûn	ن
abdest	vuzû	وضو	v	vâv	و
her	har	ہر	h	he	ہ ، ه
mes'ele	mas'ala	مسئله	'	hamza	ء
kedi	billî	بلی	y	ye (yâi maruf)	ی
yapsın	kare	کرے	y	ye (yâi machûl)	ے

—: o :—

HİNTÇE VE URDUCA

1. Okunuşta : Biz elif, de, pe, te, cim, çe, re, dal, kaf deriz. Halbuki Hindi (Hintçe) dildeki telâffuzu a, ba, ka, pa, ra, ga, ma, la, sa, şa, ta, da, va' dır.

2. Yazılışta : Urduca, Arap harfleriyle yazılır ve bu yazı Osmanlı yazısı gibi karışık değildir. Hintçede olan harflerin imlâsı için Arapça ve Farsçada olmayan alâmetler kullanılır. Hintçe, Dev Nagri (Sanskritçe esaslı) yazısı ile yazılır.

3. Urdu dili, sarf ve nahiv itibarıyle Hintçe olmakla beraber içine çok fazla miktarda Arapça, Farsça ve Türkçe kelime almaktadır, halbuki Hintçede çok fazla Sanskirtçe kelime vardır.

4. Urducadaki manzumeler Arap—Fars şiir kaidelerine göre tertip edilmekte devam ediyor amma Hintçe arûza tâbi değildir.

Bütün bunlara rağmen konuşmada hiç kimse zorluk çekmez. Bazı Hindular ve yazarlar Urdu kelimesini yabancı ve Türkçe bir kelime diyerek bunu kaldırmak istiyorlar va bazıları da maksatlı olrak bunu Hindistanî derler.

TÜRKÇE KELİMELER

Apa (abla) çaku (çakı) çakmak, tamga (madalya), bayrak, perçem (bayrak), bacı, kîma (kıyma), top korma (kavurma), bibi (hanım, iyi kadın, küçük çocuk, zevce), elçi, kuli, (tugra (tuğra), yagma (yağma), yasa yaşımak, armagan, dulma (dolma), kaşık, kaşuk, çamça (kaşık), kamçı, han, hanam (hanım), hatun, hakan, kagan (yer ismi), beg, bek, begam (hanım, zevce) kaynçi (makas) topçi (topçu) saçak (saçı), kûç (göç, intikal, ölüm), bugda' çeçak (çiçek hastalığı), kaz, ayag (kadeh), bahadur (mogolca olsa gerek), koçak (küçük) çeçak (çiçek hastalığı), tapança, tamança (tabanca), tamânça (tokat) ordabegni (haremde bekçilik eden Türk hanımı), aga, atalık (atabek).

مختلف ترکی رسم الخط

(۱) Orhun Yenisey یا Köktürk - پانچویں، چھٹی، نویں اور دسویں صدی کے دوران منگولیا اور ترکستان میں مستعمل رہا ہے - دائیں جانب سے بائیں کو - کل ۳۸ حروف و علامتیں تھیں -

(۲) اویغور Uygur (دائیں سے بائیں کو) ۲۳ حروف، ۵۳ علامتیں) آٹھویں تا پندرھویں صدی تک - منگولیا اور ترکستان میں -

(۳) صغدی- Sugdi دائیں سے بائیں کو، ۲۲ حروف، آٹھویں تا گیارھویں صدی -

(۴) چینی (آٹھویں صدی میں بعض ترکوں نے استعمال کیا) تقریباً ۲۰ ہزار "تصوری رسم الخط" تھے -

(۵) تبتی (بنیاد سنسکرت ہے) ساتویں تا دسویں صدی عیسوی تک، ۳۵ حروف اور ۹۷ ملانے یا جوڑنے کی علامتیں تھیں-

(۶) نسطوری - سریانی (دائیں سے بائیں کو) آٹھویں تا گیارھویں صدی، ۲۲ حروف، عیسائی اویغوروں میں مستعمل تھا -

(۷) مانی(دائیں سے بائیں، آٹھویں تا گیارھویں) ۳۶ حروف، بنیاد سامی ہے-

(۸) برھمی/برھمنی (بائیں سے دائیں کو) سنسکرت رسم الخط کی مغربی شاخ سے تعلق رکھتا ہے اور ماہرین کے مطابق توخاری رسم الخط سے ملتا ہے-

آٹھویں تا گیارھویں صدی میں ترکستان کے بعض علاقوں میں مستعمل رہا ہے - ۱۳ حروف علت ، ۴۳ حروف صحیح اور ۱۴ سے زائد علامت (ماترا)تھیں-

(۹) پاسا - پا (تیرھویں صدی میں تبتی لاما پاسا - پا نے تبتی بنیاد پر ایجاد کی - ۴۴ حروف تھے - منگولی اور ترکی دونوں اسی میں لکھتے تھے-

(۱۰) عربی (دائیں سے بائیں کو) اسلام لاتے ہی مقبول ہوا خیال ہے کہ گیارھویں صدی میں یہ رسم‌الخط مکمل طریقہ پر ترکوں میں جاری ہوا اس کے ساتھ اویغور بھی پندرھویں صدی تک مسلمان ترکوں میں مستعمل تھا ، تقریباً ساری ترکی دنیا کا یہی رسم‌الخط تھا - انور پاشا نے ۱۹۱۵ میں اصلاح کر کے منفصل خط'' کا بھی نام دیا تھا اتاترک نے ۳ نومبر ۱۹۲۸ء کو اسکی جگہ لاطینی رسم‌الخط کو جاری کردیا -

(۱۱) پچنک Peçenek (نویں دسویں صدی میں ہنگری میں رائج تھا)

(۱۲) قومان (تیرھویں چودھویں صدی میں عیسائی قومان قپچاقوں میں مستعمل تھا - اصل لاطینی ہے -

(۱۳) عبرانی (لٹوانیا کے ترکوں اور خاصکر آزوف - کریمیا کے یہودی ترکوں میں مستعمل رہا ہے کرائم نامی یہودی ترک اب بھی استعمال کرتے ہیں - ۲۲ حروف ہیں -

(۱۴) یونانی (ترکیہ میں مقیم قرامانلی عیسائیوں نے چودھویں تا بیسویں صدی استعمال کیا ، ۲۴ حروف ہیں ، بائیں سے دائیں کو)

(۱۵) ارمنی (بائیں سے دائیں کو، ۳۸ حروف، پندرھویں تا بیسویں صدی یوکرائن کے ترکی بولنے والے ارمنیوں نے استعمال کیا اس کے موجو بھی آلتون اوردا کے ارمنی ہیں - ترکی میں مقیم ارمنیوں نے بھی استعمال کیا ہے -

(۱۶) سلاوی/صلافی (بائیں سے دائیں کو، روس کے تحت عیسائی مذہب قبول کرنے والے چوواش اور یاقوت نامی ترکی قبائل نے سترھویں تا بیسویں استعمال کیا ہے - اب خالص روسی کردی گئی ہے -

(۱۷) لاطینی - سلاوی (انقلاب روس سے لیکر ۱۹۳۱ تک یہ مخلوط رسم‌الخط روس کے ترکی زباوں کیلئے مستعمل تھا - بعدہٗ روسی رسم‌الخط نافذ کردیا گیا جسکی بنیاد بھی لاطینی ہے -

(۱۸) لاطینی رسم‌الخط (۲۹ حروف ، سارے حروف علت کیلئے الگ‌الگ حروف موجود ہیں اس میں ذراسی خامی بھی ہے تقریباً نوسو سال تک ترکیہ کی ترکی زبان، عربی حروف میں لکھی گئی اور نہایت ہی معرکتہ‌الاراء کتب تصنیف ہوئیں - اگر مستقبل میں کوئی اور آسان رسم‌الخط ایجاد ہوا تو ترک شاید اس کو اختیار کرلیں گے -

---

نوٹ : تفصیل ملاحظہ ہو A . Dilâçar : Türk Diline Genel Bir Bakış
T. D. K. (227)
Ankara—1964.



1. Orhon (Kök Türk), 2. Uygur, 3. Mani, 4. Brâhmî, 5. Suğdî, 6. Passe-pa

عثمانی ترکی حروف تہجی

OSMANLI TÜRK ALFABESİ

خ	ح	چ	ج	ث	ت	پ	ب	ا
hı	ha	çim	cim	se	te	pe	be	elif
ض	ص	ش	س	ژ	ز	ر	ذ	د
dat	sat	şin	sin	je	ze	re	zel	dal
م	ل	ک	ق	ف	غ	ع	ظ	ط
mim	lâm	kef	kaf	fe	gayın	ayın	zı	tı
		ی	ہ ، ه		و	ن		
		ye	he		vav	nun		

نوٹ : انکی موجودہ آوازیں لاطینی رسم‌الخط میں لفظ کے نیچے دیدی گئی ہیں : ب - کبھی پ کی جگہ بھی لکھتے تھے - ج کو کبھی چ کی جگہ بھی تحریر کرتے تھے - ث ص اور س کی آوازیں ایک ہی تھیں - ص کو اور ط کو ترکی الفاظ کے لئے بھی استعمال کرتے تھے - ض کا تلفظ ز اور ''د'' دونوں تھے - ط کا تلفظ ت اور د دونوں تھے - غ کا تلفظ ہمیشہ گ ہی ہوتا تھا - ق کا تلفظ بھی ک تھا اور ''ک'' کی پانچ چھ آوازیں تھیں یعنی ک ، گ ، ی ، نگ (جیسے بھنگ میں) اور بعض اوقات ''ن'' - ں کی آواز بعض اوقات ''م'' بھی ہوتی تھی - 'ہ' اگر ترکی لفظ کے آخیر میں آتا تو ہمیشہ A/E تلفظ ہوتا اور ہ کی آواز بالکل نہیں‌دیتا تھا مثلاً قاوورمہ(KAVURMA) طبانجہ TABANCA وغیرہ- ا ، و، ہ ، ی کو آٹھوں ترکی حروف علت کیلئے استعمال کرتے تھے - عثمانی املا اور تلفظ میں کافی فرق تھا اس لئے قارئین کو حیرت کی ضرورت نہیں ہے بعض الفاظ کو م ، ہ یا ں طریقے سے لکھتے تھے جیسے قارا ، قارہ ، قرا ، قرہ ، بایرام ، بایرم ، بیرام ، بیرم، اوردو ، اوردی، اردو ، بالابان ، بلابن ، بلبن ، چاقماق ، چاقمق ، چقماق ، چقمق ، طوغرول، طوغرل ، طغرول ، طغرل ، باہور ، بابر ، ببر ، بیلدیریم ، بیلدیرم ، بیلدرم ، یلدرم وغیرہ - عثمانی اور جدید ترکی زبان اور لاطینی رسم‌الخط کے متعلق راقم‌السطور کی کتاب ''ترکی زبان اور لاطینی رسم‌الخط'' املاحظہ ہو -

İSTİKLÂL MARŞI

– KAHRAMAN ORDUMUZA –

Korkma! sönmez bu şafaklarda yüzen al sancak ,
Sönmeden yurdumun üstünde tüten en son ocak,
O benim milletimin yıldızıdır parlayacak,
O benimdir, O benim milletimindir ancak!

Ben ezelden beridir hür yaşadım, hür yaşarım,
Hangi çılgın, bana zincir vuracakmış? Şaşarım.
Kükremiş sel gibiyim bendimi çiğner aşarım,
Yırtarım dağları, enginlere sığmam taşarım.

Rûhumun senden İlâhî şudur ancak emeli,
Değmesin ma'bedimin göğsüne nâ-mahrem eli,
Bu ezanlar - ki - şehadetleri dînin temeli -
Ebedî yurdumun üstünde benim inlemeli.

Mehmet Akif

استقلال مارشی

– قهرمان اوردومزه –

قورقما ! سونمز بوشفقلرده یوزن آل سانجاق ،
سونمه‌دن یوردومک اوستنده توتن اک صوک او جاق ،
او بنم ملتمک ییلدیزیدر پارلا یا جق ،
او بنمدر ، او بنم ماتمکدر آنجاق!

بن از لدنبریدر حریاشادم، حریاشارم،
هانگی چیلغین بکا زنجیر ووراجقمش؟ شاشارم.
کو کره مش سیل کبی‌یم بندیمی چیکنر آشارم ،
ییرتارم داغلری ، انکینلره صیغمام طاشارم.

روحمک سندن الهی شودر آنجاق اُملی،
دکمه‌سین معبدیمک کو کسنه نامحرم اُلی،
بواذانلر - که شهاد تلری دینک تملی -
ابدی یوردومک اوستنده بنم ایکله ملی -

محمد عاکف

ترکی زبان و رسم الخط

ترکی بڑی قدیم زبان ہے جسے مختلف ادوار میں مختلف ناموں سے یاد کیا گیا ہے ترکیہ کے ترک اپنی زبان کو تورکچہ Türkçe یا Türk dili (ترکی زبان) کہتے ہیں ۔ لسانیاتی تقسیم کے لحاظ سے یہ مغربی ترکی کی شاخ ہے جس کا دائرہ بہت وسیع ہے ۔ ترکمانستان، آذربائیجان عراق، شام، قبرص، یونان، بلغاریہ، یوگوسلاویہ، رومانیہ اور ترکیہ کی ترکی زبان اس مغربی شاخ سے تعلق رکھتی ہے ۔ ترکی زبانوں کیلئے اب تک اٹھارہ رسم الخط استعمال کئے جاچکے ہیں ۔ سلجوقیوں کی آمد سے قبل بہت سے غیر مسلم ترک اناطولیہ اور بازنطینی سلطنت میں موجود تھے یہانتک کہ قیصرروم رومانوس نے ۱۰۷۱ کی جنگ مالا زگرد میں دس ہزار عیسائی ترکوں کو سلجوقیوں کے خلاف استعمال کیا لیکن وہ بازنطینی فوج کی پسپائی کے بعد سلجوقیوں سے مل گئے ۔ اسلام لاتے ہی ترکوں نے عربی رسم الخط سیکھا جو ان کے قدیم رسم الخط سے آسان تھا یہ عجیب و غریب رسم الخط لائے جو ''اویغور یازی سی'' کے نام سے موسوم ہے اور دائیں سے بائیں کی جانب لکھتا تھا ۔ سلطان محمد ثانی کے دور تک (پندرھویں صدی عیسوی) اس رسم الخط کے استعمال کا پتہ چلتا ہے کیونکہ خود سلطان محمد کا ایک فرمان اویغور اور عربی رسم الخط دونوں میں ہے بعد میں اسکی جگہ عربی نے لے لی اور اب یہ ترکیہ میں مستعمل نہیں ہے ۔

۳ نومبر ۱۹۲۸ کو مصطفیٰ کمال کی حکومت نے ترکیہ میں عربی رسم الخط کی جگہ لاطینی حروف کی بنیاد پر ایک اصلاح شدہ رسم الخط نافذ کیا ۔ ترکی آئین کے مطابق ترکی زبان ، سرکاری زبان ہے کیونکہ ترکی میں قوم اور سرکار جدا نہیں ہیں انکی قوم ہمیشہ آزاد رہی ہے اس لئے وہ قوم اور حکومت کو ایک ہی سمجھتے ہیں اردو رسم الخط عثمانی سے بہت بہتر ہے اور پیچیدہ نہیں ہے ۔

ترکوں کا ترانۂ آزادی

(ترکی سے ترجمہ)

— وطن عزیز کی بہادر افواج کے نام —

ڈرکیسا ! یہ شفق رنگ ، فضاؤں میں تیرنے ، چمکنے اور لہرانیوالا پرچم (آل سانجاق) اسوقت تک شعلۂ سرخ کی طرح جلتا اور چمکتا رہے گا جب تک وطن عزیز کے سب سے آخری خاندان کا چراغ حیات نہ گل ہوجائے !

قوم کی آنکھوں کا تارا ہے ۔ یہ ستارہ روشن ہے اور روشن رہیگا ،

یہ ہماری اور ہماری قوم کا سرمایۂ حیات ہے ۔

ہم ازل سے آزاد رہے ہیں اور آزاد ہی رہیں گے

وہ کون جنونی ہے جو ہمیں زنجیروں میں جکڑنیکی جرأت کریگا

ہم سیل رواں سے زیادہ تندرو ہیں او ہر بند کو توڑ کر آگے نکل جاتے ہیں

ہم سر بفلک پہاڑوں کو چیرکر اور فضائے بسیط کی وسعتوں میں پھیلنا جانتے ہیں ۔

اے معبود حقیقی ! ہم اپنی روح کی گہرائیوں سے تیری بارگاہ عالی میں یہ التجالیکر آئے ہیں

کہ ہماری عبادتگاہوں پر اجنبیوں کودست‌رس نہ ملنے پائے اور یہ اذانیں ۔ جو شہادت دین کی بنیاد ہیں تا ابد ہمارے ملک کے طول و عرض میں گونجتی رہیں ۔

محمد عاکف

نوٹ : یہ ، ملی ترانے کے ایک حصے کا ترجمہ ہے ۔ جنگ آزادی کے دوران متعدد شعراء نے ترانے لکھے لیکن اسلامی شاعر محمد عاکف کے اسی ترانہ کو اراکین قومی مجلس نے کھڑے ہوکر سنا اور ۱۲ مارچ ۱۹۲۱ کو حکومت نے اسے ''استقلال‌مارشی'' (ترانہ آزادی‌یعنی‌قومی‌ترانہ) کے نام سے قبول کرلیا ۔

جدید ترکی حروف تہجی

YENİ TÜRK ALFABESİ

حروف	حروف کے نام	اردووضاحت	ترکی لفظ	اردو معنی
A	a	ا (جیسے اب مَیں)	abdest	وضو
B	be	بے—ب	bacı	بڑی بہن
C	ce	جے—ج	cambaz	قلاباز
Ç	çe	چے—چ	çöl	ریگستان
D	de	دے—د	dil	زبان
E	e	اے—(بیر میں)	el	ہاتھ، غیر
F	fe	فے—ف	fes	ترکی ٹوپی
G	ge	گے—گ	yürek	دل
Ğ	yumuşak ge	خاموش گ	dağ	پہاڑ
H	he	ہے—ہ	hakan	خاقان
I	ı	ای (ہماری آواز)	ılım	معتدل
İ	i	ای (جیسے دل میں)	il	صوبہ، ملک
J	je	ژے—ژ	jale	ژالہ
K	ke	کے—ک	kul	غلام، بندہ

جدید ترکی حروف تہجی

حروف	حروف کے نام	اردو وضاحت	ترکی لفظ	اردو معنی
L	le	لے—ل	lahit	لحد
M	me	مے—م	Moğolistan	منگولیا
N	ne	نے—ن	nankörlük	احسان‌فراموشی
O	o	او (جیسے ہوش میں)	ordu	فوج
Ö	ö	او (ہلکی آواز)	ölümlü	فانی
P	pe	پے—پ	pilâv	پلاؤ
R	re	رے—ر	rüzgârlar	ہوائیں
S	se	سے—س	saçı	ساچق
Ş	şe	شے—ش	şiş	سیخ
T	te	تے—ت	topçu	توپچی
U	u	اُ (اُس میں)	ulus	قوم
Ü	ü	اُ (ہلکی آواز)	ütü	لوہا (استری)
V	ve	وے—و	vali	گورنر
Y	ye	یے—ی (مجہول)	yıldırım	کڑک (بجلی)
Z	ze	ز ے—ز	zenci	حبشی

—: o :—

VOKAL UYUMU

هم‌آهنگیٔ حروف علت

اس کا مطلب یہ ہے کہ ہلکی آواز والے حروف علت صرف ہلکی آواز والے حروف کے ساتھ اور بھاری آواز والے حروف علت بھاری آواز والے حروف کے ساتھ آسکتے ہیں۔ کسی لفظ میں یا تو ایک ہی قسم کا حرف علت یا پھر چاروں ایک ساتھ آسکتے ہیں بولنے اور لکھنے میں اس اصول کا خاص خیال رکھنے کی ضرورت ہے غلط تحریر و تلفظ سے معنی فوراً بدل جاتے ہیں۔ استانبول میں ایک یورپی خاتون کا بچہ مرگیا بہت دنوں کے بعد ترکی خواتین سے ملاقات کے وقت اس نے ان سے کہا کہ ''Oğlum oldu'' (میرے ایک لڑکا پیدا ہوا) - ترکی خواتین نے خوشی کا اظہار کیا اور مبارکباد پیش کی اس پر اسے بہت غم و غصہ ہوا اور اشارتاً کہا کہ بچہ ہمیشہ کیلئے سوگیا ہے عورتوں کو بہت قلق ہوا اور وہ ''واہ واہ'' (ہائے ہائے وائے افسوس) کرنے لگیں - اصل میں وہ یورپی خاتون اس باریک اصول سے ناواقف تھی اور حروف علت کو صحیح ادا نہ کرسکتی تھی جو اب (Oğlum öldü - میرا بیٹا مرگیا) ہونا چاہیئے تھا -

ترکی زبانوں کا شجرہ



هم آهنگی کی مثالیں

çekmek	deri	sekiz	eğe
کھینچنا	کھال	آٹھ	مالک
teke	etli	elti	veriş
تکیہ، اڈا	گوشت دار	دیورانی	دھش
önlük	ölümlü	etek	etmek
صدری	فانی	دامن	کرنا
ölmek	yenmek	yetmek	yemek
مرنا	ہرانا	کافی ہونا	کھانا
ekmek	dönmek	seçme	elçi
روٹی	واپس آنا	چیدہ	ایلچی

دیگر مثالیں:

etmiştir (et-miş-tir)	اس نے کیا ہے
güldürmüştür (gül-dür-müş-tür)	اسنے ہنسایا ہے
öldürmektedir (öl-dür-mek-te-dir)	وہ قتل کر رہا ہے
bölünmüştür (böl-ün-müş-tür)	تقسیم ہوچکا ہے

beyim, bibi, berk, bilgi, bilgin,
bilge, silgi, tilki, dilci,
bölge, gölge, ülke, ülkü, ünlü
ergin, sergi, dergi, üzüm

هم آهنگی کی مثالیں

çakmak	darı	sakız	ağa
چقمق	مکئی	گوند کھانیکا	سردار
taka	atlı	altı	varış
بادبانی کشتی	سوار	چھ	پہونچ
onluk	olumlu	atak	atmak
دس دس کا	مثبت	نڈر	پھینکنا
olmak	yanmak	yatmak	yamak
ہونا	جلنا	لیٹنا	معاون
akmak	donmak	saçma	alçı
بہنا	جمنا	فضول	پلاسٹر

دیگر مثالیں :-

aldı (al-dı)	اس نے لیا
aldılar (al-dı-lar)	ان لوگوں نے لیا
almamışlar (al-ma-mış-lar)	انہوں نے نہیں لیا ہے
durdurulmuştur (dur-dur-ul-muş-tur)	وہ روکدئے گئے ہیں
doldurulmuştur (dol-dur-ul-muş-tur)	بھروا دیا گیا ہے
doldurmaktadır (dol-dur-mak-ta-dır)	برابر بھر رہا ہے
uzaklaştırmıştır (uzak-laş-tır-mış-tır)	اسنے دور کردیا ہے

hanım, hakan, bakan, bayar, sunay,
yıldız, yıldırım, altun, kuyaş
balaban, tarlan, çağlayan, aklık,
analık, sulu, kulluk, yolluk, solcu.

نوٹ : اس اصول سے صرف elma (سیب) anne والدہ اور kardeş وغیرہ خارج ہیں لیکن اناطولیہ میں انہیں alma ، ana اور kardaş (karındaş) ہی تلفظ کرتے ہیں- ترکی میں صرف لاحقے ہوتے ہیں یعنی ہر علامت صرف لفظ کے آخیر میں لگائی جاتی ہے-

اهم وضاحت

(ا) ğ کسی لفظ کے شروع میں نہیں آسکتا۔ اردو میں ڑ کا یہی حال ہے۔ یہ عام طور سے بے آواز ہے لیکن بعض جگہ ی کی بھی آواز دیتا ہے۔ مثال :-

ağa (قدیم املا آغا) موجودہ تلفظ آآ ' değil (قدیم املا دکل) موجودہ تلفظ دیل ہے۔

çağ (قدیم املا چاغ) موجودہ تلفظ چا ۔

(ب) (ء) دراصل کاما ہے جو ٹھیراو کو ظاہر کرنے کیلئے استعمال ہوتا ہے بعض اوقات (ء) اور (ع) کی آواز والے حروف کیلئے بھی مستعمل ہے مثالیں:

Ankara' dan (انقرہ سے)

tama'	(طمع)	mes'ut	(مسعود)	bedî	(بدیع)
mebde'	(مبدأ)	mes'ele	(مسئلہ)	mes'ul	(مسئول)
mak' hur	(مقہور)	kal'	(قلع)		

نوٹ (۸) کا نشان عام طور پر غیر ترکی الفاظ میں مستعمل ہے اور آ/ای کی آواز دیتا ہے جیسے İslâm (اسلام)' âlem (عالم)' ulûm (علوم)' şerîf (شریف) dîn (دین) علمی' ilmî وغیرہ میں - بعض اوقات آواز کو ہلکا کرنے کے لئے بھی استعمال کرتے ہیں - مثلاً lûgat (لغت) lûtf (لطف) وغیرہ -

جدید ترکی حروف تہجی کی تقسیم

SESLİ HARFLER حروف علت		SESSİZ HARFLER حروف صحیح	
Kalın موٹی (بھاری آواز)	İnce باریک (ہلکی آواز)	Sert سخت (حروف ثقیلہ)	Yumuşak ملائم حروف (حروف خفیفہ)
A I O U	E İ Ö Ü	Ç K P T F H S Ş	B C D G Ğ J L M N R V Y Z

جدید ترکی حروف علت کی تقسیم

مدوری (Yuvarlaklar)		غیر مدوری (Düzler)		
بالا (Yüksekler)	زیری (Alçaklar)	بالا (Yüksekler)	زیری (Alçaklar)	
U	O	I	A	عقبی (Art vokaller)
Ü	Ö	İ	E	پیشی (Ön vokaller)

TÜRKÇE — URDUCA

LÛGAT

ترکی -- اردو

لغت

(ج) بعض ترکی الفاظ میں جو (آ) نظر آتا ھے وہ دراصل A (آ) کی آواز ھے جسے ا' (e) کی آواز سے جدا کرنے کیلئے لکھتے تھے ورنہ ترکی میں کھینچ کر پڑھنے کا قاعدہ نہیں ھے وہ اتاترک کو آتاتورک لکھتے تھے لیکن تلفظ (Atatürk) کرتے جیسے ھم کرتے ھیں بہت سے مستشرق املا سے ناواقفیت کی بناء پر دھوکہ کھا گئے ھیں۔

(د) عثمانی میں شروع میں ق غ خ کی آواز موجود تھی جو استانبولی لہجے میں ک گ ہ کی شکل میں تبدیل ھوگئی ترکیہ کا معیاری طرز تحریر و تقریر استانبولی ھے۔ عثمانیوں نے آخری دور تک املا میں ق غ خ کا استعمال ضرور کیا لیکن صحیح معنوں میں تلفظ ک گ ہ ھی کرتے تھے۔ ترکی لفظ کے آخر میں ''o-ö'' نہیں آسکتے۔ اس کے علاوہ دو حروف علت اور ایک ھی قسم کے دو حروف صحیح بھی ساتھ ساتھ مستعمل نہیں ھیں۔ ٹ ڈ ڑ جھہ پھہ اور نون غنہ (ں) بھی اس زبان میں نہیں ھیں۔ مذکر و مونث کے لاحقے بھی نہیں ھوتے اور فعل جملہ کے آخر میں اردو کی طرح آتا ھے۔ اردو میں ı ö ü کی آواز موجود نہیں ھے ترکی ایک ایشیائی یا تورانی زبان ھے اور یورپ سے نہ تو قوم اور نہ زبان ھی کا کوئی تعلق ھے۔ اگر کسی ترکی لفظ میں g، ğ، h، اور k بھاری حروف علت یعنی A ı o u کے ساتھ آئے ھیں تو قدیم ترکی زبان کے اصول کے مطابق وہ غ/ق/اور خ لکھے جائیں گے مثلاً dağ داغ، çakmak چقمق، hakan خاقان hanım خانم/خانیم /۔ اس کے برعکس اگر ھلکے کے ساتھ آئیں تو ھمیشہ گ، ک، ہ ھی ھونگے جیسے bilgi بلگی، berk برک وغیرہ۔

نوٹ : ترکیہ کی ساڑھے تین کروڑ آبادی میں سے صرف استانبول کے لوگ غ ق خ صحیح ادا نہیں کرسکتے لیکن صوبوں کی زبانوں میں یہ صاف طور پر موجود ھیں چند سو سال قبل استانبول کی ترکی میں بھی یہ حروف موجود تھے۔

EK ضمیمہ
A

abacı عبا بنانے/بیچنے والا
abadi دبیز بادامی کاغذ
abajur (fanus) فانوس
abalı عباوالا ۔ عباپوش
aba-mak انکر کرنا
abandır-mak جھکانا ۔ اونٹ کو گھٹنوں کے بل بٹھانا
abani/ağbani زرد ریشمی حاشیہ دار سوتی کپڑا
aban-mak کسی چیز پر جھکنا ۔ ٹیک لگانا
abanoz آبنوس
abart-mak (obartmak) مبالغہ کرنا
abdal ابدال (تصوف)
abdülleziz ایک لذیذ اور رسیلا شہتوت کی قسم کا پھل
abes عبث
abıhayat آب حیات (قدیم ترکی میں آب حیوان بھی کہتے تھے)
âbide آثار ۔ یادگار
âbidevi آثاری ۔ یادگاری
abis نو(۹) ہزار میٹر سے زیادہ سمندر کی گہرائی
abluka ناکہ بندی
abonman چندہ خریداری ۔ پیشگی رقم جمع کرکے ایک مدت معینہ کیلئے خریدار بن جانا
abuk sabuk گپ شپ
abullabut بے سمجھ
abur cubur اناپ شناپ
abuzambak (abuk sabuk) گپ شپ
acaba کیا عجب ۔ مجھے تعجب ہے ۔ آیا
acaibi sebai âlem ہفت عجائبات عالم
acar طاقتور ۔ نیا ۔ ماہر۔باہمت
acele عجلت ۔ جلد بازی
aceleci جلد باز
acem مشرقی موسیقی کا ایک مقام
Acemce (Farsça) فارسی زبان
acemilik اناڑی پن ۔ جھجک
acemkürdi مشرقی موسیقی کا ایک مقام
acenta/acente ایجنسی ایجنٹ
acep (acaba) کیا عجب۔تعجب نہیں
aceze عاجز لوگ
acık تاخ ۔ رنج ۔ المیہ
acıkıl-mak بھوک لگنا

acıklı الم ناک ۔ تکلیف ۔ افسردہ
acıklılık افسردگی ۔ فلاکت
acık-mak بھوکا ہونا
acıksın-mak افسوس کرنا ۔ (müteessir olmak) رنجیدہ ہونا
acıktır-mak بھوک لگانا/بڑھانا
acılan-mak/ acılaş-mak تلخ ہونا
acılı غمناک ۔ کڑوے پن سے
acılık کڑواہٹ ۔ تلخی
acıma ترس ۔ مرحمت ۔ درد
acı-mak درد ہونا ۔ ترس کھانا
acımsı تلخ مزہ دینے والا
acımtırak ذرا تلخ/کڑوا
acındır-mak ترس دلانا
acın-mak رحم کھانا ۔ ترس آنا
acıt-mak تکلیف دینا ۔ دکھانا ۔ مزہ کڑوا کرنا
acibe (garîbe) عجیب و غریب عجوبہ
âcil تیز ۔ فوری
acip (tuhaf, garip) عجیب
âcizane عاجزانہ
acun/ajun (kâinat) کائنات ۔ دنیا ۔ سنسار
acur ایک بڑی ککڑی ۔ رو۔ی ککڑی۔
acuze بے ہنگم عمر رسیدہ خاتون ۔ عجوز
açgözlü (haris) حریص ۔ لالچی
açgözlülük (tamah, tamahkârlık) حرص ۔ طمع ۔ لالچ
açı (zaviye) زاویہ
açıcı کھولنے والا ۔ تلاشی لینے والا
açık (alenî) کھلا ۔ عیاں ۔ برملا
açığa çıkarmak (ihraç etmek) اخراج/خارج کرنا
açıkgözlü ہوشیار ۔ موقع سے فائدہ اٹھانیوالا
açıkgözlük ہوشیاری ۔ ہوشیاری کے کام/حرکات
açıklama (izahat) توضیح/وضاحت
açıklama yaptırmak وضاحت کرانا
açıklamalar (izahat) وضاحت
açıkla-mak (izah etmek/ tasrih etmek) تصریح/وضاحت کرنا

aç-mak کھولنا - فتح کرنا - انکشاف کرنا

açmalık میل دور کرنے اور اشیاء کو صاف کرنیکا مادہ/دوا

açmaz مشکل صورتحال - گومگو کی حالت

açtır-mak کھلوانا

adabı muaşeret آداب معاشرت

adale (kas) عضلہ - ادلہ

Adalet Bakanı وزیر انصاف/قانون

Adalet Bakanlığı وزارت انصاف

adaletli عادل - انصاف پسند - منصف -

adaletsiz بے انصاف - بے ایمان - غیر منصفانہ

adaletsizlik ناانصافی

adalı جزیرے کا باشندہ - بحرایجین کے جزیروں کا باشندہ -

adali عضلہ/ادلہ سے متعلق

ada-mak (nezretmek) قذر و نیاز چڑھانا/دینا - ونف کرنا - بھینٹ چڑھانا - نثار کرنا

açıklık وسعت - عریانی - ہلکا پن

açıktan بغیر محنت - دورہی دورسے

açılş (küşat) کشائی - افتتاح

açımla-mak (teşrih etmek) تشریح کرنا

açındır mak بڑھانا - پھیلانا - ترقی دینا

açınım پھیلاؤ - بڑھاؤ - ترقی

açın-mak (inkişaf etmek) کھلنا - پھیلایا جانا - بڑھایا جانا

açınsa-mak خاصیت معلوم کرلے کیلئے چھان بین/ تحقیق کرنا

açkı (perdah) کھولنے کا اوزار - سوراخ بڑا کرنے کا آلہ - سان

açkıcı تالا وغیرہ کھولنے کے اوزار بنانیوالا شخص

açkıla-mak چمکانا - سان پہ رکھنا - دھار رکھنا

açlık بھوک - قحط - محتاجی

açlık grevi بھوک ہڑتال

açma کشائی - داخل ہونے/نکلنے کا راستہ - ہموار/تیار کی ہوئی زمین -

adaylık (namzetlik) نامزدگی - امیدواری

adçekme (kur'a çekme/kur'a) قرعہ - قرعہ اندازی

addet-mek (saymak) شمار کرنا - سمجھنا

addolun-mak (sayılmak) شمار ہونا - سمجھا جانا

adem (yokluk) عدم - نیستی

ademi iktidar (iktidarsızlık) مردانہ کمزوری - نامردی

ademi tecavüz (saldırmazlık) جنگ نہ کرنے کا -

ademi merkeziyet usulü اصول عدم مرکزیت

Âdem evladı (Âdem oğlu) بنی آدم - اولادآدم

âdemiyet (insanlık) آدمیت - انسانیت

adese (mercek) عدسہ - لنس

âdet عادت

(örf ve âdet) عرف و عادت

âdet görmek حیض آنا

âdeta گویا - جیسے - تقریباً معمولی قسم کا - حسب معمول

adamakıllı به مطابق - اچھی طرح - مناسب - قاعدے کا -

adamca/ adamcasına انسانی طریقہ پر - قاعدے سے

adamcık شخص - فلاں

adamcıl انسان دوست - مانوس

adamlık انسانی - آدمیوں کی طرح

adamsız بے یارومددگار - بغیرنوکر

adamsızlık بے بسی - آدمیونکی کمی

adan-mak (adanıl-mak) نذر و نیاز دی جانا

âdap (töre) آداب - طور و طریقے

adaptasyon تصرف - حسب منشاء تبدیلی -

adapte حسب منشاء قبول کردہ - دوسرے سے لیا ہوا

adaş ہمنام

adat-mak نذر و نیاز دلانا - بھینٹ چڑھایا جانا

adavet (düşmanlık) عداوت - دشمنی

aday göstermek (namzet göstermek) نامزد کرنا امیدوار پیش کرنا

adaylığını koymak (namzetliğini koymak) امیدوار ہونا

adı anılan (mezkûr/sözü geçen) مذکور - مذکورہ
adım açmak تیز چلنا - قدم بڑھانا
adım atmak چلنا - پاؤں رکھنا - پہلا قدم رکھنا
adım başında ہر قدم پر - اکثر
adımını tek almak ہوشیاری سے قدم رکھنا
adımla-mak قدم/پاؤں سے ناپنا
adımlık کئی قدموں کا فاصلہ
(bir adım yer) چار قدم کا راستہ
adîl برابر - مساوی
adileş-mek پست/معمولی/گھٹیا ہونا
adîmülimkân ناممکن
adla-mak نام دھرنا نام رکھنا
adlan-mak برا نام پانا - نام رکھا جانا - موسوم ہونا
adlandır-mak نام رکھوانا
adlî منصفانہ - عدلی- عدالتی
af بخشش - عفو - معافی - معذرت
(bu işten affımı dilerim) مجھے اس کام سے بخشیں
genel af (umumi af) بخشش عام
afacan ذھین و شریر بچہ
âfak آفاق
âfaki خارجی-ادھر ادھر کی - معروضی-
âfakı آفاق/افق کو
afal afal بھولاچکا سا - حیرت زدہ -
afalla-mak (afallaş-mak) محوحیرت ہونا
afaroz/aforoz مردود - ملعون - اخراج - کلیسا کے حقوق سے محرومی
aferin آفرین - شاباش - شاباش
aferin almak سراہا جانا - شاباشی لینا
âfet آفت - مجازاً حسین خاتون
âfetzede مصیبت/آفت زدہ
affet-mek معاف کرنا
affederseniz اگر آپ معاف فرمائیں
affedersiniz آپ معاف کریں
Afgan (Efgan) افغان - پٹھان
Afgan kıralhğı افغان بادشاہت
Afganistan افغانستان
Afganlı افغانی (باشندہ افغانستان)

Afganî (Cemalettin) عظیم پان اسلامسٹ ایڈرعلامہ جمال الدین افغانی
afi دکھاوٹ - ناز و نخرہ
afi kesmek- اکڑنا -ناز و نخرہ کرنا
afiş نوٹس - باتصویر اشتہار
afiyet olsun اللہ عافیت دے (کھانے پہ بلانیوالے کو یا کھانا کھاتے دیکھ کر کہتے ہیں)
afsun/efsun (büyü, sihir) جادو - افسون - سحر
afsuncu (büyücü) جادو گر - ساحر
afsunla-mak (büyülemek) سحر/جادو کرنا
afsunlu (büyülü) جادو کیا ہوا
Afşar افشار نامی ترکمن قبیلہ جو افغانستان اور اناطولیہ میں آباد ہے
afur tafur اکڑفوں-نخرہ
afyonlu افیون ملا ہوا
afyonkeş افیم چی
Afyon افیون (ترکیہ کا صوبہ)
Afyonlu صوبہ افیون کا باشندہ
agâh آگاہ
agu خوشی کے وقت بچوں کی آواز آغوں آغوں
agula-mak بچے کا آغوں آغوں کرنا
ağabeylik برادرانہ برتاؤ - حمایت - بڑے بھائی کی طرح سلوک
ağaççık چھوٹا پیڑ
ağaç kakan کٹ بھوڑا چڑیا
ağaçla-mak (ağaçlandırmak) پیڑ لگانا
ağaçlandırma شجرکاری
ağaçlık پیڑوں والا مقام
ağaçsıl پیڑ سے متعلق - پیڑ کی قسم کا
ağalan - mak نوابوں کی طرح اکڑنا
ağalık نوابی - جاگیر داری - شریفانہ طور طریقے-
ağan (ağma, şahap, akanyıldız) شہاب ثاقب
ağarma سفیدی - سفیدی کی جھلک
ağar-mak سفید یا پیلا ہونا - پو پھٹنا - سفیدی جھلکنا
ağart-mak سفید بنانا/کرنا
ağı (zehir) زہر
ağıl باڑا - ہالہ -

Ahıbaba	اخی بابا (اخی تحریک کا سردار
Ahılık	اخی تحریک
ahibba (dostlar)	احباء - دوستان
ahiren	قریب/آخری زمانے میں
ahit	عہد - معاہدہ
ahde mugayir hareket	معاہدہ کی خلاف ورزی
ahitleş-mek (antlaşmak)	معاہدہ/عہد کرنا
ahitname (antlaşma kağıdı)	عہد نامہ - معاہدہ
ahlâf	جانشین - بعد کی نسل
ahlâkçı	اخلاقیات کا علمبردار
ahlâkdışı (töredışı)	غیر اخلاقی
ahlâklı	اخلاق والا - خوش اخلاق
ahlâklılık	خوش اخلاقی
ahlâksızlık	بے/بد اخلاق - بد تمیزی کی حرکت
ahlat	جنگلی ناشپاتی - بھدا - بدھو
ahlât	مادہ اربعہ (خون بلغم، صفراء سودا)
ahmak ıslatan	ہلکی - رم جھم (بارش)
ahali/ehali	اہالی
ahar	ڈریسنگ - مرہم پٹی - چکنائی کا کام
âhar	دوسرا - مختلف - کوئی اور
aharla-mak	ڈریسنگ کرنا - مرہم پٹی کرنا - چکنا کرنا
ahbaplık	دوستی
ahçı/aşçı	باورچی - خانساماں
ahçıbaşı/ aşçıbaşı	ہیڈ باورچی/خانساماں
ahçılık/aşçılık	باورچی کا کام
ahdet-mek	عہد کرنا
ahdî	معاہدہ/عہد کے مطابق
Ahdiatik	حضرت عیسیٰ سے قبل کی مقدس کتب (عیسائی)
Ahdicedit	حضرت عیسیٰ کے بعد کی مقدس کتاب
ahdüpeyman	عہد و پیمان
ahenk (uyum/ harmoni)	آہنگ - جوڑ
aheste (yavaş, ağır)	آہستہ - دھیرے
Ahi	اخی (اخی تحریک کا رکن)

ağızlık	چلم - پائپ - منہ پہ باندھنے کا تھیلا - دھانہ
ağızsız	بے منہ کا - خاموش طبیعت
ağlamaklı/ ağlamlı	رونے کے قریب
ağlamış/ ağlamsık	رو دینے والا
ağlamsa-mak	رونی صورت بنانا
ağlaş-mak	آپس میں رونا
ağlat-mak	رلانا
ağlayık	صورت سے خفگی/ ناخوشی کا اظہار
ağma (ağan, şahap, akanyıldız)	شہاب ثاقب
ağ-mak	اوپر اٹھنا - سرکنا
ağnam	بھیڑوں کا ٹیکس (عربی)
ağna-mak	لوٹنا (جانور)
ağrıkh	مریض - بیمار - تکلیف والا
ağrılı	تکلیف دہ
ağrısız	بے درد - درد/ زحمت دئے بغیر
ağrıt-mak	درد میں مبتلا کرنا - سر دکھانا
ağu/ağı	زہر
ağza-mak	تلفظ کرنا
ağıla-mak	زہر دینا - زہر کھلانا/ڈالنا
ağılı (zehirli)	زہریلا
ağıllan-mak	گروھالہ بننا - جمع ہو کر رکنا
ağırbaşlı (ciddi)	سنجیدہ - پروقار
ağırbaşlılık (ciddiyet)	سنجیدگی - وقار
ağırlama	عزت و تکریم - ایک راگ/لے
ağırla-mak	عزت و تکریم کرنا - دھیما ہونا
ağırlaş-mak	سنجیدہ/بھاری ہونا - بڑھنا - خراب ہونا/بڑنا
ağırlaştır-mak	بھاری کرنا - بڑانا
ağırlat-mak	تعظیم و عزت کرانا
ağırlık	وزن - بھاری - فوجی سامان جنگ/رسد کا بوجھ
ağırşak	قرص - پہیا - چپٹی چیز
ağırşaklan-mak	گلٹی پڑنا
ağıt (mersiye)	مرثیہ - نوحہ
ağızlaş-mak	اندر کی جانب کھلنا (رگوں کا)

ahretlik گود لیا/لی ہوئی بچہ/بچی جو گھر میں لوکر کی طرح رہے - آخرت کا

ahşap لکڑی

ahu (ceylan) آہو - ہرن

ahududu خار دار پودا

ahüvah آہ و واہ

ahvali sıhhiye صحیحی حالت

ahzi malumat eylemek (bilgi edinmek) معلومات اخذ کرنا

ahz ve tevkif etmek (tutmak) پکڑنا - گرفتار کرنا

ahzüita (alışveriş) لین دین

aidat (kesenek) ادائگی - زرچندہ

aidiyet تعلق - بارے

ailelik/ailevi گھریلو - خانگی - خاندانی

ait (ilişkin) عائد - متعلق - بارے میں -

ait olmak (ilişkin olmak) متعلق ہونا

(size ait) تم/آپ سے متعلق

(bana ait) میرے متعلق

(kime ait ?) کس سے متعلق - کس کا ؟

ona aittir. اس سے متعلق ہے - اس کا ہے

ajan ایجنٹ - دلال - خفیہ کام پر مامور

ajanda ایجنڈا - یادداشت

ajans خبررساں ایجنسی - تجارتی موٴسسہ کی شاخ

ajur کشیدہ کاری

akabe خطرہ - درہ

akabinde (arkasından) اسکے عقب سے

akaç نالی - پرنالہ

akalli (enaz) کم سے کم

akademi اکادمی- اکیڈمی

akaryakıt (mayi mahrukat) سیال ایندھن (پیٹرول قبل)

akbaş سمندری قاز

akça (beyazca) قدرے سفید - سکہ

akçalı (malî) مالی

akçe/akça (nakit/par) اسلا : آقچا ، آقچہ، اخچہ اغچا وغیرہ نقدی - نقد - مبلغ - چاندی کا ترکی سکہ (ہند میں بھی لفظ آخچہ مستعمل تھا)

akçıl رنگ اڑا ہوا

akdem مقدم - اقدم

akdemce پہلے پہلے

akdet-mek معاہدہ/عقد کرنا

akı سخی - بہادر

akı (seyelân) بہاؤ

âkıbet عاقبت - خاتمہ

akıcı (selis) سلیس

akıcılık (selâset) سلاست

âkıd معاہدہ کر لے والا

âkılâne عاقلانہ

akılcılık (usçuluk) عقلیت

akılık (cömertlık) سخاوت - بہادری

akıllılık عقلمندی - عاقلانہ کام

akılsız بے عقل

akılsızlık بے عقلی

akım (cereyan) دھارا - بہاؤ - کرنٹ

akımlık/akak (mecra) نالی - پرنالہ

akıncılar دشمن کے ملک پر چھاپہ مارلوالے عثمانی فوجی

akındırık رال - چوڑ وغیرہ کا گوند

akıntı بہاؤ - میلان - دھارا

akış بہاؤ کی شکل - بہیرا - دوڑ

akışkan (seyyal) سیال

akıt-mak انڈیلنا - بہانا

akız (seyyale) بہتی ہوئی چیز

akidesi bozuk بد عقیدہ

akik عقیق

âkilülhaşyiş (otçul) گھاس پہ گزربسر کرنیوالا

âkilülkül (hepçil) سب کچھ کھانیوالا

âkilüllühum (etçil) گوشت کھا کر زندگی گزارنے والا

akim (kısır, veremsiz) بانجھ - بنجر

akis (yankı, ters, zıt) عکس ، ضد ، برعکس ، صدائے باز گشت

akis uyandırmak اثرانداز ہونا - تاثر پیدا کرنا

akit عقد معاہدہ

akdetmek انعقاد/معاہدہ کرنا

akkor دھکتا ہوا (انگارا)

akkuyruk ایک قسم کی چائے

akla-mak (terbiye etmek) ترتہیب دینا - صاف کرنا (مسودہ)

aklan (maile) ڈھلان

aklan-mak ہری/سفید ہونا
aklen عقلاً
aklık سفیدی
aklıselim (sağduyu) عقل سلیم
akli عقلی
akliyat عقلیات
akliye (akıl hastalıkları) دماغی امراض
akliyeci ماہر امراض دماغی
akma شہاب ثاقب - بہاؤ - سیل - دھارا
ak-mak بہنا - جاری ہونا
akordet-mek معیار پہ لانا - درست کرنا
akraba (yakın, hısım) رشتہ‌دار - قرابت دار
akrabalık (hısımlık, yakınlık) قرابت‌داری - قربت
akran ہم رتبہ/پلہ
aksa عارضہ - نقص (ترکی)
aksâ اقصیٰ (دور کا - عربی)
(Mağribi aksâ) مغرب اقصیٰ
aksakal مکھیا - گاؤں کا سن رسیدہ شخص
aksa-mak (sekteye uğramak) لنگڑانا - لنگڑا ہونا - بیچ میں رہجانا
aksata (alışveriş) لین دین
aksat-mak لنگڑا کرنا - بیچ میں کرنا
akset-mek گونجنا - عکس ڈالنا سنائی پڑنا
aksettir-mek سنانا - منعکس کرانا
aksır-mak چھینکنا
aksırt-mak چھینک آنے کا سبب بننا
aksilen-mek بر عکس معاملہ کرنا
aksilik الٹاپن - ضد
aksine اسکے بر عکس
aksiseda (yankı) صدائے باز گشت
aksiyon بانڈ (حصص)
aksülâmel (tepki) ردعمل - اثر
akşamcı شام کو کام کرنے کا عادی - عادی شرابی
akşamgüneşi آخری ایام (حیات)
akşamla-mak شام کرنا - شام تک رک جانا
akşamleyin بوقت شام
akşamlı sabahlı صبح و شام والا

akşam üstü شام کے وقت
(akşam üzeri) بوقت غروب آفتاب
aktar بساطی - پنساری
aktarlık بساطی/پنساری کا کام
aktarma (münakale, nakil etme) نقل و حرکت - منتقلی - تبدیلی (ریل و بس وغیرہ)
aktar-mak (nakletmek) ایک سواری سے دوسری پہ جانا - خالی کرنا
aktavşan جنگلی موٹا چوہا
aktör ایکٹر
aktris ایکٹرس
aktüalite روزمرہ کا - روز کا واقعہ/خبر
akvam (kavimler) اقوام - قومیں
akvaryum ماہی خانہ - مچھلی گھر
al لے لے (صیغۂ امر)
al لال - سرخ - فریب
al bayrak سرخ جھنڈا (ترکی پرچم)
âl خاندان - آل (عربی)
al çat,al pat لے مٹھ کی کھا - لے ایک اور رسید کرتا ہوں
ala کئی رنگ والا
alakart اپنی پسند کے مطابق کھانا
ala ala الا الا کہکر چلانا
âlâ اعلیٰ
alabaş ایک نبات/ہودا
alaca کئی رنگوں والا - ملا ہوا
alaca bulaca بہت سے رنگوں والا
alaca verece لین دین کا معاملہ (teslim tesellüm muamelesi)
alacak وہ لیگا - ملنے والا پیسہ - لینے والا
alâcaklı دوسرے کو دیا ہوا روپیہ
alacalan-mak رنگ تبدیل کرنا
alacalı کئی رنگوں والا
alacık خیمہ - جھونپڑی
alafranga مغربی طرز کا
alafranga şarkılar مغربی/یورپی گانے
(alaturka) مشرقی طرز کا
(alaturka yemekler) مشرقی طرز کے کھانے
alâimisema (eleğimsağma/gökkuşağı) دھنک - دھنش - قوس و قزح

alâka (ilgi/ilişik) تعلق - دلچسپی

alâkabahş (ilgilendirici) تعلق پیدا کرنے والا

alâkadar (ilgili) متعلق

alâkadar etmek (ilgilendirmek) دلچسپی/تعلق پیدا کرنا

alâkadar olmak (ilgilenmek) دلچسپی لینا

alâkalan-mak (ilgilenmek) دلچسپی لینا

alâkalı متعلق - بارے میں

alâkasız (ilgisiz) غیر متعلق

alako - mak/ alakoy-mak/ alıkoy - mak رو کے رکھنا - تھام لینا- باز رکھنا

alâküllihal بس یوں ہی - حتی الامکان

alala-mak (kamufle etmek) صحیح شکل تبدیل کرنا

Alaman/Alman المانی - جرمن (باشندہ)

Alaman'a جرمن کو

alamana مچھلی کے شکار کی کشتی

(Almanya) جرمنی

alâmet (marka) مارکہ - علامت

alan talan, alan taran (karmakarışık) گڈ مڈ

alarga راستہ صاف ہے (سمندر)

alârm الارم - خطرہ

alaşağı etmek نیچے گرانا - پٹکنا

alaşım میل - اختلاط

alaturka مشرقی طرز کا

alavere ہاتھوں ہاتھ پہونچانا - فساد -

alay bozan ایک قسم کی فلیتہ والی بندوق

alaycı مسخرہ - مذاق اڑانیوالا

alâyiş دکھاوٹ

alaylı تمسخر والا

alaylı ایک معمولی فوجی افسر

alaz (alev) شعلہ

alazla-mak آنچ پہ رکھنا

alazlan-mak (alazlaş-mak) آنچ پہ رکھا جانا -رخ دھبوں کا نکلنا

albatr ایک قسم کا سنگ مرمر

albeni (cazibe) جذب - کشش

alçacık بہت نیچا

alçakgönüllü منکسرالمزاج

alçakgönüllülük منکسرالمزاجی

alçaklık نشیب - نیچاپن - ذلیل حرکت

alçalma زمین کی ہمواری

alçal-mak نیچے آنا - نیچا ہونا

alçalt-mak نیچا کرنا

alçarak ذرا نیچا

Azerbaycan آذربائیجان (دراصل یہ لفظ ترکی نہیں ہے)

alçı پلاسٹر (پیرس)

aldanç جلدی فریب میں آنے والا

aldan-mak دھوکہ کھانا - غلطی کرنا - بیوقت کا پھول کھلنا

aldatıl-mak دھوکہ دیا جانا

aldandım مجھے دھوکہ ہو گیا

aldatm aca فریب کا کھیل

aldat-mak دھوکہ دینا - وعدہ خلافی کرنا

aldattım میں نے دھوکہ دیا

aldırış ٹالنے کا کام

aldırış etmemek اہمیت نہ دینا

aldırışsız (lâkayt) گھاس نہ ڈالنے والا - لاپرواہ

aldır-mak دلانا - منگانا - اہمیت دینا

aldırmaz غیر پابند - لاپرواہ

aldırmazlık پابندی سے آزاد

alâcayip نہایت ہی عجیب و غریب

alelâcele (çarçabuk) بہت جلدی

alelâde (basbayağı) معمولی - ادنیٰ

alel-ıtlak (genel olarak) عام طور پر

alelûmum (genellikle) باالعموم

alem (bayrak) علم - پرچم - جھنڈا

alemdar (bayraktar/ sancaktar) علمبردار

âlem عالم - دنیا - حلقہ - کیفیت - تفریح

(İslâm âlemi) عالم اسلام

(Ticaret âlemi) تجارتی حلقہ

(fahriâlem) فخرعالم (آنحضرت)

âlemde حال میں

âlemşümul (evrensel) عالمگیر

alenen علانیہ

alenî (açık) کھلا ہوا -

alenî mahkeme کھلی عدالت

aleniyet کشادگی - صافدلی -

aleniyete çıkarmak (gün ışığına çıkartmak) روشنی میں لانا - ظاہر کردینا

alessabah	علی‌الصباح
alesta	تیار - حاضر
alet	اوزار - آلہ - عضو - آلۂ کار
alev	شعلہ
alev kesilmek	آگ پکڑنا
alev saçağı sarmak	خطرناک صورت اختیار کرنا
Alevî	شیعہ
Alevilik	شیعت - شیعہ مذہب
alevlendir-mek	شعلہ بھڑکانا
alevlen-mek	شعلہ پکڑنا
alevli	شعلہ انگیز/بیان
aleyh	خلاف - مخالف
aleyhe dönmek	خلاف ہوجانا
aleyhinde olmak	مخالفت میں رہنا/کرنا
aleyhinde söylemek	خلاف بولنا
aleyhine (karşı)	مخالف
aleyhine olmak	مخالفت کرنا
aleyhte olmak	مخالف ہونا
aleyhte söyleme (diluzatma)	زبان درازی
(lehte)	موافقت میں
aleyhtar	مخالف
aleyhtarlık	مخالفت
aleykümselâm	وعلیکم السلام
(selâmünaleyküm/ selâmaleyküm)	اسلام‌علیکم
alfabe	حروف تہجی
(Türk Alfabesi)	ترکی حروف تہجی
(Urdu Alfabesi)	اردو حروف تہجی
(yazı)	رسم‌الخط - خط
algı	افیون جمع کرنیکا چمچہ - ادراک -
algıla-mak	ادراک کرنا
alıcı (müşteri)	خریدار - گاہک
alıcı melek	جان لیوا (عزرائیل)
alık	ناتجربہ کار و بھونچکا
alıklık	بھونچکا پن
alım (mübayya)	بیع-لین-خرید - پرکشش
alım satım	لین دین - تجارت - خرید و فروخت
alımcı (tahsildar)	تحصیلدار
alımlı	جاذب
alımsız	بے رنگ
alın	تولے لے (صیغۂ امر)
alın	پیشانی
alın damarı çatlamak	شرم وحیا کاباقی نہ رہنا

alın teri	محنت مشقت
alınında yazılmış olmak	تقدیر میں ہونا
alındı (makbuz)	رسید - لےلیا گیا
alıngan	جلدی روٹھنےوالا - حساس
alınlık	ٹیکا
alın yazısı (mukadderat)	مقدر - تقدیر
alın-mak	روٹھنا - لیا جانا
alırlık (idrak kabiliyeti)	قابلیت ادراک
Alır/Alur	وہ لیتا ہے - لینے والا بطور نام‌مستعمل ہے (آلور - الور)
alışık	مانوس‌ہ عادی
alış-mak	مانوس ہونا
alışıl-mak	مانوس کیا جانا
alışılmış (mutad/ âdet edinilmiş)	عادی
alışkanlık (itiyat)	عادت - انسیت
alışkı (âdet)	عادت
alışkın	خوگر - عادی
alış-mak	عادت پڑنا - عادی ہونا
alıştırma (temrin, idman)	مشق - تمرین
alıştır-mak	عادت ڈلوانا - مطابق کرنا
alışveriş	لین دین
Alî (Hazret)	خلیفۃالمسلمین حضرت علی‌کرم‌اللہ‌وجہ
âli (yüksek, yüce)	عالی
âli intihap heyeti (yüksek seçim kurulu)	اعلیٰ انتخابی‌بورڈ
âli tahkik keyeti (yüksek soruşturma kurulu)	اعلیٰ تحقیقاتی بورڈ
âliaba	آل محمد
âlicenap	شریف
alikıran	انتہائی جابر
alil (hastalıklı)	علیل - مریض
âlim (bilgin)	عالم
alîmallah	واللہ‌اعلم‌بالصواب
alkali	الکلی
alkalik	الکلی والا
alkalölçer (alkalimetre)	الکلی میٹر
alkım (alâimisema)	قوس و قزح
alkış	واہ واہ - تالی بجانا
alkışçı	تماشائی - تالی بجانیوالا

alkışla-mak	واہ واہ کرنا - تالی بجانا
alkil	روح الکحل
alkol	الکحل - اسپرٹ
alkolik	الکحل ملا ہوا
alkolizm	الکحل پینے کی عادت
Allah (Tanrı)	اللہ
Allah aşkına	اللہ واسطے
Allah bağışlasın	اللہ آفت سے محفوظ رکھے -
Allaha ısmarladık	خدا حافظ
Allahtan kork	اللہ سے ڈرو
Allahtan korkmaz	خدا سے خوف نہ کرنیوالا
Allah ü âlem	واللہ اعلم بالصواب
allahlık	بے ضرر و بے مصرف
allahsız (mülhit)	ملحد - بے دین
allâk	دوغلا - فریبی
allak bullak (alt üst)	اوپر نیچے - گڈمڈ
allâme	علامہ
allasen	اگر اللہ کو چاہتے ہو تو
allı	سرخ رنگ والا
allık	لالی - سرخی (خواتین)
alma	لینے کا - مت لے
Alma - Ata/ Elma - Ata	الما آتا(مرکزقزاقستان)
al-mak	لینا - حاصل کرنا - جذب کرنا - خریدنا - سمانا - ٹپکنا - قبول کرنا - ساتھ لیجانا - مبتلا ہونا - کاٹنا - چھاجانا - نکالنا
Alman (Alaman)	جرمن - المانی
alma-mak	نہ لینا - برا نہ ماننا
Almanca	جرمن زبان
almaş (becayiş)	تبدیلیٔ کار بہ رضاو خوشی
alo	ہیلو
alo... Alo...	ہیلو ہیلو - آپ
neresi orası?	کہاں سے بول رہے ہیں
alp	سورما - بہادر - ہردل عزیز جانباز - بعض لہجوں میں Alap اور alf بھی ہے
Alp Er Tonga (Afrasiyab)	افراسیاب ~~بلاخلعمر Elburlu~~
alpaka	الپا کا
alşimi (simya)	الکمی - کیمیا گری

alt (taht)	تحت - نیچے - نیچے کا حصہ - بعد میں آنیوالا - زمینی - نچلا
alt bilinç (tahteşşuur)	تحت الشعور
Altay dağları	آلتائی پہاڑ
altı (6, VI)	چھ-شش
altı karış beberuhi	چھ بالشت کا آدمی (ہونا)
altıgen (müseddes)	مسدس
altık (zımni, mütedahil)	ضمناً
Altı kardeş (Zatülkürsi)	چھ بھائی (ستاروں کا جھرمٹ)
altın	سونا (دھات) زرین - تحت - قدیم ترکی میں طلائی سکہ - سنہرا - دیگرلہجوں میں آلتون اور آلتان بھی ہے - نام میں آلتونیہ اور آلتونہ مستعمل ہیں -
altınsuyu	سونے کا پانی
altın tutsa, toprak olur	سونا بھی ہاتھ میں لے تو مٹی میں تبدیل ہوجائے
altın baş	عمدہ قسم کا خربوزہ
altıncı	چھٹا - ششم
altın top (greypfrut)	خشک میوہ
altıntopu	خوبصورت و گول مٹول/بچہ
altı parmak	چھ انگلیوں والا
altı patlar	چھ فائر والا پستول
alt karşıt (tahtı mütezat)	متضاد (قواعد)
altla-mak (idraç etmek)	نیچے درج کرنا - خاص معاملہ کرنا
altlı üstlü	نیچے اوپر کا
altlık	نیچے رکھی جانیوالی چیز
altmış (60,LX)	ساٹھ (٦٠) بعض لہجوں میں قلب (فوج) کے معنی میں-ملاحظہ ہو İletmiş اور İltutmış
altmışaltı (66)	چھیاسٹھ
altmışaltıya bağlamak	دھوکے/غلط فہمی میں رکھنا - طے کرنا
altmışar	ہر ایک کو ساٹھ
altmışıncı	ساٹھواں
alt sınıf	متوسط طبقہ
alt şube	ماتحت یا دوسرے درجہ کا شعبہ

altuni	سنہرا
altuniye	آلتونیہ (بطور نام مستعمل ہے)
alt üst	نیچے اوپر - زیر و زبر
alt üst etmek	زیر و زبر کرنا - خاک چھان ڈالنا
alüfte (iffetsiz kadın)	بے عفت خاتون
alümin	ایک قیمتی پتھر
alüminyum	المونیم
al yanak	سرخ گالوں والا
âm	عام -
(katliâm)	قتل عام
amaç (gaye, maksat,hedef)	مقصد - غایت آماج
ambar	گودام
ana tüzük (esas nizamname, esas mukavelename)	دستور - اندورنی نظم و نسق
anakara (kıta)	براعظم
anapara (sermaye)	سرمایہ
anayasa	آئین - دستور
and içmek (yemin etmek)	قسم کھانا - حلف اٹھانا
andıran (mümasil)	مماثل - شباہت والا
andırı (muhtıra)	یاد - یادداشت - میمورنڈم
andır-mak	یاد کرانا - مشابہت ہونا
anı (hatıra)	تذکرہ - یاد - توزک - سوانح - سرگذشت
anık (müstait)	بااستعداد - مستعد - تیار
anıklık (istidat)	استعداد - مستعدی تیاری
anıksız	نااہل
anır-mak	چلانا (گدھا)
anıştırma (telmih,ima)	ایما - تلمیح
Anıt-Kabir	یاد گاری قبر (مزار اتاترک)
anlamlı (manalı)	معنی‌دار - مفہوم والا
anlattıklarına göre	اس کے بیان کرنے کے مطابق
anlatım özelliği (uslüp)	اسلوب
anneciğim	میری پیاری ماں
aptes (abdest)	وضو

aptes almak	وضو کرنا
aptes bozmak	وضو توڑنا
küçük aptes	استنجا - پیشاب
büyük aptes	پاخانہ - گو
aracılık (tavassut, vesatet)	توسط - وساطت
araç (vasıta)	ذریعہ - اوزار - واسطہ
ardıl düşünce (gizli ve kötü düşünce)	پوشیدہ و خیال بد
Argun	ارغون (ترکی-تاتاری قبیلہ)
arkası var	پیچھے اور آرہا ہے - بقایا -
arkası gelecek	باقی آئندہ
arıtma (tasfiye)	تصفیہ - پاکی صفایا - خاتمہ
armağan	ارمغان
Arya/Ari	آریا (نسل)
aşama (derece, mertebe, rütbe)	درجہ- عہدہ- مرتبہ
aşım yer	تیرے/اس کے کھانے کو کھاتا ہے
aşılan-mak	ٹیکہ لگوانا
aşırılık (ifrat)	انتہا پسندی
at oynatmak	گھوڑے دوڑانا
ata-mak (bir vazifeyi tayin etmek)	کسی کام پر مامور کرنا
atan-mak (bir vazifeyi tayin olunmak)	کسی کام پر مامور کیا جانا
atılış (hamle)	وار - حملہ
atlayış	چھلانگ - جھپٹ
avunç (teselli)	تسلی
Aydede	چاند/چندا دادا (اردو میں چندا ماموں)
ayaklanma (isyan,ihtilâl)	بغاوت - عذر
Aybek	ایبک(مشہور ترکمن قبیلہ)
aydınlanıp güclenerek (ilham ve kuvvet alarak	الہام و قوت لیکر
aylık abone	ماہانہ موسمی/ سیزن ٹکٹ
aymaz (gafil)	غافل
aymazca (gafilce)	غافلانہ
ayraç (parantez)	جملۂ معترضہ - قوسین یعنی علامت: ( )
ayrıca	خصوصاً - جدا طریقہ سے
ayrıcalık (imtiyaz)	تمیز - امتیاز - جدائی

ayrıcalık hakları اپنے مفاد کو نظر انداز کر کے دوسروں کو مراعات دینا (kapitülasyonlar)

ayrıntı (teferruat, tefsilât) تفصیلات - تفرعات

azınlık (ekalliyet) اقلیت

B

baba-anue دادی

(dokuz baba) نو باپ کا (حرامی)

babacığım میرے پیارے والد

Babur/Babür بابر - ناموں میں مستعمل ہے (بعض لہجوں میں املا بابور ، ببر بھی ہے معنی: دریائی شیر- بعض کے نزدیک ترکی الاصل نہیں ہے)

bağdaşık (insicamlı) ملا ہوا

bağdaşma (imtizaç) امتزاج

bağımlı (kayıtlı) رجسٹرڈ - داخل دفتر

bağımlılık (tabiiyet) تابعداری - نیشنلٹی

bağımsız (müstakil) آزاد

bağımsızlık (istiklâl) آزادی - استقلال

bağışlık (muafiyet) معافی - درگذر

bağıtçı (âkit) معاہدہ کرنے والا

bagıtlaş-mak (sözleşme akdetmek) آپس میں معاہدہ کرنا طے کرنا

bağlantı (irtibat) ارتباط

bağlaşık (müttefik) متفق

bağnazlık (taassup) تعصب

bakalım دیکھیں توسہی

bakınız ملاحظہ فرمائیں - دیکھیں

bana مجھے - مجھکو

bangu/bengü/ ابدی (زیادہ تر

bengi/mengü) ناموں میں مستعمل ہے

baş dümanı ایک نمبر دشمن

başarı کامیابی

daşarısız نا کامیاب

başıbozuk (sivil) منظم - غیر سول

başına gelenler سرگذشت- آپبیتی

başkaldır-mak (isyan etmek) بغاوت کرنا

başkan (âmir, reis) صدر - رئیس - حاکم

başlamış olan شروع کردہ/کنندہ

bayana عورت/لیڈی/مس کو

bayi بائع - فروخت کنندہ

beceri(liyaket) لیاقت

beğeni (zevk) ذوق - شوق

belge (vesika) وثیقہ سند

belirgin (bariz) بارز - صاف ظاہر

belir-mek (tayin etmek) مقرر/متعین کرنا

belirlen-mek (tezahür etmek) ظاہر ہونا

belirsizlik (müphemiyet) ابہام

bellilik (işaret) اشارہ - سگنل

bendeydi میرے پاس تھا

bendesi آسکا بندہ

beni مجھے - میری ذات کو

Beluc/Beluç بلوچ - بلوچی

Beluç dili بلوچی زبان

Belucistan بلوچستان

Belucistanlı بلوچستانی - بلوچی

bencil (hodkâm) خود پسند/کام

bende idi میرے پاس تھا

bendedir میرے پاس ہے

bendesi اس کا بندہ

beni مجھے- میری ذات کو

Bengalca بنگلہ زبان

Bengali بنگالی

(Batı Bengal) مغربی بنگال

(Doğu Bengal) مشرقی بنگال

Şarki Pakistan (Doğu Pakistan) مشرقی پاکستان

bengi/bengü ابدی

benzetleme (nazire) نظیر - مشابہ غزل/ شعر کہنا

beraberce ساتھ ساتھ

berkit-mek (tahkimetmek) استحکام بخشنا - مضبوط کرنا

bibi(hala) پھوپھی

bilbedahe فی البدیہ

bildiri (tebliğ) اطلاع - نوٹس - کمیونک - بلٹن

bildiriş نوٹس- خبر

bilge (hakim, filozof) حکمراں - فلسفی

bilinç (şuur) شعور

bilisiz (cahil) جاہل

bir de ایک اور بھی

Birdi (Verdi) بیردی/بردی(اس نے دیا) ناموں میں مستعمل ہے جیسے تنگری بیردی (خدا بخش)

birey (fert) فرد

boş özür (uydurma mazeret) عذر لنگ

bölgesel (mahallî) علاقائی

Buğra/Boğra ناموں میں مستعمل ہے - (قدیم ترکی میں اونٹ کے معنی میں - املا بوغرا ، بوغرہ ، بغرا، وغیرہ اور استانبولی تلفظ بوگرا/بورا)

bulunç (vicdan) وجدان

bunluk (buhran, sıkıntı) تنگی - بحران

bulundurmaları ان کی موجودگی

buyrultu (irade, emir yazılı kağıt) فرمان - حکمنامہ

büyükleme (gurur) افتخار - غرور

C

candan dost جگری دوست

canhıraş دل خراش

Canik صامسون شہر کا قدیم نام (ترکی)

cılız نہایت ہی کمزور

cılk سڑا - بدبودار انڈا

cırboğa ریگستانی چوہا

cırcır بے ہودہ - جھنجھنا (باجا)

cır cır böceği بہت دیر تک چیں چیں ریں ریں ریں - شیں شیں شیں کرنیوالا کیڑا

cırılda-mak چیں چیں ریں ریں کرنا

cırıltı ریں ریں - چیں چیں کی آواز

cırlak ناخوشگوار آواز - چیں چیں کرنیوالا کیڑا

cırlayık چھوٹی شکار کی چڑیا

cıvıl cıvıl ötmek خوب چہچہانا

cıvıltı چہچہاہٹ

cıyak cıyak چائیں چائیں آواز نکالنا - رونا

cıyırda-mak چرچر کی آواز ہونا (کپڑے کا پھٹنا)

cıyırtı چرچر پھٹنے کی آواز

cız cız ہائے ہائے

çelişme (tezat) تضاد

Çerkes (Çerkez) چرکس - کوہ قاف کی ایک حسین اور بہادر مسلم قوم جس نے مصر پہ حکومت کی

çeviriniz آپ الٹیں پلٹیں/ہٹائیں- ترجمہ کریں -

çeteci چھاپہ مار

çevren (ufuk) افق

çevrile-mek (te'vil etmek) تاؤیل کرنا

çıkar (fayda, menfaat) فائدہ - منفعت

çıkma (not, derkenar, haşiye) حاشیہ - نوٹ

çıktı وہ نکلا - شائع/ جاری ہوا - چڑھا

çırp-mak کاٹنا - چیرنا - چرالینا - جھٹکنا - ہلانا

çizen تصویر کش

çiziniz آپ نشان کریں - قلم زد کریں

çizgili نشان/دھاریدار

çözüm (hal) حل

cızır cızır کھانا وغیرہ پکنے وقت کی آواز (ابلنے کی)

cibilliyetsiz بدخو

cirit نیزہ - بھالا

civciv چوزہ

civcivli گھمسان - ہنگامہ خیز دھوم دھام والا

cik cik cik چوزہ/گوریا/چڑیا کے بچے کی آواز

coşku (beyecan) جوش - ہیجان

Ç

çağıl çağıl پانی بہنے کی آواز

çağrı genelgesi (davet tamimi) بلاوے کا سرکلر/ نوٹس طلبی

çalışarak کام کرکے

çamurlan-mak مٹی بھرنا/لگنا - کیچڑ لگنا

çan çan çan بچے کھیلتے وقت کہتے ہیں

çaşıt (casus) جاسوس

çaşıtlık (casusluk) جاسوسی

çatal çatal کٹا پھٹا - کانٹے دار

D

da/de/ta/te	میں - پر - اندر - در
dan/den/tan/ten	سے - از
dır/dir/dur/dür/ tır/tir/tur/tür	ہے - ہیں
dahası (hattâ)	حتیٰ
dalcık	چھوٹی سی ڈال
davetli	مدعو
dayanç (azim)	عزم
dayanga (mevzi)	شست - موقع
dayanışık (mütesanit)	ملا ہوا - جڑا ہوا - متحد
dayanışma (tesanüt)	وحدت - مشترکہ کارروائی
dedi	اس نے کہا
dediler	انہوں نے کہا
diyerek	کہتے ہوئے - کہہ کر
değerleme (teveccüh)	توجہ
değildir	نہیں ہے
değilim	میں نہیں ہوں
değildim/değil idim	میں نہیں تھا
değim (liyakat)	لیاقت
değin (kadar)	قدر - تک - تلک
değin-mek (temas etmek)	تعلق پیدا کرنا - ملنا
değişim (tahavvül)	تغیر و تبدل
dek (kadar)	تک - تلک
demeç (beyanat)	بیان
denetim (kontrol/ murakabe)	کنٹرول - نگرانی
denetle-mek (murakabe etmek)	کنٹرول کرنا
denge (muazene)	توازن - موازنہ
derece	مرتبہ - درجہ - ڈگری
Devamı varmı?	کیا یہ (مضمون) جاری ہے ؟
Devamı 7. sayfada.	صفحہ ۷ پہ جاری ہے
Devamı sa. 7. Sü. 3 te.	جاری ہے ملاحظہ ہو صفحہ سات اور کالم نمبر ۳ -
denli (gibi)	مثل - طرح
ersem	اگر میں کہتا ہوں
dersi	اس کا سبق

dersim	میرا سبق
dernekler yasası (cemiyetler kanunu)	قانون تأسیس جماعت
devrim (inkilâp)	الٹ پھیر - انقلاب
dış	خارجہ - خارج - خارجی - غیرملکی
dikenli dikenli	کانٹے/خاردار
dilmaç (tercüman)	ترجمان
dil uzluğu (belâgat)	بلاغت
dinsel (dinî)	دینی - مذہبی
dip not	صفحہ کے نیچے کا نوٹ
direnç (metanet)	متانت - سنجیدگی
direnek (istihkâm)	قلعہ بندی - محفوظ جگہ
direnme (mukavemet)	مقاومت
dirlik (huzur, refah)	امن و امان - رفاہ
doğal (tabiî)	فطری - پیدائشی - طبعی - قدرتی
doğrula-mak (tasdik, teyit etmek)	تصدیق/تائید کرنا
doğrultu (istikamet)	استقامت
doku-mak	بننا (کپڑا) - لمبے بانس سے پھل گرانا -
dokunca (zarar)	نقصان - ضرر
dokuncalı (zararlı)	ضرر رساں - مضر
dokunmazlık (masuniyet)	بچاؤ - روک
dolan-mak	لپٹنا - چکر کاٹنا - پھرنا
donan-mak (teçhiz etmek)	سجانا - لیس کرنا
duraksama (tereddüt)	تردد - ٹھہراؤ
durulgun (sakin)	ساکن - خاموش
durum (hal, vaziyet)	حال - صورتحال
duyarlı (hisli)	حساس
duyarlık (teessür)	احساس - جذبہ - رنج
düzenbağı (disiplin)	نظم و ضبط - ڈسپلن
düzenleme (tertîbetme)	ترتیب - نظام

E

Ebû Bekir (Hazret)	خلیفہ اول حضرت ابوبکر صدیق
ederim	میں کرتا ہوں
ediyorum	میں کر رہا ہوں
eğemen (müstakil)	آزاد
eğemenlik (hakimiyet)	آزادی - حاکمیت
ekledi	جوڑ دیا
elâ	زردی مائل
elde	ہاتھ میں
elden geldiğince (mümkün olduğu kadar)	حتی الامکان
eller yukarı	ہاتھ اوپر کرو (فوج)
ellerinizden öperim	آپ کے ہاتھ کو بوسہ دیتا ہوں (چھوٹے بڑوں کو کہتے ہیں)
elmacık	چھوٹا سا سیب
elti	دیورانی - جٹھانی
enişte	پھوپھا - خالو - بہنوئی
emsali	اس کی مثال
[illegible]	[illegible]
eleştiri (tenkit)	تنقید
erek (gaye)	غایت - مقصد
ergin	مکمل - بالغ - مرشد
erginlik (rüşt, kemâl)	رشد - کمال
erk (iktidar, kudret, nüfuz)	طاقت - اثر و رسوخ
erteleme (başka zaman bırakma)	کل پہ نہ ٹال
ertlik (meslek)	پیشہ - مسلک
esenlik (selâmet)	سلامت
esindir-mek (ilham etmek)	(الہام) کرنا - دل میں بات ڈالنا
esin-mek (mülhem olmak)	الہام/ملہم ہونا -
eş almak	رفیق/ساتھی شمار کرنا
eşim	میرے رفیق - میرے میاں/بیوی
eşitlik (müsavat)	مساوات - برابری
etek tüyü	موٹے زیر ناف
etek (âmil, müessir)	عامل - موثر - اثر انداز
etki (tesir)	تاثیر - اثر
etkin (faal)	فعال - سرگرم
etmen (âmil)	عامل
etmez	نہیں کرتا
evanjolizm	انجیل کی تعلیم
evre (safha)	میدان - جولانگاہ

eylemli (fiili, ameli)	عملی - فعلی
Eyup Sultan	حضرت ابوایوب انصاری استانبول میں اسی نام کی مسجد و محلہ

F

Fatmacık	پیاری/چھوٹی/ بیچاری فاطمہ
Fıçıcık	چھوٹا سا ڈرم/ڈبہ
Fulya (Zerrin nergis)	نرگس
fâris	سواری - ماہر
fârisan	سوار - ماہر لوگ
Fâris	ایران (متروک)
(Bahrı Fâris/ Basra Körfezi)	خلیج فارس
Fârisî, Fârisiyye	۱- متعلق بہ ایران ۲- فارسی زبان (کم مستعمل)
Fârisiyyat	ایرانی ادب (تقریباً متروک)
Fürs	اہل فارس - ملت فارس - قدیم ایران
fürsî (Farslı)	فارس والا ملاحظہ ہو: İran/Fars/Acem

G

gagalamış	چونچ ماردی ہے
gak gak	کائیں کائیں (کوا)
gayri kabili itiraz	ناقابل اعتراض
gayri kabili kıyas	ناقابل قیاس
gayir kabili şifa	ناقابل علاج/شفا
gayri kabili tahammül	ناقابل برداشت
gayri kabili telâfi	ناقابل تلافی
gayri lâyık	نالائق
gayri mahdut	لامحدود
gayri mahsus	ناقابل احساس
gayri makul	نامعقول
gayri malûm	نامعلوم
gayri memnun	ناخوش
gayri menkul	غیر منقولہ
gayri muntzam	غیر منظم
gayri mümkün	ناممکن

gayri münasip	نامناسب
gayri münbit	بے آب و گیاہ - بنجر
gayri müsait	نامساعد
gayri müslim	غیر مسلم
gayri vazıh	غیر واضح
gayri müfarik	ناقابل جدا
gayri şuuri	غیر شعوری
gayri şeffaf	غیر شفاف
gayri zati	جو ذاتی نہ ہو
gayur	غیور - جوشیلا
gayz	غیض و غضب
gayzer	گیسر
gaz	گیس
gaz bezi	گاڑھا/مارکین
gaz borusu	گیس کی پائپ لائن
gaz halinde	گیس کی شکل میں
gaz haline gelmek	گیس میں تبدیل ہونا
gaz haline getirmek	گیس میں تبدیل کرنا
gaz-ocağı	گیس کا چولہا
gaza (gazve)	غزا - غزوہ
uyuşmazlık نظریاتی اختلاف کےباعث نزاع/ناچاقی

uyştur-mak بے حس/بے ھوش کرنا - نیند میں مبتلا کرنا- مفاھمت کرانا

uyuşturucu ilâç بے حس/بے ھوش کرنیکی دوا

uyuşuk کاھل - سست - بے حس - دھیما

uyuşukluk کاھلی - سستی - ڈھیلاپن

uyut-mak سلادینا -عمل تنویم کرنا کم کرنا

uyutucu ilâç خواب آوردوا

uyutul-mak سلایاجانا - عمل تنویم کیا جانا

uyuz ناکارہ - نکما - کھجلی- کھجلی میں مبتلا

uyuz olmak کھجلی میں مبتلا ھونا

uz کارآمد - مفید- مناسب - فصیح

az gitti uz gitti dere tepe düzgitti قصہ کہانی میں مستعمل ھے

uzak فاصلے پہ - مجال-دور

uzaduyum (telepati) ٹیلی پیتھی

uzagörüm (televizyon) ٹیلی ویژن

uzakta bulunmak دور رھنا

uzaktan akraba دور کا رشتہ دار

uzaktan görmemek دور کی چیزنہ دیکھپانا

uzaktan uzağa ذرا - دور سے/کا

uzaklaş-mak اوجھل/دورھوجانا

uzaklaştır-mak دور کردینا/بھیجنا

uzaklaştırıcı مغوی - اغوا کرنیوالا

uzaklık دوری - فاصلہ - بعد-مسافت

Uzakdoğu/Uzakşark مشرق بعید

uza-mak طول پکڑنا - لمبا ھونا

uzan-mak ٹھوڑا آرام کرنیکی نیت سے لیٹنا - ٹانگ پھیلا کرلیٹنا - پڑا کرنا - دور تک ایجانا

uzatıl-mak بڑھایا جانا - طول دیا جانا

uzatma پھیلاؤ - بڑھاؤ - التواء - تاخیر - مچھلی شکار کرنیکا کانٹا

uzat-mak بڑھانا - طول دینا- پڑا کرنا - پھیلانا

uzatmıyalım ھمیں طول دینے کی ضرورت نہیں ھے

uzattır-mak بڑھوانا - لمبا کرانا

uzay (feza) فضا - مکان

uzgidim (hüsnühal) عمدہ چال چلن

uzgören/uzgörür (dûrendiş) دوراندیش

uzgüdü (hüsnüniyet) نیک نیتی - خیرسگالی

uzbilim (ihtısas) مہارت - تخصص

uzlaş-mak باھمی اختلاف ختم کر کے مل جانا

uzman (mütehassıs) ماھرفن - متخصص

uzun طویل - لمبا - دراز

uzun etmek طول دینا

uzun iş مشکل کام

uzun kulaklı لمبے کان والا (گدھا)

uzun mesafe لمبا فاصلہ

uzun sürmek پائدار ھونا - طول پکڑنا-زیادہ دیرتک رھنا

uzun tutmak الجھادینا-پیچیدہ بنانا

uzun-uzadıya طول دیکر - اچھی طرح

uzunca تفصیل سے

uzun eşek لمبا گدھا (ایک کھیل جس میں کئی لوگ جھکتے ھیں اور دوسرے لوگ آ آ کر (انکی پیٹھ پر چڑھتے ھیں)

uzunlaş-mak طویل/لمبا ھوجانا(قد)

uzuyazı (hüsnühat) خطاطی - خوش‌خطی

uzvi (organik) عضوی - نامی - نامیاتی - ترکیبی

uzviyet (organizma) جسم‌نامی - ساخت - بناوٹ - ترتیب اعضاء جسم نباتی/حیوانی - هئیت اجتماعی - نظام

uzunlaştır-mak لمبا کردینا - بڑھا دینا

uzunluk لمبائی - درازی - طول

uzuv (örgen/organ/üye/azâ) عضو - اعضاء - ممبر

uzvu-tenis عورت کا عضو (کم مستعمل)

uzvu-tezkir نر - حامل زر (کم مستعمل)

Ü

ücret اجرت

ücretli اجرت پر کام کرنیوالا - مزدور

ücretsiz بلا اجرت/تنخواہ -

üç تین - سہ (۳)

üç ay صرف تین ماہ

üç aylar چوتھائی - تین ماہ (حج کے)

üç aydabir/üçaylık سہ ماہی

üçbaşlı سہ گوشی

üç buçuk ساڑھے تین

üç buçuk atmak خوف طاری ہونا

üçe ayırmak تین حصوں میں بانٹنا

üçer هرایک کو تین

üçer üçer تین تین کے حساب سے

üçgen (müselles) مثلث

Üçhoran (teslis) تثلیث

üçle-mek تین حصوں میں تقسیم کرنا - تین میں بٹ جانا

üçleş-mek تین ہوجانا

üçlü ثلاثہ - تینوں

üçlü pakt معاہدہ ثلاثہ

üçüncü تیسرا

üçüncüsü ان میں سے تیسرا

üçüncülük تیسرا درجہ/تین نمبر پر آنیوالا

üçüz ایک ساتھ تین پیدا ہونے والے

üçüzlü تین بچوں کو جنم دینے والی

üfle-mek بجانا - پھونکنا - پھونک مارنا

üflen-mek بھراجانا - پھونکاجانا

üflet-mek بھرنا - پھلانا - پھونکنا

üfür-mek پھونک سے علاج کرنا - پھلا کر چلانا

üfürt-mek پھونک سے علاج کرانا - پھونکوانا

üfürük جھاڑ پھونک (دعاوغیرہ)

üfürükçü پھونکنے والا - جھاڑ پھونک سے علاج کرنیوالا

üleş حصہ - ٹکڑا -

üleşçi حصہ دار

üleş-mek حصہ دار ہونا - حصہ کرنا

üleştirme بٹوارہ - تقسیم

üleştir-mek بانٹنا - حصہ الگ کرنا

ülke مملکت - ملک

Ülker (Süreyya) ثریا

ülkü (mefkure) فکر - خیال - نظریہ - مثالی - مطمح نظر - نصب العین

ülkücülük (mefkûrecilik) تصوریت - عینیت - مثالیت

ülser (yara) پھوڑا - زخم

ültimatom الٹی میٹم

ümera امراء - نواب - فوجی افسران

ümit (umut) امید - آس

umit verici امید افزا

ümidinde bulunmak امید لگانا

ümidini kesmek ناامید ہونا

ümit dünyası bu دنیا امیدوں پہ قائم ہے

ümitbahş امید افزا

ünle-mek	پکارنا
Üranüs	یورانس سیارہ
Ürdün	اردن - شرق اردن
ürem (faiz)	منافع - سود (تجارت)
üreme	افزائش - تناسل
üren (nesil/döl)	نسل
ürkek	بدکنے والا - کھٹکے میں رہنے والا
ürkeklik	کھٹکا - جھجھک
ürk-mek	بدکنا - بھڑکنا - ڈرجانا
ürkü (panik)	خوف و دہشت - انتشار
ürkürük (merdümgiriz)	آدم بیزار
ürküt-mek	بدکانا - بھڑکانا - ڈرانا
ürper-mek	خوف سے بالوں کا کھڑا ہوجانا
ürü-mek	بھونکنا (کتا وغیرہ)
ürün (mahsul)	پیداوار
üryani	ایک قسم کی ترکی ہیر
üs	مستقر - اڈا - مرکز
(deniz üssü)	بحری مستقر
(hava üssü)	ہوائی مستقر
Üsküdar	اسکودار/اسکوٹاری (ایشیائی استانبول میں)
atı alan Üsküdara geçti	اب پچھتانے سے کیا فائدہ (یعنی گھوڑا لیکر بھاگنے والا اسکودار سے بھی گذر گیا
üsküf	ایک پگڑی (آدھا حصہ پیچھے لٹکتا تھا)
üslûp	اسلوب - طرز
üssubay	میجر، لفٹی ننٹ کرنل، کرنل وغیرہ
üst	اوپر - بالا - ظاہری - خارجی - لباس - اپنے سے بڑا - ذمہ داری کا کام - بقایا
üst gelmek	سبقت لیجانا -
üste	اس کے علاوہ - اس کے ساتھ
üstte	اوپر - چوٹی پر - سر کے اوپر
üstümde	میرے پاس
üstün	بہتر - اوپر - بڑے افسران
(birbiri üstünde)	ایک دوسرے کے اوپر

ümitlendirmek (umutlandırmak)	امید دلانا
ümitlen-mek (umutlanmak)	امید کرنا
ümitli	پرامید - امید میں
ümitsiz	ناامید
ümitsizlik	ناامیدی
ümitsizliğe düşmek	پست ہمت ہونا
ümit var	امید ہے
(aday)	امیدوار (نامزد)
ümitvar olmak	امیدوار/پرامید ہونا
ümitvarım	میں پرامید/امیدوار ہوں
ümmet-i Muhammed/ Muhammed ümmeti	امت محمدیہ
ün (san, şan)	شہرت - نامداری - شان
ünlü (meşhur)	مشہور - نامدار -
üniforma	فوجی وردی/یونیفارم
üniformalı	باوردی فوجی
üniversite (dârülfünun)	یونیورسٹی - جامعہ (دارالفنون اب متروک ہے)
üniversite mezunu	یونیورسٹی کی آخری تعلیم ختم کرنیوالا
üniversite profesörü	یونیورسٹی پروفیسر
üniversiteye devam etmek	یونیورسٹی میں تعلیم جاری رکھنا
üniversiteli	یونیورسٹی والا
(Karaçi Üniversitesi Rektörü)	وائس چانسلر کراچی یونیورسٹی/شیخ الجامعہ کراچی
(Erzurum Üniversitesi Edebiyat Fakültesi Dekanı)	ڈین آرٹس فیکلٹی ارضروم یونیورسٹی (ترکیہ)
üniversite tahsili	یونیورسٹی کی تعلیم
üniversite binası	عمارت جامعہ - یونیورسٹی بلڈنگ
üniversite diploması	یونیورسٹی ڈگری
üniversite hürriyeti	یونیورسٹی کی آزادی/ خود مختاری
ünlem (nida)	ندا (قواعد) (جیسے eyvah, oh, ah (aferin, dehşet, yazık

üstüne almak اپنے ذمہ لینا

üstüne basmak سر پہ چمانا

üstüne varmak اوپر چڑھجانا۔ اکسانا

üstüne yatmak اوپر لیٹنا (روپیہ پیسہ ہضم کرلینا)

üstünü اوپری حصہ - بقایا۔ ریزگاری

üstat استاد۔ماہر

üsteğmen فرسٹ لفٹیننٹ

üstele-mek لگنا - آپڑنا ۔شریک ہونا

üstelik زیادہ - فاضل۔ بدلہ میں

üstinsan (fevkalbeşer) مافوق البشر

üstsubay/ üssubay بڑے فوجی افسران

üstün اونچا - فائق

üstün çıkmak سبقت لے جانا

üstün tutmak ترجیح دینا - بڑاسمجھنا

üstüne (üzerine) سبب سے - پر

üstünlük بڑائی - عظمت - فوقیت

üstüvane (silindir) -لنڈر

üş-mek جمع ہونا - لگ جانا۔ گھر جانا

üşü-mek سردی لگنا

üşür عشر (۱۰/۱ زمین کا) (متروک)

üşüş-mek بھیڑ لگنا - جمع ہونا

üşüt-mek سردی لگنے کاسب بننا۔ سردی لگنا

üt-mek جھلسانا - سینکنا - آگ دکھانا - آگ یا حرارت پر سے گذارنا - ہرانا

ütü لوہا (استری)- استری کا کام - اتو - گرم پانی کی دیگ جس کے بھاپ سے کپڑے کے کیڑوں کو ماراجاتاہے - محمود کاشغری کی دیوان میں ütük ہے بعض لہجوں میں ütüg ہے اردو کا اتو اسی سے ہے

ütü yapmak استری کرنا

ütüsü bozulmak استری کی ضرورت ہونا - شکن/استری خراب ہونا

ütü tutmak اچھی طرح استری ہونا

üzere/üzre واسطے۔ لئے۔ خاطر۔ شرط کے ساتھ - جیسا کہ۔ جس طریقہ سے - قریب

üzeri اوپری حصہ - جسم۔ ذمہ - متعلق - پاس۔پر

(öğle üzeri) دوپہر کے وقت

üzerimde میرے پاس

üzerimden مجھ سے

üzerime میرے اوپر - مجھسے متعلق

üzerine پہ - پر۔ سبب - وجہ

(bunun üzerine) اس سبب سے - اس پر

üzerine almak اپنے اوپرلینا

üzerine atmak کسی کے سپرد کرنا

üzerlik خوشنما پھول وا لاایک پودا

üzgü (eziyet) اذیت - جفا - ظلم

üzgülü (eziyetli) موذی

üzgün بے درمان - لاعلاج

üzlük روزمرہ کی چیز - مٹی کا برتن(پیالہ -رکابی)

ütü yapmek لوہا/استری کرنا

ütücü استری کرنیوالا

ütüle-mek لوہا/استری کرنا - دہانا - جھلسا کر بال کو الگ کردینا

ütülen-mek استری ہونا - جھلسایا جانا

ütülenmiş/ ütülü استری کیا ہوا - جھلسا ہوا(مرغ وغیرہ)

ütület-mek استری کرانا - جھلسا کر صاف کرانا

ütül-mek پٹکا جانا - دبایاجانا - کھیل میں ہارنا

ütüsüz بغیر استری کا

üvey evlât سوتیلی اولاد

üveyk/üveyik جنگلی کبوتر/فاختہ

üvey mek غٹرغوں غٹرگوں کرنا

üye (âza) ممبر۔ اعضاء - رکن

(meclis üyesi/ meclis âzası) ممبر اسمبلی

üyelik (âzalık) ممبری - رکنیت

üz-mek زحمت دینا - پریشان کرنا - غم میں مبتلا کرنا - کسی چیز کو کھینچکر چھوڑ دینا

üzücü پریشان کن

üzül-mek پریشان/غمگین ہونا

üzüm suyu عرق انگور

üzüm üzüme baka baka kararır انگور انگور کو دیکھکرسیاہ ہوتاہے/خربوزہ خربوزے کو دیکھکر رنگ پکڑتاہے

üzümünüye de bağını sorma انگور کھاانگور کے باغ کا حال مت پوچھ/ آم کھانے سے مطلب یا پیڑ گننے سے کام

üzümsü meyva انگور خربوزہ وغیرہ میٹھے پھلوں کیلئے مستعمل ہے

üzüntü پریشانی-غم - کدر - رنج - محنت و مشقت

üzüntü çekmek پریشانی اٹھانا - رنج و غم میں مبتلا ہونا

üzüntülü پریشان کن -زحمت والا پریشان - رنجیدہ - وہ شخص جسکے دیکھ بھال کی سخت ضرورت ہے

üzüntüsüz بے رنج و غم - تفکرات سے آزاد

V

vabeste (bağlı) وابستہ - تابع

vâcip واجب - ضروری

vâcibe فرض - فریضہ

vâde وعدہ - (ادائگی) مہلت

vâdesi gelmek وعدہ کا پورا ہونا (اجل کا آنا)

vâdeli قسط پر - وعدہ پہ

vâdesiz بوقع پہ - جاری

vâdetmek وعدہ کرنا

vâdi وادی - راہ - طرز

vaftiz بپتسمہ

vagon ریل کاڈبہ - ویگن

vagonet چھوٹا ڈبا/ویگن

vah vah هائے هائے - افسوس/ رنج و غم کی علامت

(hay hay) واہ واہ - کیاخوب

vah zavallı هائے بیچارہ

vâha نخلستان

vahamet خطرناک حالت

vâhî فضول - واہی تباہی - خالی

vahim وہم - ہیبت

vahîm انتہائی خطرناک - بھیانک

vâhime (kuruntu) بے بنیاد خوف

vahiy وحی

vahşet (yabanıllık) وحشت

vahşi(yabanıl) جنگلی - وحشی

vahşilik وحشت

vaız وعظ

vaiz واعظ

vaka (olgu) سانحہ - وقوعہ

vakaa گرچہ - واقعی بات- جتنا بھی - واقعہ

vaka mahalli جائے وقوعہ

vakarlı (ağırbaşlı) باوقار

vakayi وقائع - واقعات

Vakayi (Baburun Hatıratı/ Tüzük-i- Baburi) وقائع:- (بابرنامہ - تزک بابری) ترکی فاتح بادشاہ بابر کی خودنوشت سوانح حیات)

vakfiye وقف نامہ

vâkı (olmuş) واقع - واقع ہوا

vakıa (olut) واقعہ - وقوع پذیر ہونیوالا

vakıf وقف

vâkıfa (bilen) واقف

vakıfname/ vakfiye وقف/وقف نامہ - دستاویز وقف

(hakkiyle vâkıf) کماحقہ واقف

vaki حامی - محافظ

vakit/vakt زمانہ - وقت - عصر

vakit buldukça جب بھی وقت ملے

vaktü hali yerinde کھاتا پیتا/خوشحال

vaktaki جس/اسوقت کہ

vaktiyle پہلے- ایک وقت/زمانے میں

vakitli جا-بجا - برمحل- وقت پہ

vakitli vakitsiz جابجا- وقت بے وقت-موقع بے موقع

vakitsiz بے وقت/موقع

vakum (boşluk) خلاء

vakur (vakarlı/ağırbaşlı) پروقار

vali (ilbay) گورنر - صوبیدار-والی - (ترکی میں ۶۹ کے قریب صوبے ہیں وہاں کا گورنر پاکستانی کمشنر کے برابر ہوتا ہے)

(vali vekili) قائم مقام گورنر

(umumi vali) وائسرائے- گورنرجنرل

(Ankara Valisi) انقرہ کا گورنر

valide (ana/anne) والدہ - ماں

validelik (analık) مامتا

valilik ولایت - صوبہ - صوبہ‌داری - گورنری

valiz چھوٹی تولیا

vallahi بخدا

vampir مردوں کا خون چوسنے والا- خون پینے والی بڑی چمگادڑ

vantilatör ایک قسم کا پنکھا

vapur اسٹیمر - دخانی جہاز

vapur iskelesi پلیٹ فارم (اسٹیمر)

vapurla بذریعہ اسٹیمر

vapurlu اسٹیمر والا

var ہے - ہست - موجود

vardır موجود ہے

(yoktan var-etmeak) عدم سے وجود میں لانا

var kuvvetiyle پوری طاقت سے

varol (yaşa) شاباش-زندہ‌باد

var-olmak موجود ہونا

varolsun زندہ‌باد - شاباش

var yemez (cimri) انتہائی کنجوس

var yok ہے یا نہیں - وجود، شکوک ہے

(bir var,bir yok) عارضی- عبوری - کسی زمانے میں- ایک زمانے کا ذکر ہے - غیر یقینی

(bir varmış' bir yokmuş) کسی/ایک زمانے میں

varını yoğunu feda etmek اپنا سب کچھ فدا کرنا

varmı? کیا موجود ہے؟

varsa yoksa ہو یا نہ ہو

varsın gitsin دفع ہو/چلا جائے

varak ورق - پتی

varaka کاغذ - لکھا ہوا کاغذ - رقعہ

varakçı ورق (چاندی وغیرہ) بیچنے/بنانیوالا

varakla-mak ورق چسپاں کرکے سجانا

varaklan-mak ورق ورق ہونا- ورق میں تبدیل ہونا

varaklı ورق دار/والا - ورق میں تبدیل شدہ

varda ہوشیار - سنبھل جاؤ

vardabandıra جہاز میں اشارے کرنیوالا شخص

vardakosta ساحلی حفاظتی کشتی - نمائش والی عورت

vardırıl-mak پہونچنا-پہونچایا جانا

vardır-mak پہونچانا

vardiya کشتی/جہاز کا پہرے دار

vareste وارستہ - نجات یافتہ

varıl-mak واصل ہونا پہونچنا

varış رسائی - پہونچ - کیاست

vargı (hedef) پہونچ - ہدف

varışlılık (kiyaset) کیاست

varidat (gelir) پیداوار - آمدنی

varide آئے ہوئے اوراق/کاغذات

varil پیپا

varis پھولی ہوئی (ورید)

vâris (mirasçı) وارث

variyet (varlık, zenginlik) ہستی-وجود - مالداری

varlık ہستی - وجود - اہم

(bir varlık göstermek) توقع کئے جانیوالے کام کو کرنا

varlıklı کھاتا پیتا - معقول آمدنی والا

var-mak بے جھجک کرنا - جانا پہونچنا - واصل ہونا - بدمزگی پیدا ہو کر ختم ہونا

vasıtasiyle	آسکی کی توسط سے
vasıtalı	بالواسطه
vasıtasız	بلاتوسط/واسطه - براهراست
vasak	ایک خوفناک جانور (مثل جنگلی بلی)
vatan hasreti	وطن کی حسرت/یاد
vatan hainliği	وطن سے غداری
vatan sevgisi	حب وطن- حب الوطنی
vatandaş	شهری - نیشنل
(Türk vatandaşları)	ترکیه کے شهری
vatandaşlık (yurttaşlık)	شهریت - نیشنلٹی
vatanperver (vatansever/ yurtsever)	وطن پرور/دوست
vatansız	بے وطن - خانه بدوش
Vatikan Papası	باپائے روم/ویٹیکن
vatman	ٹرام ڈرائیور
vaveylâ koparmak	شور و واویله مچانا
vay	وائے - هائے - افسوس
(dili varmamak)	کہنے میں جھجک محسوس کرنا
varoş	فصیل/دیوار کے باهر محله
varsayım/ varsayış (faraziye' ipotez)	مفروضه - فرضیه - بے دلیل دعویٰ
varsay-mak	فرض کرنا
Varşova	وارسا (پولینڈ کا مرکز)
varta	ورطه - خطرناک صورتحال
vasat (orta)	وسط - اوسط درجے کا
vasatlı	وسطی- درمیانے درجے کا
vasıf (nitelik)	خاصیت - وصف - کیفیت
vasıflandır-mak	توصیف کرنا
(vasfı mümeyyiz)	امتیازی/خاص وصف
vasıl	وصل
vâsıl	واصل
vasıta (araç)	سواری - توسط - واسطه - ذریعه - اوزار
vasıtanızla	آپکی توسط سے

vazifemiz	همارا فرض
vazife almak	نوکر هونا - خدمت قبول کرنا
vazifeli/ vazifedar	کام/ڈیوٹی په
vazifesiz	بیکار - غیر متعلق
vazifesizlik (işsizlik)	بے کاری/روزگاری
vazifeşinas	فرض شناس
vazifeşinaslık	فرض شناسی
vaziyet	حالت - صورتحال
vaziyet almak	اشانه لینا- موقع په رهنا
(esas vaziyeti almak)	چوکنے کھڑا رهنا
vaziyet müsait	مساعد حالت
ve	اور - و
(din ve dünya)	دین و دنیا
vebal	وبال - گناه
vebali boynuna	گناه/وبال اسکی گردن پر
veballi	وبال والا
vebalı	وبائی
vay halimize	همارى حالت په افسوس
vay sen misin?	وائے کیاتو هے؟
vazelin	ویسلین
vaz'etmek	وعظ کہنا
vazgeçme	دستبرداری
vazgeç-mek	باز آنا - دستبردار هونا
vazgeçil-mek	دستبرداری په آماده کرنا
vazgeçti	وه باز آیا- اختلاف (ماضی کا)
vazı	وضع
vazı'yed	گرفتاری - پکڑ دهکڑ
vazıh (açık)	واضح - نمایاں
vazife (ödev'görev)	فریضه - کام - ڈیوٹی
vazife almak	نوکری ملنا
vazife aşkı	کام کی لگن/دهن
vazife başında	به حالت فریضه/کام/ ڈیوٹی په
vazifeedinmek	فرض سمجھنا/خیال کرنا
(ne vazifem)	مجھسے اس سے تعلق نہیں هے

vecibe (ödev)	فرض - واجب
vecih (yüz)	وجہ (چہرہ)
(berveçhi âti)	آگے - مستقبل میں
veda	الوداع - جدائی - رخصت
veda ziyafeti	الوداعی پارٹی
veda etmek	خیرباد کہنا
vedalaş-mak	الوداع کہنا- گلے ملنا
vefalı/vefakâr	وفادار - باوفا
vefasız	بے وفا
vefat (ölüm)	وفات - موت
vefiyat	اموات
vehham	وہمی
vehim	وہم
vehme kapılmak	وہم میں مبتلا ہونا
vekâlet (bakanlık)	وزارت - وکالت - منسٹری
(vekil)	وزیر - منسٹر
vekâlet etmek	وکالت کرنا
Vekaleten	وکالتاً
vekaletname	وکالتنامہ
vekil	وزیر - وکیل
vekil sıfatiyle	بہ حیثیت وکیل
vekil tâyin etmek	نمائندہ/وکیل مقرر کرنا
(Milli Müdaffa Vekili)	وزیردفاع قومی (ترکیہ)
vekillik	وزارت
veladetname	ولادت نامہ/پیدائش کا سرٹیفیکٹ
veled	ولد - لونڈا
(bila veled)	لاولد
veledi-zina(piç)	ولدالزنا - حرامی
velet/veled	ولد - لونڈا
velev	ولے - گوکہ
veli	ولی-سرپرست
velosipet/bisiklet	بائسیکل
Venedik	وینس
venüs hastalıkları	جنسی امراض
venüs (Çulpan)	وینس ستارہ

veraset hakkı	حق وراثت
verasetten ıskat etmek	وراثت سے محروم کرنا-عاق کرنا
verdir-mek	دلانا
vere	سپردگی (قلعہ وغیرہ کا)- ہتیار ڈالنے کی علامت (سفید پرچم)
verecek	وہ دیگا - قرض - ادھار
verem	تپ دق - ٹی بی - ٹی بی میں مبتلا
veremle mücadele	تپ دق کے خلاف مہم/جہاد
veremli	تپ دق کا مریض
verese	ورثاء
veresiye/veresi	ادھار بہ بے رضاورغبت
verse	اگر وہ دے
vergi	بخشش - داد (دین) ٹیکس
(Allah vergisi)	اللہ کی دین
vergi konmak/ vergi tarhedilmek	ٹیکس کا لگایا جانا
vergi tahsıldarı	ٹیکس کا کلکٹر
vergi yüklemek	ٹیکس عائد کرنا
vergili	دولتمند - سخی
verici	دینے والا- آگے بڑھانیوالا
verici cihaz	وائرلیس ٹرانسمیٹر
verile emri	ادائگی کا حکم (حکومت)
veril-mek	دیا جانا
verim	پیداوار- نتیجہ - ثمر
verimli	منافع بخش - پیداوار والا - زرخیز
verimlilik	زرخیزی
veriş	دین - دہش - دینے کا طریقہ
veriş-mek	بدلنا-تبادلہ کرنا- لین دین کرنا
(alış veriş)	لین دین
veriştir-mek	گالی گلوچ کرنا - خوب ولنا - بکنا
ver mek	بخشنا - ادا کرنا - پھیلانا - دینا
(kapı açılıverdi)	دروازہ فوراً کھل گیا
(İstanbuldan çıktık, ver elini Ankara)	استانبول سے چلے اور سیدھے انقرہ پہونچے
açık vermek	خسارہ/کمی ہونا

(açıktan vermek)	زیادہ ادا کرنا
(alıp verememek	اختلاف کرنا
(ara vermek)	دخل دینا - وقفہ دینا
(başbaşa vermek)	آپس میں مشورہ کرنا
(ele vermek)	غداری کرنا - پھر جانا
(el ele vermek)	ہاتھ میں ہاتھ دینا - اتفاق کرنا - ملکر کام کرنا
(omuz vermek)	کاندھا دینا
(zarar vermek)	نقصان پہونچانا
(zararına vermek)	خسارہ/گھاٹے پہ بیچنا
(almadan vermek Allaha mahsus)	بغیر لئے تو صرف اللہ دیتا ہے
vermeksizin	دئے بغیر
vermut	ایک قسم کی شراب
vernik	وارنش
Versay	ورسلیز
vesaik	اسناد - وثائق
vesail	ذریعہ آمدورفت - سواری
vesika (belge)	وثیقہ - سند
vesika ile	سند کے ذریعہ
vesikalı	پیشہ ورعورت - لائسنس/سند یافتہ طوائف
vesile aramk	بہانہ/وسیلہ تلاش کرنا
veteriner	مویشیوں کا ڈاکٹر
veto hakkı	حق تنسیخ/ویٹو
veya	ویا
veyahut (yahut)	ویا - یاخود
vezin	وزن
vezir	وزیر - شطرنج کا وزیر
vezirâzam/ sadrıâzam (başvekil/ başbakan)	صدر اعظم یعنی وزیر اعظم (متروک)
vezirlik/vekillik/ vekâlet	وزارت
vezne	خزانہ - مقام ادائگی - ترازو - میزان - لین دین (پیسہ) کی جگہ
vezneci	ترازو بنانے/بیچنے والا
veznedar	کیشیر - خزانچی
vız	خفیف آواز

virane	ویرانہ
viranelik	ویرانگی
viranlık	ویرانی
virgül	کاما/نشان (،)
(noktalı virgül)	علامت :(؛)
visamiral	وائس ایڈمرل
vişne	مربہ - جام - چٹنی
vites	گیئر (موٹر)
vitir	وتر (نماز)
Viyana Seferi	ویانہ کو سر کرنیکی مہم
viyolonist	عمدہ وائلون بجانیوالا
vize	ویزہ/ویزا
vizita/vizite	معائنہ (مریض) - ڈاکٹر کی فیس
voleybol	والی بال
volkan	آتش فشاں پہاڑ
volt	وولٹ
v.s. (ve saire)	وغیرہ/وغیرہ ہم
oyvoda	ووی ووڈا (یورپی ترکی میں غیر ترکی والی/گورنر)
vız	بھن بھن/سن/سائیں سائیں کی آواز
vızıltı	بھنبھناہٹ
vicdan	ایمان - ضمیر - وجدان
vicdan borcu	اخلاقی فرض
vicdan huzuru	ذہنی سکون - حضور قلب
vicdanına müracaat etmek	اپنے ضمیر سے پوچھنا
(temiz vicdan)	صاف ضمیر
vicdanlı	ایماندار - ضمیر والا
vicdansız	بے ضمیر - بے ایمان
vikont	وائی کاؤنٹ
viladi (anadan doğma)	پیدائشی
vilâyet (il)	ولایت - صوبہ
vilâyet özel idaresi	لوکل گورنمنٹ
vilâyetli	ملکی/صوبہ کا
vira	بغیر وقفہ/رکے ہوئے
viran (harap)	ویران - خراب - تباہ حال

vuku bulmak	وقوع پذیر ہونا
vukuu çoktur	یہ/وہ بہت ہوتا رہتا ہے
vukuat	واقعات - سانحہ
vukuf	وقوف
vukufsuz	(bilgisiz) ناواقف
vukufsuzluk	ناواقفیت
vurdur-mak	روادینا - پٹوادینا
vurgu (aksan)	زور - دباؤ - تلفظ - لب و لہجہ
vurgun	عاشق - ناجائز منافع - لوٹ مار
vurguncu	ناجائز منافع حاصل کرنیوالا
vurgunculuk	ناجائز منافع خوری - ذخیرہ اندوزی
vur-mak	کھٹکھٹانا - مارنا - ٹکرانا - گھونپ دینا
(açığa vurmak)	فاش/افشا کرنا
(adam vurmak)	آدمی مار دینا
(adama vurmak)	آدمی کو مارنا/ پیٹنا
(arkadan vurmak)	غداری کرنا - پیچھے سے مارنا
(dem vurmak)	دم مارنا - بات کرنا
(kapıya vurmak)	دروازہ پیٹنا
(zincire vurmak)	ہتھکڑی لگانا - زنجیر میں باندھنا
vuru	دھڑکن
vurul-mak	عاشق ہونا - مارا جانا - پیٹا جانا
vuruş	مار پیٹ - پٹائی - لڑائی - وار
(bir vuruşta)	ایک ہی مار/وار میں
vuruş-mak	جھگڑنا - ایکدوسرے کو مارنا
vuruştur-mak	آپس میں لڑوانا
vuzuh	روشنی - کشادہ - صفائی - چمک
vücut	وجود - جسم - بدن - تن
vücut bulmak	وجود میں آنا
vücude getirmek	پیدا کرنا - وجود میں لانا
vücut sağlığı	جسمانی صحت

vücutça	جسمانی طور
vücuttan düşmek	کمزور ہونا
vükelâ	وزراء (عثمانی دور میں)
vülelâ meclisi (bakanlar kurulu/ kabine/vükelâlık)	کابینہ
vürut	ورود - آمد
vürudunda	اسکی آمد پر
vüsat (genişlik)	کشادگی - وسعت
vüsati derecesinde	جہانتک ممکن ہے
vüsatli (geniş)	کشادہ - مالدار
vüsera (vezirler)	وزراء (متروک)

Y

ya	یا - یاتو - ارے - تو پھر
ya öylemi?	اچھا/ارے کیا ایسا طرح؟
olurmu ya?	کیا بھلا ایسے ہوتا ہے؟
olur dedim ya	کہدیا کہ ہوگا
ya herrü ya merrü	یاچت یاپٹ
ya siz, ya ben	یاتم ، یامیں
yaban	بیابان - جنگلی - اجنبی
(sözüm yabana)	میں نے جو کچھ کہا ہے معاف فرمائیں
(yabana atmak)	اہمیت نہ دینا
yabancı	اجنبی - اناڑی
yabanıl	جنگلی - وحشی - غیر مانوس - خودرو
yabanıllık	جنگلی پن - وحشت
yabani (yabanıl)	جنگلی - وحشی - ڈرپوک - چوکنا
yabanlık	خاص خاص مواقع پہ پہنا جانیوالا لباس
yabansı	عجیب و غریب
yad	غیر - دوسرا - اجنبی
yâd	یاد
yadırga-mak	اپنے کو اجنبی محسوس کرنا

Yafa یافہ - جافہ

yağ تیل - گھی - روغن - چربی - ویسلین

yağ bağlamak چربی دار ہونا

(yüreği yağ bağlamak) دل باغ باغ ہونا

yağbal نہایت ہی اطمینان بخش

yağ sürmek مکھن/روغن ملنا

kendi yağında kavrulmak اپنے تیل میں بھن جانا (بھوندے ہوئے کدوؤں میں گرجانا)

yağcı تیلی - تیل دینے والا- چاپلوس-مکھن باز

yağcılık مکھن/روغن وغیرہ کی تجارت - چاپلوسی

yağdanlık تیل رکھنے کا برتن

yağdır-mak برسانا

yöğhane - ڈیری فارم - تیل کا کارخانہ تیل کی دوکان

yağı دشمن - عدو

yağış برسات - ابررحمت - بارش کی مقدار

yağışlı بارش والا (علاقہ/ماہ)

yağız (esmer) بھورا

yağlama تیل مالش - مکھن بازی

yağla-mak تیل لگانا - تعریف کے پل باندھنا

yağlan-mak تیل لگنا - تیل/چربی پیدا کرنا - تیل سے میلا ہونا

yağlat-mak تیل کی مالش کرانا - روغن لگوانا

yağlı تر - روغن-چربی دار- چربی تیل سے بنا ہوا- منافع بخش

yağlı kuyruk چربی دار دم (منافع بخش کام)

yağlı lokma ترنوالہ - لقمۂ تر

yağlı müşteri زوردار/اچھا گاہک

yağlık بڑا رومال

yağma مال غنیمت - تاراج - لوٹ مار (اردو میں یغماخوان یغما میں مستعمل ہے)

Yağma مشہور ترکی قبیلہ یاغما/یاغمہ/یغما/یغمہ

yağma تاراج کرنا

yağsız بے رنگ وروغن - سوکھا

yahni یخنی

yahşi/yakşi (güzel) خوبصورت - اچھا (کم مستعمل)

yâhu اوہ - ارے - ذرا ادھر تو دیکھو

(bu ba geçer yâhu) ارے بھائی یہ بھی گزر جائیگا

Yahudi یہودی

Yahudi pazarlığı یہودیوں کی طرح مول بھاؤ

Yahudilik یہودیت

yahut یا - اوریا - یاتو/یاپھر

yaka ساحل -کالر - کنارا

(dik yaka) کھڑا کالر

(karşı yaka) آس پار/مقابل ساحل

kolalı yaka کلف لگا ہوا کالر

yaka paça etmek کالر پکڑنا - پکڑلینا

yaka silkmek اکتاجانا - تنگ آنا

(iki yakası bir araya gelmez) تالی دونوں ہاتھوں سے بجتی ہے

yağma yok مجھے بیوقوف بنانیکی کوشش نہ کرو

yağmacı لٹیرا - تباہ کار - قزاق

yağmacılık لوٹ مار کی عادت

yağ-mak نازل ہونا - برسنا - گرنا - انبار لگنا

yağmur بارش - برسات

yağmur dinmek/durmak بارش کا تھمنا

yağmur duası نماز استسقاء -بارش کی دعا

yağmur mevsimi برکھارت - موسم برسات

yağmur suyu برسات کا پانی

yağmur yağacak بارش ہونیوالی ہے

yağmur yağmak پانی گرنا - بارش ہونا

yağmurdan kaçarken doluya tutuldu بارش سے بھاگا مگر اولوں کا شکار ہو گیا

yağmurca ایک قسم کا ہرن

yağmurlu بارش/پانی/برسات والا

yağmurluk برساتی (کوٹ)

yakasına yapışmak	چمٹ جانا
yakasını sıyırmak	جان چھڑانا - بچانا
yakayı ele vermek	پکڑا جانا - نہ بھاگ پانا
yakacak (mahrukat)	جلانے کے قابل لکڑی، تیل کوئلہ وغیرہ
yakalama	پکڑ دھکڑ - گرفتاری
yakala-mak	پکڑنا - گرفتار کرنا - دھر لینا
yakalan-mak	پکڑا جانا - گرفتار ہونا
yakalat-mak	پکڑانا - گرفتار کرانا
yakalık	کالر بنانیکے قابل
yakan/yakıcı	جلانے/جلا دینے والا
yakarış (münacat)	مناجات - دعا - منت سماجت
yakar-mak	پناہ لینا - منت سماجت کرنا - گڑگڑانا
yakı	اپٹن - دھونی - لوبان وغیرہ
yakıcı	جلانے والا - دھونی والا - اپٹن بنانے بیچنے والا
yakıl-mak	جلا یا جانا - جلنا

yakın	قریب - نزدیک
yakın akraba	قریبی عزیز
yakına gelmek	نزدیک آنا
yakında	آخری زمانے میں - قریب زمانے میں
Yakındoğu/ Yakınşark	مشرق قریب
yakınlaş-mak	قریب آنا - قربت پیدا ہونا
yakınlaştır-mak	قریب کرنا - قربت پیدا کرنا
yakınlık	قربت - نزدیکی
yakışık	مناسبت - مطابقت
yakışıklı	خوبصورت - حسین (مردوں کے لئے مستعمل)
yakışıksız	نامناسب
yakış-mak	اچھا لگنا - جچنا
yakıştır-mak	مناسبت پیدا کرنا - شایان شان سمجھنا
(bunu size yakıştıramadım)	میرے خیال میں یہ آپکو زیب نہیں دیتا
yakıt	ایندھن
yakîn	یقین (عربی لفظ)

yal	کتوں کا کھانا
yalak	جانوروں کے پانی پینے کا برتن
yala-mak	چاٹنا - منہ لگانا
(avucunu yalamak)	کف افسوس ملنا
(tükürdüğünü yalamak)	تھوکے ہوئے کو چاٹنا (ذلیل ہونا)
yalan	جھوٹ - کذب - دروغ
yalan-dolan	جھوٹ موٹ
yalan söylemek	جھوٹ بولنا
yalan uydurmak	جھوٹ گڑھنا
yalan yanlış	غلط - جھوٹ موٹ
yalandan	جھوٹ موٹ
yalanını tutmak	جھوٹ کو پکڑ لینا
(iş bitiriciyalan)	سفید جھوٹ
(yalancı)	جھوٹا - کاذب - نقلی - جعلی
yalancısı olmak	نادانستہ طور پر دوسرے کے جھوٹ کو دھرانا

yaklaşık (takribî)	تقریباً - لگ بھگ
yaklaş-mak	قریب پہونچنا/ہونا
yaklaştır-mak	قریب کرنا - ایکدوسرے کے قریب کرنا
yak-mak	سلگانا - جلانا - نذر آتش کرنا - تلخ مزہ دینا - لگانا - پھیرنا - ملنا
(abayı yakmak)	عشق میں گرفتار ہونا
yaktır-mak	جلوانا - نذرآتش کرانا
yakut	یاقوت (پتھر)
(lâl yakut)	سرخ یاقوت
Yakut	سائبیریا کی یاقوت نامی عیسائی ترکی قوم
Yakut Türkleri	ترکان یاقوت جو برائے نام عیسائی ہیں
Yakutistan	یاقوت ترکوں کا ملک یاقوتستان (روس میں)
Yakut dili (Yakutça)	یاقوتی ترکی زبان
Yakut Türkçesi	یاقوتی ترکی زبان
Yakutça-Rusça-Türkçe Lûgat	یاقوتی - روسی - ترکی لغت

yalım لو - لپک - پھل (چاقووغیرہ)

yalın لو - لپک (آگ) ننگے - سادہ

yalın ayak ننگے پاؤں

yalın kılıç ننگی تلوار

yalınız/yalnız صرف - اکیلا - تنہا

yallah کھڑے ہو چلو - آؤ چلیں

yalman مائل - جھکاہوا - سیدھا - کھڑا - (- یگر لہجوں میں پہاڑی چوٹی)

yapyalnız تن تنہا

yalnız başına خود - اکیلے ہی

yalnızlık تنہائی

yaltak/yaltakçı (mütebasbıs) خوشامدی-چاپلوسی

yalvaç/yalavaç رسول

(elçi) نبی - رسول

yalvararak گڑگڑا کر

yalvarıcı منتیں کرنیوالا

yalvarma/yalvarış منت سماجت

yalancının mumu yatsıya kadar yanar جھوٹے کی موم تبتی بس عشاء ہی تک جلتی ہے

yalancıktan جھوٹ موٹ - اس لیے ہی

yalanlama (tekzip) تردید - تکذیب

yalanla-mak (tekzibetmek) تردید/تکذیب کرنا

yalan-mak ادھرادھر منہ چلانا - چاٹنا

yalavaç/yalvaç رسول

yalçın برابر ہموار اور کھلا/ ننگا

yaldız پالش - جلاء - سجاوٹ - ظاہری حال - دکھاوٹ سونے/چاندی کے پانی/ تاروں سے سجاوٹ

yaldızla-mak سونے/چاندی کے تاروں/ پانی سے خوبصورت بنانا / سجانا

yaldızlan-mak سجنا - مزین ہونا

yaldızlı مزین - نقرئی/طلائی تاروں سے سجا ہوا

yalı موسم گرما گذارنے کے لئے ساحل پہ بنی ہوئی عمارت - ساحل - کنارا

yalvar-mak گڑگڑانا - منت سماجت کرنا

yalvarıp yakarmak بہت زیادہ گڑگڑانا/ خوشامد کرنا

yama پیوند

yama gibi durmak برا لگنا/معلوم ہونا

yama vurmak پیوند لگانا

yamacı مرمت کرنیوالا - پیوند لگانیوالا

yamaç طرف - بغل - ڈھال - نشیب

yamak اسسٹنٹ - مددگار نوکر - سرحد کی حفاظت پر مامور بینی چری فوجی

yamalak (yarım yamalak) ادھورا - نامکمل - ناقص

yamala-mak پیوند لگانا

yamalan-mak پیوند لگنا

yamalı پیونددار/لگا ہوا

yama-mak پیوند لگانا - سرمنڈھنا

yaman سخت - معرکتہ الاراء - تعجب خیز - قدیم دور میں برا/بد کے معنی میں

(hâlimiz yaman ağam) جناب من ہماری حالت تو خراب/بری ہے

yaman-mak پیوند لگنا - زبردستی دیا جانا

yamat-mak پیوند لگوانا

yamrı yumru ٹیڑھا میڑھا - کٹا پھٹا

yamyam مردم خور (افریقیوں کا ایک گروہ)

yamyamlık مردم خوری

yamyassı بالکل چپٹا/برابر

yan جگہ - نزدیک - جانب - طرف - کنارا - بغل

yana متعلق - جہانتک تعلق ہے

(bir yana) ایک طرف - اس طرف

(bir yana atmak) چھوڑ دینا - ہر طرف کرنا

(bir yana yatmak) ایک طرف کو جھکنا

yandan دوسری طرف سے

(her yanı) اس کے ہر طرف

yanı başında نزدیک - بالکل پہلو/ بغل میں

yanaştır-mak ساحل سے لگادینا دلچسپی پیدا کرنا

yanay (profil) چپٹا خاکہ - یک رخی تصویر

yandık خارمغیلان - ببول کا کانٹا

yangı (iltihap) سوزش اورورم - سوجن اور جلن

yangılan-mak (iltihaplanmak) سوجنا - جلنا - ورم ہونا

yangın آتش زدگی

yangın çıkarmak آگ لگادینا

yangın çıkmak آگ لگنا

yangın kovası آگ بجھانیکی بالٹی

yangın söndürmek آگ بجھانا

yangın var آگ لگ گئی

yanık جلاجلا سا - جلاهوا

yanık kokusu جلنے کی بو

yanıkçı (müşteki) شاکی

yanık-mak شکایت کرنا

yanılma غلطی - لغزش

yanına اس کے قریب/ پاس - اسکی ملازمت میں

yanında اس کے پاس - مقابلے میں

yanında kalmak پاس رکنا/ٹھہرنا

yanında oturmak بغل/قریب میں بیٹھنا

yan hücumu پہلو/دوسری جانب سے حملہ

yan yan پہلو کی طرف

yan yana ساتھ ساتھ - آمنے سامنے - پہلوبہ پہلو

yanak گال - رخسار

(al yanaklı) سرخ گالوں والا

yanar آتش گیر/فشاں

yanardağ (volkan) آتش فشاں پہاڑ

yanaşık لگا/ملاهوا - متصل

yanaşıl-mak قریب ہونا

yanaşma شاگرد - ساحل سے لگنے کے قریب

yanaş-mak دلچسپی لینا - پاس پھٹکنا - قریب آنا - ساحل سے لگنا

yanma جلن - سوزش

yan-mak بے اعتبار ہونا - جلنا - سرخ ہونا افسوس کرنا - نقصان اٹھانا - کھیل سے باہر ہونا

yapak/yapağı موسم بہار میں نکلنے والے بھیڑ کے بال

yapalak (puhu) خوفناک قسم کا الو

yapyalnız صرف اکیلی ذات - تن تنہا

yapı تعمیر - بناوٹ - ساخت - بنیہ - عمارت

yapı taşı عمارتی پتھر

yapıcı مستری/کاریگر

yapısı kuvvetli مضبوط جسم/ بنیہ کا

yapılı تعمیر شدہ - تیار-ساخت کا

yapılma/yapılış طرز تعمیر

yapıl-mak بنایا جانا - کیا جانا-بننا

yapım هاتھ/مشین کا کام

yapım هاتھ/مشین کا بناهوا

yanıl-mak لغزش/غلطی کرنا

yanılsama (galatıhis) فریب نظر - دھوکا

yanıltı (sehiv) سہو - غلطی

yanıltmaca (mugalâta) مغالطہ

yanıltmaç باتیں بنانے والا - الٹ پھیر میں ماهر

yani (demek) یعنی

yankesici پاکٹ مار - جیب تراش - جیب کترا

yankı (aksisada, akis) صدائے بازگشت - عکس - اثر

yankıla-mak انعکاس کرنا

yanlış (hata) خطا - غلط - غلطی

yanlış hesap غلط حساب کتاب

Bağdattan döner بغداد سے بھی واپس آتا ہے

yanlışını çıkarmak غلطیاں نکالنا

yanlışlar غلطیاں/اغلاط

yanlışlık غلطی

yanlışlıkla سہواً - غلطی سے

yapışık چپچپا

yapırgan پھول کی پتی

yapışkan لگنے/چپکنے والا

yapışkanlık چپچپاہٹ

yapış-mak لگنا - لپٹنا - چپکنا- چسپاں ہونا

yapışık kalmak چپکے رہنا-چپک جانا

yapıştır-mak لگانا - چسپاں کرنا رسید کرنا - جمادینا

yapkın مست - نشہ میں

yapma فعل - کام - بناوٹی - جعلی - مت کر

yapmacık نقلی - ظاہری - مصنوعی طور طریقہ

yap-mak کرنا - ادا کرنا - بنانا - درست کرنا

(ders yapmak) سبق یاد کرنا

(elinden geleni yapmak) حسب استطاعت کرنا

(ben bilirim ona yapacağımı) میں اسے مزہ چکھاؤں گا

(ne yapıp yapmalıyız) اس سلسلہ میں کچھ کرنا ضروری ہے - کوئی سبیل نکالنی چاہئے

kış yapmadı سردی نہیں پڑی

(amma da yaptın bey) تونے تو کمال کردیا، کیا یہ ممکن ہے؟

yaparak ادا کرتے ہوئے - کر کے

yaprak ورق - پتی - تہ

yaprak aşısı پیوند/قلم (پودا)

yaprak dökümü پت جھڑ(خزاں)

yapraklan-mak پتی نکلنا

yapraklar اوراق - پتیاں

yapraksız بے پتی/ورق

yaptır-mak بنوانا - کرانا بنانیکی اجازت دینا

yap yap آہستہ آہستہ

yar (yardımcı) مددگار - معاون - گڈھا (ترکی)

yâr معاون - یار - معشوق (فارسی)

yâra دوست/یار کو- یار کی جانب

yara گھاؤ - زخم - پھوڑا

yaraya پھوڑے/زخم کو

yara bere içinde بری طرح مار کھائے ہوئے

Yaradan خالق کائنات

yara açmak زخمی کرنا

yarağ/yarak (alet) قدیم دور میں ہتھیار- آلہ - اوزار (موجودہ معنی: آلہ تناسل)

yarala-mak (yara açmak) زخمی کرنا

yaralan-mak زخمی ہونا

yaralı زخمی - زخم والا

yara-mak فائدہ مند / کارگر ہونا

yaramaz بے فائدہ - شریر - نٹ کھٹ

(ona iyilik yaramaz) اسے نیکی سے بھی عناد ہے - وہ ناشکر گذار ہے

yaramazlık شرارت - ناکارہ پن

yaran یاران (یار دوست)

yaranma فائدہ

yaran mak فائدہ دینا - خوش کرنا

yarar فائدہ منفعت

(işe yarar) کار آمد

yararlan-mak فائدہ اٹھانا

yararlı مفید - کارآمد

yararlık مفید/فائدہ مند(خدمات)

yararlık göstermek فائدہ مند کام کرنا

yarasa چمگادڑ

yaraşır شایان شان - دیدہ زیب - مناسب

yaraş-mak زیب دینا

yaraşmaz نازیبا

yaraştır-mak منسوب کرنا - لائق سمجھنا

yaratan/yaradan خالق - بنانے والا

yaratıcı تخلیقی

yaratıcılık تخلیقی قابلیت/صلاحیت

yaratık (mahlûk) مخلوق

yaratılış خلقت - پیدائش

yaratılıştan خلقی - پیدائشی

yaratıl-mak خلق کیا جانا

yaratılmış پیدا کردہ - خلق شدہ

yarat-mak	پیدا کرنا - خلق کرنا - بنانا
yarbay	لفٹیننٹ کرنل
(albay)	کرنل
yarda	گز (پیمائش)
yardakçı	برے کاموں کا ساتھی
yardakçılık	برے کاموں میں مدد
yardalık	گز کا
yardım	کمک - مدد - معاونت - ذریعہ
yardımda bulunmak (yardım etmek)	مدد کرنا
yardıma koşmak	مدد کو دوڑنا/ پہونچنا
(aynî yardım)	غلہ/سامان کی مدد
(para yardımı)	پیسے سے مدد
(nakdî yardım)	نقدی مدد
(malî yardım)	مالی مدد
yardımcı	مددگار - معاون
yardımcı kuvvetler	مددگار طاقتیں
yardımlaş-mak	آپس میں مدد کرنا
yardımsa-mak	کسی سے مدد کا طالب ہونا
yardır-mak	چروانا - پھڑوانا
yarga	بڑا چوزہ
yargı	حکم - مقدمہ - قضیہ - فیصلہ
yargıç	
yargıerki	قانون سازی کا اختیار
yargıyeri	عدالت - کورٹ
yargıla-mak	سننا - فیصلہ کرنا - مقدمہ چلانا
yargıcı (hakem)	ثالث
yargıç (hâkim)	جج - منصف - مجسٹریٹ
yargıtay (temyiz)	ہائی کورٹ (اپیل)
yarı	آدھا - نصف - نیم
yarı buçuk	بہت کم - غیر اہم (مقدار)
yarı gece (gece yarısı)	آدھی رات
yarı yarıya	آدھا آدھا - نصف نصف

yarıcı	چرنے والا
yarısı	اس کا آدھا
yarıçap (nısıf kutur)	نصف قطر
yarık	چیرا/پھاڑا ہوا
yarıküre	نصف کرہ
yarıla-mak	آدھا کام ختم کرنا
yarıl-mak	پھاڑا/چیرا جانا
yarım	ادھورا - آدھ - نصف - نیم - آدھا
yarımada	جزیرہ نما - نصف - جزیرہ -
yarımaylık	ہر پندرھویں دن
yarım iş	ادھورا کام
yarım saat	آدھ گھنٹا
(saat yarımdır)	ساڑھے بارہ بجے ہیں
yarım-yamalak	ادھورا
yarın	مستقبل - کل (آنے والا)
(bugün-yarın)	آج، کل
yarın'a	کل کیلئے/کل پر
yarını düşünmek	کل کی خبر رکھنا
yarış	مقابلہ
yarış sahası	مقابلے کا میدان
yarışma (müsabaka/ rekabet)	مقابلہ - رقابت
yarış-mak	مقابلہ/رقابت کرنا
yarlığ	فرمان پادشاہی (املا: یارلیغ/یارلغ/ یرلیغ/یرلغ)
yarlıga-mak	مغفرت کرنا
yarlık	یاری - دوستی
yarlık (hasenat)	نیک کام - خیر خیرات
yarma	پھٹا ہوا - چیر پھاڑ
yar-mak	چیرنا - پھاڑنا
yas (matem)	ماتم - غم - گریہ
yas tutmak	غم منانا
yasa (kanun)	قانون/دستور املا: کی شکلیں یاساء یاسہ، یسا
(anayasa)	ام القانون/آئین/دستور
(Türk Anayasası)	ترکی دستور/ آئین ترکیہ

yasak (memnuiyet)	ممنوع - منع - ممانعت - روک
yasak bölge	ممنوعہ علاقہ
yasaktır	منع ہے
(sigara içmek yasaktır)	سگریٹ پینا منع ہے
yasakçı	محافظ - کانسٹیبل (متروک)
yasalı (kanuni)	قانونی - مشروع
yasa-mak	منظم کرنا - قاعدہ/قانون بنانا
yasama yetkisi	قانون سازی کی صلاحیت
yasan (niyet)	نیت
yasavul	سرکاری آداب و رسوم کا ایک افسر - پساول/ پاسا وول (متروک)
yasla-mak	ماتم کرنا - غمگین ہونا
yassı	چپٹا - دھنسا ہوا
Yassıada	یاصی اطہ (چپٹا جزیرہ) استانبول کا مشہور جزیرہ جس میں جلال بایار اور مندرس کی پارٹی کے لوگوں کو نظر بند کر کے مقدمہ چلایا گیا تھا
yassılan-mak (yassılaş-mak/ yassıl-mak)	چپٹا ہونا
yassılat-mak	چپٹا کرنا
yastık	تکیہ (سر)
yastık yüzü/ yastık kılıfı	تکیے کا غلاف
yastık düşmanı	کسی کی بیوی/ میاں
yastıklı	تکیہ دار/والا
yaş	عمر - سن - زمانہ - بھیگا - نمی - تری - تراوٹ - آنسو
yaşı kaç/kaç yaşında?	اسکی عمر کتنی ہے؟
yaş haddi	حد عمر
(akıl yaşta değil, baştadır)	عقل کا تعلق سر سے ہے نہ کہ سال (عمر) سے
yaşlara boğulmak	بہت زیادہ رونا
yaş dökmek (yaş akıtmak)	آنسو بہانا

Padişahım çok yaşa	زندہ باد میرے بادشاہ (عثمانی دور میں مدارس کے بچوں کا نعرہ ملاحظہ ہو : (yaşasın
yaşadıkça	تا زندگی
yaşama	رہائش - طرز زندگی
yaşamaca (kaydı hayatla)	عمربھر کیلئے
yaşa-mak	زندہ رہنا - قیام کرنا عیش کرنا - گذربسر کرنا
yaşar-mak	اشک بار ہونا
yaşasın	زندہ باد
yaşasın İslâm birliği	اتحاد اسلام زندہ باد
yaşasın cumhuriyet	جمہوریت زندہ باد (اتاترک کے دور میں اسکول کے بچوں کا نعرہ)
Yaşasın Türk-Pakistan Dostluğu	ترکی پاکستان دوستی زندہ باد
yaşat-mak	زندہ رکھنا
yaşayış	طرز رہائش-زندگی
yaşıt	ہم عمر
yaşıyan/ yaşayan	زندہ-جان دار
yaşlan-mak	زیادہ عمر کا ہونا
yaşlı	سن رسیدہ - اشکبار - پرنم
yaşlı başlı	تجربہ کار -عمررسیدہ/ سنجیدہ
yaşlılar	سن رسیدہ لوگ
yaşlıca	بہ اعتبار عمر-قدرے معمر
yaşlık	نمی - گیلاہٹ
yaşlılık	بوڑھاپا - ضعیفی
yaş-mak	اوڑھنا - ڈھکنا - چھپانا
yaşmak (çarşaf, ferace)	چادر - برقع - اوڑھنی (املاکی شکلیں : یاشماق/یاشمق، یشمق)
yaşmakla-mak	اوڑھنی/چادر سے چھپانا/ڈھکنا
yaşmaklan-mak	اوڑھنی/دوپٹے سے ڈھکا جانا
yat	مثل ڈھال ایک اوزار
yat	تفریحی کشتی/جہاز
yat	سوجاؤ (صیغہ امر - ترکی)

yatak	چارپائی - گڑھ/مرکز- بستر
yatak odası	سونے کا کمرہ - بڈروم
yatak yapmak	بستر لگانا
yatağa girmek	بستر پہ جانا
(bir yatakta yatmak)	ایک بستر پہ لیٹنا/سونا
yatakhane	وہ کمرا جس میں بہت سے لوگ سوتے ہوں
yataklı	پلنگ/بستر/چادر سے آراستہ
yataklık	پلنگ - چارپائی
yataklık etmek	چپکے چپکے مدد کرنا
yatı	رات بھر کیلئے مہمانی- رات میں قیام
yatık	لیٹا/ گرا ہوا
yatılı mektep	بورڈنگ اسکول
yatır (evliya)	ولی/اولیاء اللہ
yatıl-mak	لٹایا/سلایا جانا
yatırıl-mak	گرا/لٹادیا جانا - سرمایہ لگایا جانا
yatırılan	جمع شدہ - سرمایہ لگاھوا
yatırlan para	جمع شدہ / لگاھوا سرمایہ
yatırım (mevduat)	جمع- سرمایہ کاری
yatır-mak	لٹانا/سلانا - جمع کرنا سرمایہ لگانا
yatış-mak	ماند پڑنا
yatıştırmak	ماند/دھیما کرنا
yatkı	شکن
yatkın	باسی/بیکار - جھکا/ گرا/لیٹا ہوا - ماہر
yatkınlık (meleke)	ملکہ/صلاحیت
yatma	جھکاو - سونے کا طرز
yat-mak	لیٹنا - گرنا - بستر پہ جانا - قیام کرنا - جھکنا - جیل میں بند کیا جانا -
yatıp kalkmak	رات بسر کرنا
(eli yatmak)	ماہر ہونا - باصلاحیت ہونا
yatsı namazı	نماز عشاء
yatuğan	گود میں لیٹنے/رہنے والا- لٹا کر/ران پر رکھکر بچائے جانیوالے بچے

yavan	سادہ - بے مزہ - پھیکا
yavaş	ملائم- دھیما - آھستہ
yavaş yavaş	آھستہ آھستہ
yavaş davranmak	دھیما ہونا - نرمی/ سستی کا مظاہرہ کرنا
yavaşça	آھستہ سے- قدرے آھستہ
yavaşçacık	بہت دھیمے/آھستہ سے
yavaşla-mak	دھیما/آھستہ ہونا - سست رفتار ہونا
yavaşlat-mak	رفتار سست کرنا
yavaşlık	دھیما پن - آھستگی
yave	یاوہ-بکواس
yaver	معاون/مددگار- محافظ اے ڈی سی
yavru	بچہ/بچی - چھوٹا - منا
yavru ağzı	سرخ/گلابی
yavru kuş	چڑیا کا بچہ (جو گھونسلے سے نکل نہ سکے)
yavrum	میرے بچے (پیار سے کہتے ہیں)
yavrusu	.....کا چھوٹا/ بچہ/بچی
yavrucak/ yavrucağız	بیچارہ بچہ/ننھا
yavrucuk	پیارا بچہ/ننھا
yavrula-mak	بچے نکالنا/دینا
yavrulat-mak	بچے نکلوانا
yavrulu	بچے والا
yavşak	جوں (کیڑا) کا بچہ
yavuk	رسم - منگنی - سگائی
yavukla-mak (nişanlamak)	منگنی/سگائی کرنا
yavuklan-mak (nişanlanmak)	منگنی ہونا
yavuklu	منگیتر - بات چیت طے
yavuz	خوفناک - بہت سخت - بد - برا - سخت مزاج
Yavuz (Sultan Selim Han)	پہلا عثمانی ترکی خلیفہ سلطان سلیم خان اول (موسوم بہ یاوز، جو نہایت ہی جری، خوفناک اور غضب کا آدمی تھا)
yavuzluk	کرختگی - سختی - برائی - غضبناکی
yay	کمان - کمانی - اسپرنگ

yay kaşlı	کمان ابرو
yay kirişi	کمان کی ڈور
yaya	پیدل - پیادہ
yayan	جاہل- ناواقف - پا پیادہ - پیدل چلکر - پھیلانے والا - نشر کرنیوالا
yaydır-mak	شائع کرانا - پھیلنے دینا
yaygara	بلاوجہ شوروواویلہ
yaygara koparmak (yaygarayı basmak)	بلاوجہ شور مچانا - قیامت سر پہ اٹھالینا
yaygaracı	بلاوجہ شور مچانے/ چلانے والا
yaygın	زبان‌زد - مشہور عام- پھیلا ہوا
yaygınlık	پھیلاؤ - نفوذ - چرچا
yayık	کھنچا ہوا - چوڑا
yayık yayık	بڑھا چڑھا کر - تضیع اوقات کرکے
yayılma (intişar)	پھیلاؤ- اشاعت
yayıl-mak	پھیلنا - شہرت‌پانا
yayım (neşir)	نشر/اشاعت
yayımla-mak	نشر/شائع کرنا
yayın (neşriyat)	نشریات - مطبوعات
yayınız	تم‌پھیلاؤ - تم‌شہرت‌دو
yayınla-mak (neşretmek)	شائع/نشر کرنا
yayınlan-mak (neşredilmek)	نشر/شائع ہونا
yayınlatıl-mak (neşrettirilmek)	نشر/شائع کیاجانا
yayını yasağı (neşir memnuiyeti)	نشرواشاعت کی ممانعت
yayla	پلیٹو-موسم گرما کی چرا گاہ‌یاموسم گرما میں قیام کرنیکا علاقہ
yaylak	پہاڑی پہ واقع چرا گاہ (خاصکرموسم گرمامیں) اصلایاایلاق/یایلق
yayla-mak	موسم گرما میں اونچے مقام پہ قیام کرنا
yaylı	کمانی/اسپرنگ‌دار
yaymacı	معمولی چیزوں کا میلہ لگانیوالا
yay-mak	پھیلانا - عام کرنا - چرانا (گھاس) - نشر/شائع کرنا

yayvan	پھیلا - ہوا - چوچیلا
yaz	گرما ترکیہ میں : (۲۱ جون تا ۲۳ستمبر)
yaz-mevsimi	موسم گرما/گرمی کا موسم
yazar (muharrir)	مؤلف - صاحب‌تحریر- اخبار/رسالوں میں مضامین لکھنےوالا ایڈیٹر
(baş-yazar)	چیف ایڈیٹر
(gazeteci)	صحافی
yazan	لکھنےوالا - مصنف
yazdır-mak	لکھانا - تحریر کرانا
yazı	رسم‌الخط-تحریر - تحریرشدہ - لکھائی - خط - مضمون - مجازاً قسمت کا لکھا
	ہموار/مسطح زمین
(güzel yazı)	خطاطی - خوشخطی-
yazı çizi	مسودہ - اسکرپٹ
yazı ile	تحریری
yazı işleri	تحریری/ایڈیٹوریل کاکام
yazı kağıdı	لکھنے کا کاغذ
yazı makinası	ٹائپ رائٹر
yazı tahtası	تختۂ سیاہ
yazı tura oynamak	سکے کو اچھالنا - قرعہ ڈالنا
yazıcı (kâtip)	محرر-کاتب- سکریٹری عثمانی فوج میں مددگار سکریٹری
yazıcılık	کلرکی/سکریٹری کا کام تحریری
yazıhane	ادارہ تحریر - دفتر - لکھنے کی میز
yazık	شرمکی بات-گناہ - مذموم بات - قابل رحم/افسوس-
yazık-etmek	دوسرے کو نقصان پہونچانا - خراب کرنا
(çok yazık)	بڑےافسوس‌کی بات‌ہے
yazık sana	تجھےشرم کرنی چاہئے
yazıklar olsun	شرم‌کی‌بات - افسوس کا مقام ہے
yazıklan-mak (teessüfetmek)	افسوس کرنا
yazılar	تحریرات - مضامین - مسودے - علمی/ادبی تالیفات - کتبے
(seçme yazılar)	منتخب مضامین

yazılı درج/تحریر شدہ - لکھا ہوا - تحریروالا - مقدر - نوشت تقدیر

yazılıdır لکھا ہوا ہے

yazılı imtihan تحریری امتحان

(şifahi imtihan) زبانی امتحان

yazılış طرزتحریر - لکھاوٹ - املا

yazıl-mak لکھا جانا - تحریرہونا - نام کا لکھا جانا

(mektup yazıldı) خط لکھا گیا

yazın موسم گرما میں

yazış طرز تحریر - لکھائی

yazış-mak (muhaberetemek) خط و کتابت کرنا - ایکدوسرے کو لکھنا

yazıt (kitabe) کتبہ

(Orhon yazıtları) اورخونی کتبے (قدیم ترین ترکی زبان کے نمونے جو منگولیا میں برآمد ہوئے ہیں)

yazla-mak کسی جگہ موسم گرما گذارنا

yazlı kışlı گرما سرما میں (ہر موسم میں)

yazlık موسم گرما کے متعلق/گرما کا

yazlık elbise گرما کا لباس

yazlık ikametgâh گرما کا قیامگاہ

yazma طرز نوشت - نسخہ - تحریر - املا - نوشتہ - مت تحریر کر - قلمی - ہاتھ کے بنے ہوئے پھول / چھاپے وغیرہ

(el-yazması) مخطوطہ - قلمی نسخہ

yazmacı لحاف/رضائی وغیرہ میں ہاتھ سے پھول بنانیوالا - چھاپہ والا

yazma (tahrir) نوشتہ - خطی - تحریر

yazma kitap قلمی کتاب

yaz-mak لکھنا - درج کرنا - تحریر کرنا - کتاب لکھنا - دلہن کوسجانا - پھیلانا - مجرری کرنا - تحریری طور پر مطلع کرنا

(asker yazmak) سپاہی بھرتی کرنا

yazman (kâtip/sekreter) سکریٹری - محرر - معتمد

(genel yazman/ katibi umumi) معتمد عمومی - جنرل سکریٹری

yedek (ihtiyat) احتیاط - فاضل - زائد - محفوظ - فالتو

yedek akçe محفوظ سرمایہ/فنڈ

yedek çekmek کھینچنا - گھسیٹنا

yedek lâstik فالتو/زائد ٹائر

yedek parçası زائد/فاضل/فالتوپرزہ

yedek subay (ihtiyat zabit) محفوظ/ریزورڈافسر

yedekte محفوظ

yedeklik ہوقت ضرورت کام آنیوالا - زائد

yedi (7, VII) سات - ہفت (۷)

yedide bir ایک بٹے سات

yedi başlı yılan سات سروں والا سانپ - (یعنی خوفناک مرد/عورت)

yedi düvel ہفت دول (ساری مغربی دنیا)

yedi iklim dört bucak ہفت اقلیم میں چاروں طرف - چاردانگ عالم میں

yedisinden yetmişine kadar ہرجوان (ہر شخص) ۷ تا ۷۰ سالہ -

yedinci ساتواں - ہفتم

yedilik ہفت گوشوں والا

yedir-mek (iaşe etmek) کھلانا پلانا - منہ میں ڈالنا

(para yedirmek) پیسہ کھلانا (رشوت دینا)

yedişer ہر ایک کو سات - ایک دفعہ میں سات

yedişer yedişer سات سات کے حساب سے

Ye'cuç-Me'cuç یاجوج ماجوج

yeğ/yey افضل - بہتر - احسن

yeğen بھانجی بھانجا/بھتیجا - بھتیجی

yeğin (şiddetli) طاقتور - شدید - غالب

yeğinlik (şiddet) شدت

yeğlik رجحان

yeise kapılmak ناامیدی/یاس کا شکار ہونا

yekdiğerine karşı ایکدوسرے کے خلاف

yekpare سارا کا سارا - ایک ٹکڑا

yelek صدری - بنڈی - واسکٹ

yelekle-mek تیر کے پچھلے حصے پہ پر لگانا

yeleken (havadar) ہوادار - کشادہ

yelken açmak بادبان کھولنا

yellim yalâlim جلدی جلدی - عجلت میں

yelpaze پنکھا - پنکھی

yelpazele-mek پنکھا جھلنا

yelpazelen-mek پنکھا جھلا جانا

yelpik (astma) دمہ - ضیق النفس

yelten-mek (cüret etmek) جرأت کرنا

yem چارہ - خوراک - مچھلی کا چارہ

yem torbası جانوروں کے منہ پہ بندھا ہوا کپڑا/تھیلا

yem vermek کھلانا - چارہ دینا

yeme کھلائی - کھانے کا طرز

ye-mek (ekl-etmek) کھانا - کھانا کھانا - اڑا دینا (خرچ کرنا) ڈسنا - ڈنک مارنا

yeksan برابر - ہموار - یکساں

yekûn (toplam) ٹوٹل - میزان

top yekûn (ceman-yekûn/ umumî yekûn) کل میزان/ٹوٹل

yekûn çekmek ختم/بند کرنا

yekûn tutmak میزان کرنا - حساب کا صحیح ہونا

yekûn yapmak اضافہ کرنا - بڑھانا

yel (rüzgâr) ہوائیں - باد (چلنے والی)

yel esmek ہواؤں کا چلنا

(yerinde yeller esmek) ہوا ہو جانا

yel tüfeği ہوائی بندوق/ایرگن

yele vermek ہوا میں اڑانا - برباد کرنا

yeldeğirmeni ہوائی چکی

yeldirme ایک قسم کا ہلکا کپڑا جسے ترکی عورتیں پہنتی تھیں

yeldir-mek ادھر ادھر اڑنے دینا

yele ایال - شیر کی گردن کے بال

yemeksizin کھانا کھائے بغیر

Yemen یمن

yemeni ایک قسم کا پھندا جوتا - پھولدار رومال/انگرکھا

Yemenli یمن کا باشندہ - یمنی

yemin قسم - حلف - عہد

yemin etmek قسم کھانا - حلف اٹھانا

yeminli قسم کھائے ہوئے

yeminliyim میں نے قسم کھائی ہے

yemiş (meyva) پھل - میوہ (ازمیر کے علاقے میں انجیر کے معنی میں)

yemiş vermek پھل دینا

yemişçi میوہ/پھل فروش

yemişli پھل دار

yemişlik پھل کا باغ - پھل/میوے کا گودام

yemleme کانٹے میں لگا ہوا چارہ

yemle-mek کانٹے میں چارہ لگانا - چارہ کھلانا - چارہ ڈالنا (دھوکہ کی نیت سے)

yemlik رشوت/چارہ کی جگہ

(başının etini yemek) سر کے گوشت کو کھالینا (بہت پریشان کرنا - سر کھانا)

birbirini yemek ایکدوسرے کو کھانا

kendi kendini yemek اپنے کو کھانا (اندر ہی اندر کڑھنا)

yiyip bitirmek کھا پی کر ہضم کرنا

yemek کھانا (خوراک/طعام)

yemek vermek کھلانا - کھانا دینا - دھوت کرنا

yemek ye-mek کھانا کھانا

yemek ve yatmak کھانا اور رہنا (رہائش و طعام)

yemekte کھانے پہ

yemeğe çıkmak کھانے کیلئے جانا

yemekhane ہوٹل/فیکٹری وغیرہ میں کھانے کا بڑا کمرا

yemekli طعام کے ساتھ - کھانے کا انتظام ہی ہے

yemeklik کھانے کے لئے الگ کیا ہوا - کیا پکانے کے قابل اشیاء

yemeksiz بغیر کھانا

yemyeşil بالکل ہرا/سبز

yen آستین (قمیض وغیرہ)

yenge دلہن کی رہنمائی کرنیوالی عورت - بھابی - ممانی - چچی

yengeç کیکڑا - سرطان

Yengeç-dönencesi خط سرطان

yengi (galebe) غلبہ - جیت - فتح

yeni نیا/نئی - جدید - ماڈرن - نوآموز - نیالیا

(daha yeni) کافی/زیادہ نیا

(en yeni) بالکل نیا

yeni baştan (tekraren) دوبارہ - مکرر

Yeni Dünya (Amerika) نئی دنیا (امریکہ)

yenice قدرے نیا - کافی نیا

yeniden (tecdiden / müceddeten) از سر نو - پھر - مکرر

Yeniçağ دور جدید - موجودہ عہد

Yeniçeri ینی چری - (نئی فوج) اصل بانی اور خان - عیسائی بچوں کو ترکی زبان سکھا کر اور مسلمان بنا کر تربیت دینے کے بعد عثمانی محافظ دستہ میں لئے جانیوالے نوجوان - ترکی اسلا یکی چری - غلطی سے اردو میں جانثاری ہو گیا ہے - قدیم تلفظ (yengi-çerig)

Yeniçerilerin hainliği ینی چریوں کی غداری (عثمانی سلطنت کو انہوں نے بہت نقصانات پہونچائے ہیں)

Yeniçerilerin imhası ۱۸۲۶ء میں ینی چری کا خاتمہ

Yeni Türk dili (Modern Türkçe) جدید ترکی زبان

yenik کترا/کاٹا/کھایا ہوا

yenile-mek (tecdit etmek) دوبارہ کرنا - تازہ/تجدید کرنا

yenileşme تازگی

yenilen-mek تجدید ہونا - دوبارہ کیا جانا

yenileş-mak تازہ دم ہونا - تازگی حاصل کرنا

yenileştir-mek تازہ کرنا - نیا بنا دینا

yenilgi (mağlubiyet) مغلوبیت - ہار

yenilik (tecedd üt) تجدد - نیاپن

yenilikçi (tecedd ütperver) جدت پسند - جدید پسند

yenil-mek مغلوب ہونا - ہارنا

yenir قابل استعمال - کھانے کے لائق

Yenizamanlar (Yeniçağ) عصر/دور جدید

yenli آستین والا

yen-mek قابو پانا - ہرا دینا

yensiz بغیر آستین

yepyeni بالکل نیا

yer (mahal) ارض - جگہ - محل - مقام - زمین - فریضہ - کام - نشان - موقع

yer açılmak جگہ خالی ہونا

yer alan (bulunan/münderiç) مندرج

yer almak درج ہونا - جگہ لینا

yer bulmak نوکری پانا - عہدہ حاصل کرنا

yer depreşmesi (yer sartıntısı/zelzele) بھونچال - زلزلہ

yer edinmek آباد ہونا - سکونت اختیار کرنا

yer-etmek تاثر پیدا کرنا - نشان چھوڑنا

yer tutmak جگہ لینا - خالی جگہ کو پر کرنا

yer yurt مکان - مسکن - ڈومیسائل

yer yüzü روئے زمین - دنیا

yerde kalmak تعریف نہ کی جانا

yere geçmek زمین میں گڑجانا - مارے شرم کے مرجانا

yere vurmak زمین سے ٹکرانا - دھوکا دینا

yeri اسکی جگہ

yeri var اسکا موقع/حق ہے

yerin kulağı var دیوار ہم گوش دارد (معنی: زمین کے بھی کان ہوتے ہیں)

yerinde ٹھیک - موقع پہ/بجا

yerine اسکی جگہ - بجائے

